بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مُجرّباتِ قادری

معہ

فال نامہ قادری

مصنفہ جناب حکیم پیر عبدالقادر صاحب قادری چشتی صابری

شیراز نوری بک ڈپو نئی دہلی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

دنیا بھر میں عملیات و تعویذات و وظائف کی مجرب المجرب
مفید ترین و نایاب کتاب
یعنی

مجرباتِ قادری

معہ

فال نامہ قادری

مصنفہ

فاضلِ اجل عالمِ باعمل کامل و اکمل ماہرِ جزو کل حضور پر نور
جناب حکیم پیر عبدالقادر صاحب قادری چشتی صابری نقشبندی پسروری

ہر قسم کی بارعایت کتابیں منگانیکا پتہ۔

شیراز نوری بک ڈپو نئی دہلی

عرض حال

الحمد للہ رب العلمین و العاقبۃ للمتقین المجیب الدعوات و الصلوٰۃ و السلام الطیبات علی سید الکائنات و سیلۃ النجات مفخر موجودات محمد صلی اللہ علیہ وسلم اصحابہ اجمعین و ذریات الطاہرین برحمتک یا ارحم الراحمین۔ واضح ہو کہ یہ کتاب ہمارے اباؤ اجداد کے کتب خانہ میں بزبان فارسی مرقوم تھی من ہیچمدان نے اس خیال کو مدنظر رکھتے ہوئے کہ آجکل اس زبان فارسی سے عوام الناس ناآشنا ہیں اگر کوئی کتاب فارسی زبان کی نظر آجائے تو اس کو پس پشت ڈال دیتے ہیں کیونکہ عربی و فارسی بے بہرہ ہیں اور اس کے فوائد سے بہرہ اندوز نہیں ہوسکتے بلکہ کئی لوگ اس پر عمل نہ کرسکنے کی وجہ سے افسوس کرتے ہیں بلکہ عامل لوگ بھی آجکل ایسے علوم سے خالی ہیں ایسی ایسی باتوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے اسی فارسی نسخہ کو اردو زبان میں ترجمہ کردیا تاکہ عامل لوگ اس سے فائدہ اٹھاویں اور اس حقیر کو دعائے خیر سے یاد فرماویں اگر کوئی غلطی رہ گئی ہو تو اسکو درست کرلیں۔ اس کتاب میں بہت عملیات ازمائے جو کہ درست پائے ہیں یہ ایک ذخیرہ عملیات ہے اگر کسی عمل کو سمجھ نہ آوے تو اس ہیچمدان سے ملاقات کرکے بہرہ اندوز ہوں کوئی ایک عمل بغیر اجازت کے پورے نہیں ہوسکتے۔ اون کے لئے اجازت لینی درکار ہے صاحب عمل اس احقر کو ملکر اجازت لیکر پھر عمل شروع کرے تو اغلب ہے کہ وہ ضرور کامیاب ہونگے اور اپنی دلی مراد کو حاصل کریں گے وما علینا الا البلاغ۔

شیراز نوری بک ڈپو نئی دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

تمہید

لیکن پیچھے اس کے احقر العباد دنیا آور بندہ حکیم عبدالقادر بن حکیم نجم الدین
امید رکھتا ہے۔ کہ چند تراکیب ایک صفحات سے ان چند اوراق بر تحریر
کرتا ہے یہ سب صفتیں ثابت ہوئی ہیں جو کہ تحریر کرتا ہوں کہ ہر ایک شخص کے
مرضی مخصوص ہے اپنی مرضی پر اسکو منظم کرتا ہوں اسلئے۔ کہ حاجت کیوقت کام آوے
یہ رسالہ مختصر مشتمل ہے مقدمہ فصول و ابواب پر۔

مقدمہ۔ ہلیلہ خوردنی کے فوائد میں اور اسکے کہانے کی ترکیب میں۔ جوکہ
سال کے فصلوں کے مطابق ہے اس کو جیٹھ اور ہاڑ میں منقہ کے ساتھ کھانا چاہیئے اور
ساون و بہادوں میں نمک سنگ کے ساتھ اور کنوار کاتک میں نبات یعنی مصری کیساتھ
اور اگن و پوس میں سونٹھ کے ساتھ اور ماگھ و پھاگن میں فلفل دراز یعنی پیپل کے ساتھ
اور چیت و بساکھ میں شہد کے ساتھ لیکن نبات و زنجبیل و شہد ہمچند ہلیلہ کے
چاہیئے اور نمک بقدر مزہ اور فلفل دراز میں کافی ہیں جو شخص اس ترکیب سے ہلیلہ کو
کھائیگا بہت نفع مشاہدہ میں لائیگا۔ لیکن مداومت نہیں کرنی چاہیئے۔ کیونکہ ہلیلہ
جات کی مداومت معدہ کو ضعف دیتی ہے۔

فصل مہینوں کے ناموں میں جوکہ عربی فارسی ہندی زبان میں لکھا جاتا ہے، حمل عربی نام
ہے۔ فارسی میں فروردی کہتے ہیں اور ہندی میں میکھ و بساکھ کہتے ہیں ثور عربی ہے
فارسی میں اردی بہشت ہندی برکھ و جیٹھ جوزا عربی فارسی خورداد اور ہندی
متھن و اساڑھ سرطان عربی فارسی تیر ہندی کرک ساون اسد عربی مرداد
فارسی ہندی میں سنگھ و بہادوں سنبلہ عربی ہے فارسی میں شہریور اور ہندی
میں کنیا و اسوج میزان عربی فارسی مہر ہندی تل و کاتک۔ عقرب عربی
ہے فارسی میں آبان ہندی برسچک و مگھر ہے قوس عربی ہے فارسی آذر ہندی

دہن وبوہ ہے جدی عربی ہے فارسی ہندی مکر وماگھ ہے ذکر عربی ہے۔ فارسی میں بہمن ہندی کنبہ سہاگی ہے حوت عربی ہے فارسی میں اسفندیار ہندی بین جیٹھ ہے۔ **فائدہ** صاف کرنے اور کشتہ کرنے دہات میں لیکن صاف کرنیکا طریقہ یہ ہے کہ پہلے روغن کنجد گرم کریں اور دھات کو گلاکر یا گرم کر کے اوس میں سرد کریں اسیطرح تین بار کریں پھر حجرات میں بدستور سرد کریں مگر چاہئے کہ گلی برتن میں پانی ڈالکر اوس میں بجھاویں اور اس برتن کو گرم رکھنا چاہئے اور اوسپر مٹی کا ہی ڈھکنا رکھا جاوے اور ڈھکنا کے درمیان سوراخ رکھا جاوے تاکہ جب کسی چیز کو گلاویں یا گرم کریں تو اوس سوراخ کے ذریعہ روغن میں ڈالکر ٹھنڈا کیا جاوے اس سے یہ فائدہ ہے کہ دھات جنبش نہیں کر سکتی اور انسان کے بدن کو نہیں جلاتی اسلئے احتیاط ضروری ہے ورنہ ضرورت نہیں اور ڈھکنے کے بھی ضرورت نہیں ہے مقصود سرد کرنے دھات کا ہے۔ لیکن جو چیز گلنے والی نہیں ہے مثلاً لوہا یا تانبہ وغیرہ چاہئے کہ اول قسم کے ہیویں اوس کے پترے بنالیویں اور پترول کو گرم کرکے اوس مائعات میں ڈبودیں تاکہ سرد ہوجاوے مگر کشتہ کرنیکا طریقہ یہ ہے کہ دہات کو بطریقہ مذکور صاف کریں پھر بھنگ یا املی یا دودھی جوکہ ایک مشہور بوٹی ہے اس میں دہات کو رکھیں جیسے کہ عام مشہور ہے اس پرپات لپیٹیں اور بوٹی تین حصہ زیادہ لیویں اور چقر میں جو کہ تین بالشت کے برابر ہو رکھیں اور اوس کے نیچے اوپر جنگلی گوبے رکھکر آگ دیں چار پہر تک جب سرد ہوجاوے تو خاکستر کو ہٹاکر جو چیز رکھی ہے اوس کو اوٹھالیویں اگر قلعی رکھی ہو تو اوس قلعی شگفتہ کو احتیاط سے اوٹھا لیویں۔ ہر ایک دھات کو اسیطرح صاف کریں۔

کشتہ سیماب۔ کشتہ سیماب دو دام سیماب لاویں تین چار گھڑی کپڑے میں صاف کریں اور تلسی کے پانی میں گلی برتن انگلی سے ملیں تاکہ سیماب دانہ دانہ ہوجاوے پھر ایک بڑا چمگادڑ لیویں اور اوسکے ذکر دہاگہ سے باندھ لیویں اور سات بار اس افسون کو اوسپر پڑھکر حلق میں ڈالدیں افسون یہ ہے پھر اوس کے منہ کو سی دیں تاکہ سیماب باہر نہ گرے پھر اوسکو گل حکمت کریں اور سورج یعنی دھوپ

میں خشک کریں جب خشک ہو جاوے تو مٹی کے برتن یعنی دیگ گلی میں رکھکر سرپوش
رکھکر ڈھانک دیں اور گرد اوس کا محکم کریں گلحکمت سے اور گز گز کے چکہ میں پاچکیٹی
رکھکر جلاویں تاکہ اوسپر جو گدڑ کے ہڈیاں جلکر خاکستر ہو جاویں اور یہ پانچ روز میں ہوگا
جب آگ کم ہو جاوے تو پھر آگ دیویں تاکہ گوشت و ہڈیاں خاکستر ہو جاویں پس سرد ہونے
بعد دیگ سے نکالیں مٹی وغیرہ دور کر کے خاکستر کو محفوظ جگہ پر رکھیں اور مس کو گلاکر
قدرے اس اکسیر سے اوسپر ڈالیں طلا ہوگی. اگر قلعی پر ڈالیں تو شاید ہی کچھ بن جاوے

گندہک کو صاف کرنا. گلی برتن میں دودھ ڈالیں اور اوس کے مُنہ پر ململ کی ٹاکی
اوسکے مُنہ پر باندہیں اور اوسپر گندہک رکھیں اور گرداگرد اوسکے ایک دیوار کو انگشت کے
مقدار بنا دے. آٹا یا مٹی سے اور اوس دیوار پر توا رکھیں اور اوس توا پر آگ جلاویں
ایک گھڑی تک اوپر رکھیں تو تمام گندہک گل کر کپڑے سے دودھ کے اندر گر جاوے گی
اور اوس کو لیکر عمل میں لاویں. حکیموں نے لکھا ہے. کہ گندھک کو صاف کئے بغیر
نہ برتیں

کشتہ شنگرف. بہت بھوک لاتا ہے جو کہ سے چند سابقہ زیادہ ہوگی اور
قوت باہ میں مجرب ہے. شنگرف قسم اوّل جسکو ہنس پاک کہتے ہیں دو تولہ کی ایک ڈلی لیویں
اور بیش سفید جو کہ زہر ہے نباتات کی قسم سے ہے پاؤ سیر لیویں اور باریک کریں
اور زہر بین کند کو لیں اور اوس کا پانی لیویں اور اس بیش کے پانی سے مسحوق کو گوندیں
اور شنگرف کو اوس میں رکھکر غلولہ کریں اور سات بار اوسپر کپڑا لپیٹیں اور خمیرے آٹے
میں اوسکو رکھیں پھر اسکے بعد روغن معصفر کہ ہندی میں اوسکو ڈرا کہتے ہیں
سیر لاویں اور مسی دیگ میں رکھکر غلولہ کو اوسمیں رکھیں اور سرپوش دیکر محکم سربستہ
کریں اور ایک پتر اوسکے سرپر رکھیں پس اوسکے نیچے آگ جلاویں چوبی ایک پہر
کے بعد جو ڑہ آگ کا تیز کریں تاکہ تین پہر گذر جاویں اور اوس کے بخارات باہر نکلنے
دیں دیگ سے بہت شور باہر آویگا اوس کا دسواسن کریں اور چار پہر کے بعد نیچے اوتار
لیں. تو روغن غلیظ ہو کر باقی رہجائیگا اوس سے شنگرف کو باہر نکال لیں گے.

اس سے ایک برنج شنگرف پان کے ہمراہ کھاویں تو کافی بھوک لائیگا اور رفع قبض بھی کریگا اور کوئی تکلیف نہ دیگا۔ باہ کو قوت دیگا اور جسم کو فربہ اور قوت والا بنائیگا۔ اگر ایک ہفتہ کھاویں تو ایک سال تک اثر رہے گا اور جو روغن کہ باقی رہا ہے وہ بھی اشتہا کے واسطے اور امراض مزمنہ کے واسطے مجرب ہے تھوڑا سا پان کے ہمراہ کھانا چاہیئے۔

کشتہ شنگرف دیگر۔ اگرچہ مذکورہ بالا شنگرف میں ذکر نہیں کیا گیا۔ لیکن پھر بھی نافع ہے اور آسان سے کشتہ ہوتا ہے شنگرف خام ساڑھے چھ ماشہ اور شب یمانی سفید آدھ دام کو باریک کرکے آدھا نیچے اور آدھی اوپر کوزہ میں منہ بند کرکے ایک دو لیپ گل حکمت کرکے پانچ سیر اوپلہ کے آگ دیویں بعد سرد ہونے کے نکال لیویں اور ایک چاول بتاشہ کے ہمراہ یا جلیبی کے ہمراہ مریض کو دیویں یہ سرفہ بلغمی وضیق النفس اور تمام امراض بادہ اور بلغمی کو مفید ہے۔

کشتہ ہڑتال طبقی مذکورہ بالا طریق اور وزن سے ہڑتال کو سفید کریں اور کام میں لاویں ہڑتال ایک دام شب یمانی آٹھ دام کم و بیش کرنا برائے طبیب ہے ہاں گل حکمت بہت محکم کریں ورنہ پھٹ جائیگا۔

شنگرف کا سیماب نکالنے میں شنگرف کو لیموں کے رس میں چار پہر تک کھرل کریں بعدہٗ اگر شنگرف تھوڑا ہو تو اوسکی لمبی گولی بناویں اور شیشہ معمولی الحکمت میں رکھکر جیسا کہ کاسہ میں چڑھا دیا جاتا ہے پانی سے چڑھا دیں اور اگر شنگرف زیادہ ہو تو چھوٹی روٹی یعنی ٹکی بنا کر کسے مٹی برتن میں رکھیں مگر اوس مٹکہ کو گوبر و مٹی سے گل حکمت کر دینا چاہیئے بعد اوس پر دوسرا مٹکہ الٹا کر رکھیں چنانچہ دونوں کے منہ آپس میں خوب پیوند ہوں اور پارچہ مٹی یا دوسری چیز سے لتھیڑ کر گل حکمت کردیں تاکہ منہ اچھی طرح بند ہو جاوے پھر اوس کو دیگدان پر رکھیں اور چار پہر تک اوسکے نیچے آگ جلاویں جیسے کہ کھانا پکانیکے واسطے جلائی جاتی ہے اور اس وقت بالائی مٹکہ پر چہار تہ کپڑا تر کرکے بھگو کر مٹکہ پر رکھیں جب خشک ہو جاوے پھر تر کردیں

تاکہ سیماب نہ جلے اس میں یہ فائدہ ہوگا۔ کہ سیماب ہوا نہ ہوگا اور چار پہر کے بعد نیچے اوتار دیں تاکہ سرد ہو جاوے سرد ہونے پر منہ کھولیں اور اوپر والے مٹکے میں جو سیماب لگا ہوا ہوگا اور جو نیچے والے میں ہوگا سب لے لیں اور دوا کے کام میں لاویں۔

سیماب ابرک۔ طلق یعنی ابرک سے سیماب نکالنے میں ایک چھوٹی جھجھری مٹی کی لیویں اور پانی سے پر کریں اور اسکو دیگ گلی میں رکھیں اور سینچہ کے منہ پر ایک کپڑا باندھیں اور اس کپڑے پر برگ کو نرم بچھاویں اور ان برگوں پر ابرک رکھیں اور اوپر برگ کو نرم رکھیں۔ پس اس کو دوسری بار دیگدان پر رکھیں اور آگ دیں تمام سیماب پانی میں ٹپک جائیگا۔

پھیری۔ فائدہ۔ بیچ بنانے پھیری کی کہ معمول اطبائے ہند کا ہے۔ کہ جو تلقین و نضج اور ورم میں بہت فائدہ دیتا ہے۔ برنج چار دام لیکر کوٹیں جیسا کہ فرنی کے واسطے بناتے ہیں اور ایک سیر دہی لیکر پکا دیں تاکہ فرنی کی طرح تیار ہو جاوے۔ اگر چاول کی جگہ آرد جو ملا دیویں۔ تو بھی فائدہ ہوگا۔

ست لوبان کے کھینچنے کا یعنی عود جو کہ جلاتے ہیں نیمکوب کریں بعد ایک گلی لیکر لوبان کو اوس میں مسطح کریں نیچے اوپر اور اوسپر سرپوش گلی دیکر آٹا یا مٹی سے اوس کا منہ خوب بند کریں اور دیگدان پر رکھیں اور اوسکے نیچے چراغ جلا دیں اور یہ چراغ ایسا ہو کہ اوس میں ایک پاؤ تیل آجائے اور اس میں بتی اس قدر ہو کہ تمام رات میں وہ تیل ختم ہو جاوے باقی نہ بچے اور دیگچے کے نیچے رکھدیں مگر دیگچہ اور فتیلہ کے درمیان اڑھائی انگشت کا فرق ہو اور تمام رات جلتا رہے صبح اسکو کھولیں عود متصعد شدہ دیگچہ اور سرپوش کے اردگرد لگا ہوگا اوس کو اوتار کر محفوظ رکھیں اور یہ سستی اور کثرت کے واسطے آ بجا ہے۔ ایک ماشہ پان میں کھا دیں بشرطیکہ سردی کے دن ہوں اور مریض سرد مزاج ہو اور دست پا پر بھی ملیں اگر گرم مزاج ہو تو اسکو کھانا نہ چاہیئے صرف مالش ہی کافی ہے۔

روغن لوبان۔ دیگر طریقہ روغن بنانے کا جو کہ جرب کے واسطے نافع ہے۔ لوبان نیمکوفتہ لیکر دیگ گلی یا دیگچہ گلی میں رکھکر اوس کا منہ گل حکمت سے بند کریں اور اوسکے پہلو میں سوراخ کریں اور سوراخ میں ایک نے رکھیں اور اس کے نیچے آگ جلادیں اور نے کے نیچے آگ جلادیں اور نے کے نیچے چینی کا برتن رکھیں تاکہ عرق کے مانند روغن ٹپکے پھر کام میں لاویں جرب کے ملیں اور گرم پانی سے دھو ڈالیں۔

روغن لونگ۔ اسی طریق سے لونگ کا تیل بھی نکالا جاتا ہے۔ لیکن قرنفل کے ساتھ چند دانہ مغز بادام بھی رکھیں نیمکوفتہ ساڑھے چار تولہ قرنفل ہو اور جو وہ باہر آویگا بشرطیکہ احتیاط اچھی طرح ہو۔

دیگر۔ یہ طریقہ ہے کہ معہود طریقہ سے لوبان کو دیگ میں ڈالیں اور دیگ کے کانسی کی تھالی رکھیں تھالی میں پانی ڈالیں اور گرداگرد دیگچہ کا منہ ماش کے آٹا سے بند کر دیں اور ایک پہر تک نیچے اوسکے آگ جلاویں پس جو دہن کہ تھالی کے نیچے لگا ہوگا لے لیں مجرب ہے عمل میں لاویں سستی قضیب کے واسطے مالش کرنا اور کھانا بھی مفید ہے سستی دور ہو کر باہ پیدا ہوتی ہے۔

روغن پلاس۔ پاپڑہ کا روغن بناتے ہیں۔ یہ وہ روغن ہے جو کہ علاج میں کام آتا ہے پلاس پاپڑہ جسقدر بھی ہو لیکر پانی میں تر کریں اور اوس کا چھلکا دور کریں اور مغز کو خشک کریں اور ایک برتن مٹی کا لیکر اوسکے درمیان چھید کریں اور اوسکے نیچے ایک برتن مٹی کا رکھیں یعنی پتال جنتر کے طریقہ سے اور مغز کو اوس دیگ مٹی میں ڈالیں منہ اوس کا بند کرکے برتن کو مٹی کا لیپ کرکے خشک کرلیں اسیطرح زمین لیپ کریں جب خشک ہوجاوے تو نیم مربعہ گز زمین میں چبوترہ کر اوسکے درمیان چھوٹا چبوترہ بنا کر اوسپر پیالہ رکھیں پانی سے بھر کر پھر اوسکے گرداگرد پاچک دشتی بھر دیں پھر آگ لگا دیں جب سرد ہو جاوے تو احتیاط سے اوٹھا کر اور نیچے والے پیالہ کو جدا کریں تمام روغن اوس میں جمع ہوگا وہ لیکر قضیب پر خوب مالش کریں۔

کشتہ مس سفید۔ طریق سفید جو کہ کاغذ کی طرح ہو۔ درخت انکول کا چھلکا لاویں اور خشک کریں اور اوسکی جڑیں زمین سے نکال لیویں اور اوس میں سے سوراخ کرکے تھوڑا خشک شدہ چھلکہ ڈالدیں اور اوس پر فلوس یا اوسکے ورق رکھیں اور اوسپر دوسرا چھلکا خشک شدہ کا ڈالیں اور گل حکمت کریں اور پٹک یعنی مینگنی کی آگ گج بیت پر دیں تو تمام مس شگفتہ ہوگا محفوظ رکھیں ہر مرض کیواسطے پان میں دیں اور یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ انکول کا درخت بڑا ہو یہ دو قسم کا ہوتا ہے ایک خاردار دوسرا بغیر خار کے مگر یہاں خاردار مطلوب ہے۔ اول مس کو پاک صاف کریں یعنی قلعی کی طرح صاف کریں یعنی گلا کر تین دفعہ دہی میں تین دفعہ تیل میں سرد کریں اگر تانبہ جلدی نہ گلے تو قدرے سم الفار یا رہرا ملا دیں تاکہ جلدی گل جاوے۔

سیماب قائم لمزودن۔ سیماب کے قائم کرنیمیں۔ روغن سرہنگہ و سیماب برابر وزن لیکر دونوں کو حلکریں اور بوتہ گلی میں داخل کریں اور پھر آہنی بوتہ لیکر اوسکو نمک سے بھر دیں اور اوس کے درمیان وہ گلی بوتہ رکھیں اسپر سرپوش آہنی دیں مگر سرپوش پر بھی نمک بھر دیں تاکہ سب نمک میں چھپ جاوے پس چھ پہر پاکی آگ دیویں اور کام میں لاویں۔

روغن سرہنگہ کے طریقہ یہ ہے کہ سرہنگہ کو برگ و بیج لیکر شیشہ میں ڈالیں اور شیشہ خوب بھر و لیپ کریں اور ڈول جنتر کے طریق پر اوس کا تیل لیویں۔

سوختن دندان فیل۔ دندان فیل کا سفید برادہ کریں اور کچے کوزہ گلی میں ڈالیں اور تین دفعہ سبوئے کو گل حکمت کریں اور گز بھر کے جغر میں رکھ کر پانچ سیر اپلوں سے جلا دیں۔

ترکیب شمس۔ شنگرف ایکتولہ کی ڈلی لیں اور ایکتولہ ہرتال طبقی۔ پس ہرتال سے ایکماشہ کو لیموں کے پانی میں کھرل کرکے شنگرف پر لیپ کرکے دھوپ میں خشک کریں اور ایک بیضہ مرغ نات یعنی ناکیاں سیاہ لیکر اوسکی سفیدی نکالکر اوسمیں شنگرف رکھکر کپڑا چسپاں لگا دیں تاکہ شنگرف اوسمیں لت پت ہو جاوے پس دوسرا انڈا لیکر اوسپر ڈالدیں تاکہ سرپوش بن جاوے۔ اگر دوسرا بیضہ مرغ نات کا ہو تو بہت بہتر ہے اوسکی زردی بھی اوسمیں داخل کرکے ملا دیں اور تین لیپ کرکے خشک کریں اور تین عدد پانچ سیر شتی لاکر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرکے

اسمیں وہ بیضہ رکھکر آگ دیویں اور چار گھڑی کے بعد نکالکر پھر اور ایک ماشہ ہڑتال لے کر
لیموں میں کھرل کر کے اوسیطرح شنگرف اوسی پر لیپ کر کے دوسرے انڈا میں کہیں اور
آگ دیویں اسیطرح بارہ آگ دیویں پھر بغیر ہڑتال کے اوسیطرح آگ دیتے رہیں
حتےٰ کہ یکصد و بست آگ ہو جاوے یہ خیال رہے کہ آگ دیتے ہوئے بیضہ میں سے بدبو
آتی ہے۔ جبتک اوسکی بدبو ختم نہ ہو آگ سے نہ نکالیں اور آگ یوں دیں کہ بیضہ کو
زمین میں رکھکر اوسکے گرد اگرد پانچ سیر کشتی ہو تا کہ انڈا کو آگ نہ لگے اگر نیچے آگ ہوگی
تو انڈا جل جائیگا اور محنت بیکار جائیگی پھر ایک رتی ایکتولہ چاندی پر طرح کریں سونا
تیار ہو گا

سیماب کے کھانیکی ترکیب جو کہ شکم میں نہیں رہتا اس کا فائدہ ہر ایک جانتا ہے
سیماب لیکر جسقدر کہ کھانا ہو کاغذ یا پان کے پتہ کے ہمراہ کھاویں اور یہ افسون تین
بار پڑھکر اوسپر دم کریں اور یہ بار اول و آخر درود ملاویں پھر اوسکو کھاویں چاہیئے کہ
پہلے چاول پکا کر جغرات سے کھاویں اور روغن یا گھی کھاویں اوسیوقت ساتھ ہی سیماب
کھاویں جیسا کہ بتایا گیا ہے اور سیماب کھانیکے بعد تھوڑی دیر چلیں پھریں تا کہ سیماب
نیچے اتر جاوے اور دوسرے روز اسیطرح سیماب کھانا چاہیئے جس طرح کہ کہا گیا ہے۔ اور
اوسکا فائدہ سات روز کے بعد ظہور میں آئے گا چاہیئے کہ ۲ ماشہ سے شروع کریں جس
موافق طبع ہوگا جسقدر مطلوب ہو کھاویں۔ لیکن سردیوں میں کھانا چاہیئے گرمیوں میں
نہیں جسکی طبیعت سرد اور مرطوب ہو اوس کو فائدہ دیگا مزاج گرم والیکو مضر ہو گا اور
چاولوں کو دکھ دیگا۔ جانو کہ سیماب تین روز شکم میں رہتا ہے بعدہٗ پیخانہ میں سے نکلتا ہے
چاہیئے کہ سیماب قسم اول ہو اور کھانے سے پہلے مسکہ یا روغن بہت کھایا ہوا ہو تا کہ
نقصان نہ کرے اور ترش و بادانگیز چیز دل سے پرہیز کریں۔

نمک کے نکالنے میں۔ مولی و چقندر و غیرہا نباتات کہ نمک نکالنے میں ہر نباتات کو
لیکر خشک کر کے جلا لیں اور راکھ کو کپڑا میں باندھکر لٹکا دیں اور پانی ڈالیں اور نیچے ایک
برتن رکھیں تا کہ جو پانی گرے اوسمیں پڑتا جاوے جب ختم ہو پھر وہی پانی اوس میں

والدین پھر دیکھیں کہ دیکھیں کوئی اثر باقی تو نہیں رہا بس اسکو کسی قلعی والے برتن میں جلا لیں تو نمک بن جائیگا کام میں لاویں اسبطریقہ سے ہر ایک کھار نکالی جاتی ہے اور ہر کھار ہر مرض کے واسطے مفید ہے۔

کشتہ ہڑتال طبقی جوکہ بیماری سوداوی اور قوت معدہ وہاضمہ ودرد معدہ واقع ریح کو مجرب ہے سرمائی میں ہماشہ میں کھاویں اگر بارد مزاج کو گرمیوں میں دی جاوے تو کوئی مضائقہ نہیں درخت ببلہ کی جڑ لاویں جو کوب کر کے آدھی اور دس سوراخ میں چار تولہ کیتر الاویں اور ۸ ماشہ سوداخ میں رکھکر اوسپر ہڑتال طبقی ۲ ماشہ رکھیں اور آٹا کا کپڑا اوپر رکھیں اور دس عدد الاچی واذ اور بارہ دانہ مونگ دونوں کو جو کوب کر کے رکھیں اور باقی سوراخ کیلہ کے برادہ سے بھر دیں اور چھ بار گل حکمت کریں پھر گل ملتانی سے لیپ کر کے خشک کر لیں اور پھر بھوجنہ کی بھٹی میں اینٹ پر رکھیں اور ۸ دن رات کے بعد نکالیں اور ہڑتال اور دوسری کو نکال لیں اور کام میں لاویں ایک چاول خوراک ہے دوسری دوائی سنگ برنج کافی ہے۔

کشتہ قلعی۔ قلعی خاص ۳ ماشہ سیماب ۲ ماشہ قلعی کا پترہ کر کے اوسپر پارہ ملیں اور سوت خالص بیکر اوسکے دو لوتہ بناویں ایک میں قلعی کو رکھکر دوسرا اوپر دیکر لبھائے بند کریں اور ایکدوپا چکد شتی میں رکھکر آگ دیں تاکہ مردہ جل جاوے پھر نکال کر دانہ الاچی کلاں کے ہمراہ تھوڑا تھوڑا دیویں سوزاک جاتا رہے گا۔ دوسری مرضوں کے لئے بھی مفید ہے۔

دیگر۔ خاکستر بر پوست ارجنہ و خاکستر بانسہ سرخ مساوی لیں اور اس تھوڑا لیکر شیرہ کنوار میں چار پہر کھرل کریں اور لیپ کر کے بطریق مذکور گج پٹ آگ دیویں دس آگ دیویں ہر بار خاکستر کو کنوار میں کھرل کر کے لیپ کر کے آگ دیویں گج پٹ وہ ہے کہ مقداراً طولاً و عرضاً ایک گز ہو اوس کے بعد دیکھیں کہ جو ریزہ باقی ہو وہ پھر دوبارہ رکھیں تاکہ تمام کشتہ ہو جاوے۔

کشتہ قمر۔ کشتن قمر یوں نقرہ ۲ تولہ سیماب تولہ شیر درخت برگھر ۲ تولہ سیاہ گچ

بوتہ میں رکھکر شیشہ کو اوپر ڈالیں اور زیر بوتہ چراغ فتیلہ چار والہ جلاویں روغن کنجد کے
ساتھ دو پہر تک اوپر بوتہ سرپوش آہنی ہو اور فتیلہ تین انگل نیچے بوتہ کے ہونا چاہیے

قلعی۔ کشتہ قلعی برگ بھنگ میں تہ بہ تہ رکھکر جلا دیں کشتہ برآمد ہوگا۔ اگر بجائے
بھنگ کے پوست درخت املی کو کوٹ کر رکھیں تو اس کا اثر بہت ہوگا۔ اگر قلعی کو آہنی برتن
یا کڑاہی میں رکھکر گلاویں اور تھوڑی تھوڑی کھانڈ اوسپر ڈالتے اور ہلاتے رہیں تو بھی کشتہ
ہوگی اگر دودھی کے پانی میں جلاویں تو بھی کشتہ ہوگی۔

ابرک کشتہ ابرک. طلق یعنی ابرک ایکدام لیکر اوسکے ورق بناویں اور ایک دام نمک
سیاہ اور ایکدام قلمی شورہ اوس میں ملاکر حل کریں اگر ضرورت ہو تو پانی قطرہ بھر ڈالدیں
پس اسکے چار حصہ کریں اور ایک حصہ کو لیکر چار عدد پاچک دشتی میں داک کرکے
چاروں چاپ میں رکھیں اور دوسری پاچک اوسپر رکھکر ایک ہاتھ زمین میں حفر نکالکر
اوسمیں پاچک دشتی بھر کر چاروں پاچک جن میں دوا ہے رکھکر اور پاچک دیکر آگ دیں اور
چار پہر رہنے دیں جب سرد ہو نکالکر ایک دام قند سیاہ و شورہ دیگر ملاکر ابرک پر لیپ کریں اور
طریقہ مذکورہ سے آگ دیں سہ چار بار تجدید قند و شورہ سے کریں تو ابرک سفید ہوگا اوسکو لیکر
دو رتی ہر مرض کیواسطے مناسب طریقہ یعنی بدرقہ سے دیں۔

تیزاب۔ ترکیب تیزاب یا بت موتی دام شورہ قلمی چار دام گوگرد آملہ سار نمک سنگ نمک شور
گوگرد چھا چھ سنبل سفید تنکار زرگری نمک سیاہ نمک سانبھر لوٹا سجی پھٹکری آب مقطر چونہ پانی
یک قدم نیمہ کسیس چہار دام نوشادر جو کہار توتیائے سبز گچ پول پارہ کہار عرق نعناع ہر یک
چہار دام سب کو کوٹ کر عرق اور آب چونہ میں ملاکر بطریق معمول ٹپکا دیں یہ بہت ہی
عجیب تحفہ ہے۔

ترکیب گھی سیماب

گھی کرنا سیماب و گندھک دونوں کو تین روز تک کھرل کریں۔

شورہ۔ ترکیب شورہ جو کہ بالوں کو مونڈتا ہے چونہ آب نادیدہ چار درم
ہڑتال سادہ یک درم ہر ایک الگ الگ کھرل کریں سرمہ کی طرح ہو جاوے تو استعمال

کریں۔ کہتے ہیں کہ نشاط لاتا ہے اور جوانی کو برپا رکھتا ہے۔ لیکن میرے نزدیک یہ ہے کہ جبکہ یہ دونوں چیزیں محرق ہیں امراض بلیغہ عشی و نسیان و زکام بلغمی وغیرہ مانند آن کو مفید ہو گا۔ چنانچہ بندہ نے ان امراض میں استعمال کیا ہے اور نفع سے خالی نہ پایا اسواسطے اسجگہ لکھا گیا ہے۔

زندہ طلا کشتہ۔ زندہ کردن طلا کشتہ کو۔ بوتہ میں رکھکر آگ پر گرم کریں اگر ایک تولہ طلا کشتہ ہو تو بکری کی مینگنیاں ڈالیں تو طلا زندہ ہو گا۔

قلعی۔ قلعی کا زندہ کرنا۔ کشتہ قلعی کو آہنی چمچہ میں رکھکر تھوڑا روغن کنجد یا سرسوں کا اور تھوڑا سا نوشادر ڈالیں اور آگ پر رکھیں زندہ ہو گی۔

جست۔ جست ہیرہ کو زندہ کرنا۔ ماء الخبائث جو کہ گھی اور سہاگہ و شہد جو کہ مشہور ہے چمچہ آہنی میں رکھکر آگ پر رکھیں زندہ ہو گی۔ انگشت اور نمک سانبر لاویں اور موئے سر

بوتہ بنا ہر کلال یعنی کمہار کے مٹی لاویں

آدمی و موئے بز۔ برگ تنبول۔ پنبہ کہنہ یا پارچہ کہنہ و پوست شالے بریاں بطریق معروف بوتہ بناویں۔

نہری۔ بوتہ نہری۔ کمہار کی مٹی نصف سیر گل یکدرم انگشت ۵ درم نمک سانبر یک نیم درم پنبہ کہنہ بعد سرگین گاؤ چیلا دیں

بوتہ جہوسال۔ گل کلال ملتانی مٹی با چاول پائی کہنہ مقروض زدہ انگشت موئے بز نبلہ کہنہ۔

افیون گذاشتن۔ حیلہ گذاشتن افیون جائفل ایک حصہ گوند زرد ختن اور لد ہ حصہ دونوں کو کوٹ کر گولی بنا دیں جسقدر کہ افیون کھاتا ہو اسیقدر بنا کر اوسیوقت کہ افیون کھاتا ہو کھلا دیں۔

دیگر۔ کنبر سفید کو صندل کی طرح گھسیں۔ یہن یا بچی آکر کہ وہ چھ درم اسپند سوختنی ۱۲ درم برگ کٹارہ شتی ۲ درم حلبہ ۸ درم کو ٹکرا یکدرم کے برابر گولی بنا دیں اور اگر کسی نے افیم ایک درم کھائی ہو کہ تا ہو۔ تو دس کو نیم درم اس سے کھلا دیں۔

صاف نمودن۔ افیون کو صاف کرنا۔ وہ افیم جو کہ پانی میں جلدی حل ہو جاوے قسم اول ہے ایک سیر اور شیر گاو چار سیر شیر کو گرم کرکے اوس میں افیون حل کریں پھر کپڑے سے صاف کریں اور قوام کریں جب قوام کو پہنچے تو روغن گاو یا روغن بادام ۴ تولہ گرم کرکے داخل قوام کرکے حل کریں تاکہ تمام روغن جذب ہو جاوے پھر زعفران یکدرم عود قماری ۲ درم پیسکر داخل کریں اور خوب ملا کر ۲ رتی کے مقدار گولی بناویں اور اکثر لوگ بجائے عود کے عنب الثعلب ملانا بہتر ہوتا ہے۔ مگر چاہیے کہ صد مرتبہ آب ادرک میں گھوٹ لیں جو کہ دس بار روز میں تمام ہوگی پس قرص بناویں اور ہر روز کھاویں بہت نفع دیگی اگر افیون کی جگہ تخم جوز ماثل ۱۰ ماشہ اور دارچینی ۸ ماشہ زنجبیل ۸ ماشہ صمغ عربی ۸ ماشہ تمام کو کوٹکر پانی سے نخود کے برابر گولی بنالیں تو سفید ہوگا۔

بنگ سفید۔ بنگ کو سفید کرنا کہ سفیدی مائل اوسکی سبزی ہو جاوے بنگ سبز کو لیکر کسی برتن میں یا کسی کمبل میں رکھیں اور اوسکے نیچے کبریت کا بخور کریں اور ہاتھ سے ملیں تاکہ اوسکی سبزی سفیدی مائل ہو جاوے۔

دیگر۔ بنگ سبز دو سیر شاہی ست لوبان ۲ ماشہ سجی سفید یک ماشہ صندل سفید یک ماشہ صندل کو پیسکر دو ماشہ مجموعہ سنہ دوائی کے ہمراہ کوٹ چھانکر ملا دیں تو سفید ہوگی۔

میٹھا تیلیہ۔ تدبیر استعمال بچھناک تھوڑا تھوڑا اس سے کھایا کریں اور آہستہ آہستہ زیادہ کریں عمر رسیدہ کے لئے مفید ہے۔

زہر نیج۔ تدبیر خوردن زہر نیج اگر اس کو ہمیشہ کھاوے تو دو سال میں فوق لیخ کہنہ و سرعت انزال و لاغری و قلت اشتہائے طعام و سوء ہضم و سستی اعضاء و مقعدات ابخو لیا کو نفع دیتا ہے اور بدن کو موٹا کرتا ہے بعض لوگ اس کو ماشہ یا مسور کے برابر شروع کرتے ہیں اور دو ہفتہ تک اسیقدر ماشہ کرتے ہیں اور پھر ہر ہفتہ میں ایک مسور زیادہ کرتے ہیں ایسا ہوتا ہے کہ دو سال تک ایکدرم تک پہونچے ہیں اور اسیقدر زیادہ کرتے ہیں اور زہر نیج زرد حجری یعنی درق بھی اسی تدبیر پر مخصوص ہے یعنی احتیاط کے واسطے ہلیلہ سیاہ کو جو کہ اوسکا مصلح ہے اوسکے برابر پیسکر کھاتے ہیں اور اسکی ابتدا بقدر نخود کرتے ہیں اور دو سال میں دو درم تک پہونچے ہیں اور زیادہ نہیں کرتے اگر آخر ہلیلہ کو کم کرتے ہیں تدریج سے

کھا کر زود ہضم خالص عادت ہو کیونکہ اوس کا نفع زیادہ ہوتا ہے اور اس کے استعمال کرنے میں دودھ نرمی اور غذائے گاو خوش کر پرہیز لازمی ہے اور شیرینی کھاویں۔

سم الفار

طریق خوردن سم الفار اسکو بھی آہستہ آہستہ بڑھایا جاتا ہے اور ایک رتی سے شروع کرتے ہیں اور ایک سال میں نیم درم تک پہونچتے ہیں اور پرہیز وہی زود ہضم والی ہے اور وہی نفع ہے۔

امراض سر

امراض سر کے باب میں فصل صداع یعنی درد سر میں اگر مادی ہے تو تنقیہ کرنا چاہیے اور اگر سادہ جی ہے تو تعدیل کافی ہے دوائی کا کھانا ہی کافی ہے۔ وہ دوائی جو کہ درد شقیقہ کیلئے کافی ہے یہ ہے۔ اطریفل کشنیزی تولہ ایارج فیقرا ۳ ماشہ ملا کر رات کو کھانا مفید ہے۔

دیگر۔ جو کہ شقیقہ پرانے کو مفید ہے۔ ایارج فیقرا ۴ مثقال یا ۲ تولہ اطریفل کشنیزی ملا کر ہر روز رات کو گرم پانی سے کھاویں ۴۰ روز تک مجرب ہے۔ پرہیز لازمی ہے۔

دیگر۔ شبرگاؤ ایک سیر آب خالص ۲ سیر خرما چار عدد کو جوش دیویں تاکہ پانی جل جاوے اور گرم کرنیکے وقت کفچہ سے ہلاتے جاویں اور سرد کرکے پی لیں۔ شقیقہ جو گرمی کے وقت زور کرتا ہے دور ہو گا۔

دبید الورد

حکیم علویخان کی تالیف ہے جو کہ دوی اور طنین و صداع و ریح بواسیر کو نافع ہے کشنیز خشک مقشر طباشیر بنسلوچن پوست ترنج بادرنجبویہ ت بیرون انیسون زیرہ کرمانی زیرہ سفید دارچینی ہر ایک ایک مثقال زرشک پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ ہر ایک دو مثقال روغن گل ہفت مثقال شہد خالص ۳ مثقال کی معجون بناویں مجلد شربت

تین مثقال ہے۔

دیگر۔ جو کہ درد سر مزمن کو دور کرتا ہے۔ سونٹھ، دارچینی۔ گل محکندر۔ پت بیج ارنڈ۔ افیون۔ زعفران برنج ساٹھی پہلے سادی لیکر باریک کریں مگر پہلے کو پانی سے گھسکر لیویں اسلیئے کہ وہ مشکل سے کوٹا جاتا ہے پس پانی سے سر پر طلا کریں اور خشک ہونے دیں۔

دیگر۔ بابون کو پانی سے گھسکر پیشانی پر طلا کریں درد سر کہنہ جو ایک ہفتہ سے ہو ایک پہر میں دور ہوگا۔ اور روغن جو کہ اس باب میں مجرب ہے۔ برگ حنا صندل پلپل کنول کہنہ ملٹھی ہر ایک ایکدرم شیرہ آملہ ۲ کسیر روغن کنجد ۱۲ درم دوائیوں کو کوٹ کر شیرہ آملہ و روغن میں جوش دیں تاکہ روغن رہجائے جان لو کہ اگر آملہ تر ہو تو اسکو کوٹ کر پانی لیں اگر خشک ہوں تو جوش دیکر پانی لیں اور روغن کو سر پر مالش کریں مجرب ہے۔

نزلہ بند

شقیقہ کے مرض میں بناگوش پر ملیں اور کاغذ پر لگاکر صدغ پر ڈالیں۔ لیکن پہلے تنقیہ لازم ہے۔ صمغ عربی یکدرم۔ افیون نیمدرم زعفران نیمدرم باریک کرکے سفیدی بیضہ یا گلاب سے گوندہ کر کاغذ پر رکھکر اور کاغذ کو سوراخ کرکے چپکائیں یعنی چسپاں کریں۔

دیگر۔ شقیقہ کو دور کرتا ہے شیرہ ادرک یا زنجبیل و شہد اور ... ملا کر تین قطرہ بینی میں ٹپکا دیں اور سورج کے روبرو بیٹھیں۔

دیگر۔ ... کا گھونسلہ پانی سے گھسکر سر پر طلا کریں اور دو تین قطرے بینی میں ٹپکا دیں۔

دیگر۔ جو شقیقہ کو مجرب ہے سمندر پھل کو پانی میں گھسکر دو قطرہ بینی میں ٹپکا دیں اور چاہیئے کہ مریض اوس کو اندر کھینچے تاکہ بینی کے آخر تک پہونچے طریقہ یہ ہے کہ اگر درد دائیں طرف ہو تو سوراخ چپ میں ٹپکا دیں اور اگر بائیں طرف ہو تو داہنے سوراخ میں ٹپکا دیں دو تین قطرے کافی ہیں۔

دیگر۔ سونٹھ۔ بیج ارنڈ۔ صندل سفید تینوں پانی سے گھسکر سر پر طلا کریں۔

دیگر۔ شقیقہ کو دور کرتا ہے۔ برگ آک کو روغن سے چرب کرکے تھوڑا گرم کریں اور ہاتھ میں ملیں اور دو تین قطرے دونوں سوراخ بینی میں ٹپکا دیں چھینک بہت آوے گی اور درد ٹھہر جاوے گا۔

دیگر۔ شقیقہ کیواسطے مجرب ہے۔ کندش یعنی نک چھکنی یکتولہ کافور بھیمسینی ۲ رتی مرچ سیاہ۔ قرنفل ۲ عدد کی نسوار بناکر ناک میں لیویں۔

دیگر۔ زعفران و ہیراکسیس دونوں تھوڑی سی نسوار بناکر لیں شقیقہ دور ہوگا خواہ پورا نا کیوں نہ ہو۔

دیگر۔ اسپند و روغن کنجد کو بریاں کرکے رکھیں سر روز اسی روغن کو مالش کرکے دھوپ میں بیٹھیں سر پر ملیں یا گرم مالش کریں اسپند اگر چار درم ہو تو روغن کنجد بقدر سیر چاہیے خوب جلا دیں سعوط دماغ کو پاک کرتا ہے اور بہت رطوبت باہر لاتا ہے گل چنبیلی تین عدد اور روغن ملیں اور بینی میں ٹپکا دیں۔

دیگر۔ وہ نفوخ جو کہ نزلہ کو باز رکھتا ہے۔ تمباکو پورنی یا بغدادی یا فرنگی ایک ماشہ زعفران ایک ماشہ قرنفل ۲ عدد کوٹ کر حریر میں چھان کر اس سے تھوڑی سی نسوار لیں رطوبت بہت نکالیں گی۔ برقان دور کرے گی۔

دیگر۔ ایک لحظہ میں کام کو پارہ کر دیتا ہے اور رطوبات نکالتا ہے نوشادر و چونہ کو کھرل کرکے سونگھیں گھڑی بعد گھڑی۔

دیگر۔ واسطے ازالہ خشکی دماغ و گھنڈی کہ ہندی میں مشہور ہے نفع رکھتا ہے اور تازگی دل اور قوت ہاضمہ کو فائدہ دیتا ہے۔ الاچی کلاں ۵ دانہ الاچی خورد ۵ دانہ زعفران برگی مرنج ربع دسہ بوند اس مقدار کہ کو فتنہ اوس سے شیرہ نکالیں اور دوا اوس میں ملا دیں یا منجمد دانوں کو شیرہ میں ملاکر بطریق معروف باریک گھسیں اور دو سوراخ بینی میں دو تین قطرہ ڈالیں مگر سورج نکلنے سے پہلے تین روز تک عمل کریں۔

دیگر۔ علاج ضعف دماغ۔ ہمیشہ مرغی کا گوشت کھاویں دماغ کو زیادہ کرتا ہے اور عقل کو بڑھاتا ہے۔
دیگر۔ گوشت دراج دماغ کو زیادہ کرتا ہے۔
دیگر۔ زعفران کا کھانا مقوی دل و دماغ ہے۔ نیم درم یا ایک درم۔
دیگر۔ سفرجل کا سونگھنا مقوی دل و دماغ ہے۔ گرم ہوتا ہے۔
دیگر۔ سنبل الطیب ایک درم ہر روز سرد پانی سے پلاویں مقوی دماغ ہے۔ تاثیر سرد ہے۔
دیگر۔ اگر ساق کو سرد پانی سے پلاویں تو مقوی دماغ ہے تاثیر گرم ہے۔
دیگر۔ دودھ کے پینے سے دماغ بڑھتا ہے۔
دیگر۔ گلاب کا سونگھنا اور پینا اور طلا کرنا مقوی دماغ اور سرد ہوتا ہے۔
دیگر۔ مشک کا سونگھنا اور پینا مقوی دماغ ہے اسکی خوراک ایک قیراط ہے۔
دیگر۔ یاسمین کا سونگھنا مقوی دماغ اور سرد ہوتا ہے اور ریاح غلیظ جو کہ دماغ میں ہو تحلیل کرتا ہے۔
دیگر۔ مغز گوسپند سیاہ تازہ چند روز روغن میں بریاں کرکے ہمراہ شکر سفید سے کھاویں اور وہی روغن سر پر ملیں خالی شدہ دماغ کو اصلی قوت پر لاتا ہے۔

گنج

فصل در برآمدن قروح و آبلہ در سر کہ اوسکو سعفہ یعنے گنج کہتے ہیں نستے کے پتے لاکر کوٹیں اور نمک ملاکر سر پر ضماد کریں۔
دیگر۔ تقبیل دوائی جو کہ سیر و چنبہ و برگ نیم اوس میں ایں باب جراحت میں اوس کا ذکر مفصل ہے۔
دیگر۔ مرتج روغن میں جلاویں اور ملکر رکھیں سر کے زخم اور داد کو دور کرتا ہے۔

دیگر۔ تخم پنواڑ و شاخ کنوار کے شاخ میں پہاڑ دیں اور پنواڑ کو اوس میں داخل
کریں اور اوسکو پھر ملاکر برابر کریں پھر کنوار کو لیں اور کنوار کے شاخ میں لتہ تر کرکے
لپیٹیں اور نرم جگہ پر رکھیں تین روز کے بعد کھولیں اور تمام پنواڑ پکڑ لیں اور باریک کریں
پھر اوس کو جعفرات چکنہ میں ملاکر سر پر ملیں اور تین چار گھڑی رکھیں پھر گرم پانی سے
دھو ڈالیں دن میں دو بار استعمال کریں خدا کے کرم سے دو روز میں تمام سر قروح و آبلہ
پاک ہوگا۔

دیگر۔ پوست انار خشک و زرد چوبہ و ہلیلہ سوختہ تمام کو باریک کرکے سر کے زخموں پر
ملیں ہر روز کرنے آرام ہوگا۔

دیگر۔ سم اسپ جلاکر روغن کنجد میں ملاکر ملیں۔

دیگر۔ روغن کنجد یا روغن سرشف جو کہ انہی روغنوں میں آم کا آچار ڈالا جاتا ہے
یعنی روغن اچار انب سر پر ملنے سے قروح و اورام خبیثہ جو کہ سر میں ہوتا ہے۔
اس سے اچھا ہو جاتا ہے۔

دیگر۔ کچلہ و پلاس پاپڑہ و زیرہ سفید ہر ۳ کو روغن میں جلا دیں اور پتھر سے
پیسیں تاکہ مرہم بن جاوے اور کام میں لاویں یہ تمام زخم سر کو مجرب ہے۔

دیگر۔ خردل یعنی رائی کو نیم بریاں کریں اور باریک پیسیں اور روغن کنجد ملاکر ہر روز
دو تین بار زخموں پر ملیں مجرب ہے۔

فصل در صرع وام الصبیان

گھونس کا دل لیکر سات ٹکڑے کریں ایک ٹکڑہ یک شنبہ کے دن بریاں کرکے کھاویں
سات روز تک کھاویں صرع دور ہوگی۔ گھونس ایک حیوان مشہور ہے۔

دیگر۔ گوشت گلہری بھی بھون کر کھانا مفید ہے صرع کہنہ دور ہوگی۔

دیگر۔ پلاس پاپڑہ تھوڑا سا پانی میں گھسائیں اور بینی میں ٹپکاویں مصروع
بحال ہوگا۔

دیگر۔ جدوار جسکو ہندی میں نربسی کہتے ہیں نیم دانگ باریک کرکے بحسب سن و سال ماں کے دودھ میں گھولکر دیں لڑکا لڑکی مصروع فی الحال ٹھیک ہوگی مشاہدہ کیا گیا کہ ایک لڑکا ہر روز کام ام الصبیان میں مبتلا تھا۔ اوس نے اسی دوائی سے صحت پائی۔

دیگر۔ مہرہ جمال کو آگ میں سرخ کرکے جا جبین کے درمیان داغ دیں اس سے بہتر کوئی علاج نہیں ہے۔

دیگر۔ گوش خر کو یکشنبہ کے دن کاٹیں اور اس کے خون سے کپڑا تر کرکے تھوڑے پانی میں ملا کر طفل کے حلق میں ٹپکادیں اگر تازہ دینے کا اتفاق ہو تو بہت بہتر ہے اور گوش خرگوش کا بھی یہی عمل رکھنا ہے

دیگر۔ گوشت ابن عرس جسکو ہندی میں نیولا کہتے ہیں بریاں کرکے کھلا دیں۔

دیگر۔ دو قطعہ کپڑے کا لیں اور کھٹمل کے خون سے تر کریں اور بینی مصروع کے آگے دھوا کریں جب یہ دھواں اوس کے دماغ کو پہونچیگا تو وہ چھینک لیگا اور بینی گرم ہوگی۔ تو اوسیوقت ہوش میں آئیگا۔

دیگر۔ یکشنبہ کو جس وقت مردہ کو ہندو لوگ جلاتے ہوں تو اوس آگ پر ایک روٹی پکا کر چلے آویں اور پیچھے کی طرف نہ دیکھیں پس اوس میں سے تھوڑا تھوڑا مصروع کو کھلاویں چند روز میں آرام ہوگا۔

دیگر۔ صرع اطفال کو دو تین روز میں نفع بخشتا ہے۔ انسان کے سر کی ہڈی لیں جو کہ جلی ہوئی نہ ہو اور اوس کو چند روز گھسیں جو کہ سرمہ جیسا ہو جاوے پس دو درم اوس سے کھلاویں تین روز میں آرام ہوگا۔ امید ہے کہ پھر بیماری نہ ہوگی۔ اگر احتیاطاً کریں تو چاہئے کہ سات روز بکری کے پر لیکر گھسیں اور اوس کا تھوڑا سا پانی ناک میں ٹپکادیں اللہ تعالیٰ کے فضل سے بیماری پھر عود نہ کریگی۔

دیگر۔ عرق برناگوش فیل مست کا روئی میں لیں اور صرع والے کے ناک میں ایک دو قطرہ ٹپکا دیں۔ اگر وہ گیلا نہ رہا ہو تو اوس کو پانی سے تر کرکے اوس کا پانی نکالکر کام

میں لاویں۔

دیگر۔ مصروع کو نفع دیتا ہے۔ نوشادر و جو سرکہ انگوری میں گوندھ کر خمیر کریں اور شمامہ بناویں۔

معجون۔ جو کہ اطباء گیلان نے سلطان محمود ہاشم جو کہ صرع سے مبتلا تھا تیار کی تھی وہ یہ ہے پوست ہلیلہ کابلی۔ تربد موصوف۔ زنجبیل مصطگی۔ عود نا ورنیا ہر ایک تین مثقال اسطوخودوس یک مثقال ہلیلہ سیاہ۔ آملہ ہر ایک چھ مثقال دارچینی چار مثقال مغز بادام پانچ مثقال عسل یعنی شہد صاف سے چند معجون بناویں اور ۴۰ روز کے بعد کام میں لاویں ایک مثقال اسکی خوراک کریں۔

لقوہ

لقوہ واسطے رفع لقوہ و فالج و غلبہ باد کے مجرب ہے فلفل سیاہ۔ زنجبیل سینکی ہوئی بلیلہ دار فلفل۔ عاقر قرحا جوز بوا۔ نانخواہ۔ قند سیاہ۔ تمام ہم وزن لیں اور قند سیاہ بقدر خمیر دوا لیکر گوندھ کر کن بیر کے برابر گولیاں بناویں اگر نہ بن سکیں تو عرق نانخواہ ملا کر گولیاں بناویں ایک گولی صبح اور ایک شام کو کھلا دیں اگر زیادہ کرنا ہو تو ۴ گولی تک کھا سکتے ہیں۔

معجون فلاسفہ

جو کہ مفلوج و لقوہ و جمیع امراض بارد دماغی وغیرہ کو مفید ہے خصوصاً بوڑھوں کو تقویت بخشتا ہے۔ اسکی خوراک ایک یا ڈیڑھ تولہ ہے بنا کر دو روز کے بعد کھائیں زنجبیل فلفلگرد۔ دار فلفل۔ دارچینی۔ آملہ مقشر۔ پوست ہلیلہ شیطرج زراوند مدحرج خصیۃ الثعلب مغز چلغوزہ۔ بیخ بابونہ۔ مغز نارجیل۔ تخم بابونہ ہر ایک دو دو تولہ۔ مویز منقی ۴ تولہ شہد خالص ساڑھے ۹ تولہ بطریق معروف معجون بناویں۔

سکتہ

درسکتہ تیل جوکہ مشہور ہے قسم اول لیں اوسکے برابر اگر جوک جوکہ مشہور ہے
کوٹ چھان کر مرچ سیاہ کے برابر گولی بناویں اور سکتہ بیہوش کو تین گولی دیویں
ادرک کے پانی سے اور بن دندان و کام یعنی تالو پر ملیں تاکہ ہوش میں آوے
پھر کھلاویں۔

سہر یعنی بیداری

فصل در تدبیر سہر یعنی بیداری مفرط۔ افیون مقدار گرسنہ یعنی سرٹ کھاویں خواب
لاویگی اور افیم کا سونگھنا بھی مفید ہے اور بادام کا کھانا نقل کے طریقہ پر اور خشخاش
کا کھانا بھی فائدہ دیتا ہے۔ روغن بادام و روغن کدو ناک میں ٹپکانا نیز دماغ و سر پر
ملیں اور آب پیاز سفید۔ آب ادرک بجھا کردہ کھانے سے خواب آجاتی ہے۔ اگر حرارت
ہو تو پانی مذکورہ نہ دینا چاہیئے اور دونوں پانی ۲ تولہ تک دینا چاہیئے اور پوست
خشخاش تین ماشہ کو ترکریں ۲ پہر تک پھر اوس کا پانی پی لیں اور ثفل اوس کا
کوٹ کر تالو پر رکھیں تو خواب لاویگا۔

حیلہ

جس کسیکو خواب نہ آوے تو اوس کو چاہیئے کہ کسی نے اگر بازار میں چراغ جلایا
ہو۔ تو وہاں جاکر ایسا پھرے کہ جیسا کہ کسی چیز کو ڈھونڈتا ہے اور جب کوئی
پوچھے کہ کیا ڈھونڈتا ہے۔ تو کہے کہ خواب کو ڈھونڈتا ہوں پس چراغ کو
اوسی وقت بجھا دیوے اور واپس اپنے گھر کو آوے تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے
مریض کو خواب آجائے گی۔

فصل دوران سر میں

صندل سفید ۲ مثقال گلاب میں حل کرکے تین روز تک نوش کریں اور ہاتھ پاؤں کو بیلگخر کے
پانی سے تر کریں۔ مجرب صحت ہے۔

نسیان

فصل در نسیان۔ سعد، زنجبیل ہر ایک ۲ درم کو فتہ بیختہ منقہ کے ساتھ کوٹ کر ہر روز دو دو درم کھاویں۔

دیگر۔ پستہ مقشر، منقہ دانہ نکالا ہوا، سعد، بادیان، اگر ہر ایک برابر وزن کوٹ کر دو مثقال کھاویں اور بعد لزوم ریاضت اور قلت غذا و پرہیز جو کچھ سنے یاد رکھے گا اور یہ معجون امام شافعیؒ ہمیشہ کھایا کرتے تھے اور دوائی علاج نسیان، تیزی ذکاوت یا ذہن اگر ۳ درم بلاناغہ ہر روز کھاویں تو نسیان کیلئے بہت مفید ہے اور امراض بلغمی کے لئے نہایت مفید ہے۔

دیگر۔ اگر ایک بادام دار چینی ہر روز کھاویں تو نسیان و ذہن کو تیز کرتی ہے اور اگر دو درم سونٹھ ہر روز کھاویں تو حافظہ بڑھاتا ہے۔

منومات و مسہرات میں

تخم کاہو، بزرالبنج، افیون بغاح ہر ایک ۱ درم کوٹ چھان کر خشخاش کے طبیخ کے ساتھ پیشانی پر طلا کریں تو خواب خوب آویگی۔

دیگر۔ فلفل گرد خواب کے وقت گھوڑے کے لعاب دہن کیساتھ گھس کر آنکھ میں لگا لیں تو اصلاً خواب آئے گی۔

دیگر۔ فلفل گرد، نمک سنگ زرد، چوب پیلو کو برابر وزن لیکر کوٹ چھان کر چند روز متواتر کھاویں تو غلبہ خواب کا دفع ہو جائے گا۔

فصل بینی کے امراض میں

رعاف یعنی نکسیر۔ سرگین خر کو نچوڑ کر چند قطرہ بینی میں ٹپکاویں خون بند ہوگا

دیگر۔ سریشن کو گلا کر دو پارچہ یعنی کپڑا لمبا پر طلا کریں اور ایک کو بینی کے سر سے لیکر سر کے تالو تک لگاویں اور کانوں کی کن پٹی تک لگاویں اور دوسرے کو مقدم دماغ

پر لگاویں۔ جس وقت خون ٹھہر جاوے اور خشک ہو جاوے تو تین قطرہ روغن زرد گاؤ بینی میں ڈالیں جب اس دوا سے خون سے خاطر جمع ہو۔ تو کپڑا کو پانی سے تر کر کے ماتھا سر سے اتار دیویں۔

دیگر۔ کتھائی خوشبو کو پانی سے گھسکر اور تالو پر ضماد کریں۔

دیگر۔ آرد ماش کو پانی سے خمیر کر کے ناک پر لیپ کریں۔

دیگر۔ جس وقت بینی سے خون آوے اور بخار ہو گیا ہو۔ تو ناک کے سوراخ کو بند کریں تاکہ خون بند ہو کر بحران ہو۔ مگر ممنوع ہے۔ کیونکہ اگر خون زیادہ آتا ہو اور غشی آنیکا احتمال ہو تو یہ عمل کرنا مناسب ہوتا ہے۔

دیگر۔ زکام کیلئے سیاہ دانہ بریاں۔ نوشادر ہر ایک ۲ مثقال۔ زنجبیل تین مثقال سب کو کوٹ چھان کر بقدر حاجت سرکہ انگوری ملاکر کپڑا میں باندھکر سونگھیں نزلہ و زکام دفع ہوگا۔

ناس شقیقہ مجرب ہے۔ کندش تولہ مرچ سیاہ ۸ دانہ۔ قرنفل ۵ دانہ۔ دنہ کرنا ۳ دانہ۔ کافور ۳ رتی۔

دیگر۔ پلاس منزلہ کہ تالو میں سوراخ ہو گیا ہو یا آتشک سے ہو گیا ہو مجرب ہے۔ مرچ سیاہ ۴ دانہ۔ قرنفل ۴ عدد۔ کاقفل ۴ ماشہ۔ کافور چینی ۳ رتی۔ افیون ۲ رتی مغز بادام شیریں سب کو باریک پیسکر دن رات میں پانچ چھ بار عمل میں لاویں۔

فصل در امراض چشم

جان لو کہ آنکھ بہت افضل اعضا ہے اس میں جو مرض پیدا ہو اس کا جلدی علاج کرنا چاہیئے اور کہتے ہیں۔ کہ ہر حال کی دوا آنکھ میں نہیں ڈالنا چاہیئے اور اگر آنکھ باہر آجاوے تو جبتک تنقیہ نہ کیا جاوے آنکھ میں کوئی دوا نہ ڈالنا چاہیئے حاصل کلام یہ مقدمہ کتب مطولہ میں مرقوم ہے اور طب اکبر میں جو کہ تالیف اس فقیر کی ہے اوس میں اس مقدمہ کو تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ لیکن اسجگہ

چند ایک دوائیں ضعف بصارت کے تجربہ کی جاتی ہے اور مدت بیاض اندر اسکی مانند کی تجربہ کیجاتی ہیں سرمہ سیاہ ۱ یکتولہ سنگ بصری ۱۸ ماشہ قرنفل ۱۶ دانہ الائچی خورد ۱۶ دانہ الائچیوں سے دانہ نکال لیں سب کو گلاب کے عرق میں کھرل کریں اور نخود کے برابر گولی بنا دیں اور ضرورت کے وقت آنکھ میں لگا دیں چند ایک بیماریوں کیلئے مفید ہے چنانچہ خارش و ڈھلکہ اور مانند اسکی اور قوت باصرہ کیلئے از حد مفید ہے۔

دیگر ۔ وہ دوائی جو کہ نظر کو قوت دیتی ہے اور بہت سی بیماریوں کیلئے مفید ہے دوا یہ ہے۔ نمک سنگ سفید باریک کر کے اور زرد چوب اس مقدار کے جو کہ اوسکو زرد کر دے ملا دویں اور کام میں لاویں۔

حب فرہب

جو کہ سر درد و ریدار ابتدائے نزول کو نافع ہے صبر سقوطری پوست ہلیلہ زرد ہر ایک بیس درم مصطگی رومی کتیرا زعفران سقمونیا ہر ایک تین درم گلسرخ پنجدرم پانی سے گولی بنا کر جیسے کہ معمول ہے کھاویں اور بقدر شربت دو درم سے اڑھائی درم تک گرم پانی سے کھاویں۔

شیاف

نوع دیگر۔ بصارت کیلئے جیسا کہ کیا گیا ہے۔ صبر سقمونیا مشوی ہر ایک ساڑھے چار ماشہ پوست ہلیلہ زرد تولہ باریک کر کے پانی سے بنا کر گولی اور نو ماشہ کھاویں۔

آشوب درد چشم

پانی میں گھسکر آنکھ میں ڈالیں اگر مرض غالب ہو تو پہلے تنقیہ کریں اور پھر کام میں لاویں رسونت۔ نیلہ تخم تھا گجراتی۔ پھٹکڑی سفید کاٹ ہلیلہ زنگی کف دریا افیون ہر سات ادویہ کو مساوی لیکر پانی سے حل کریں اور شیاف بنا کر کام میں لاویں آزمودہ ہے۔

شیاف ۔ جو کہ سبل و جرب گرم و سلاق و سوختگی و سفیدی موئے

دفع نزلی چشم عنبیہ رطوبت کو مفید ہے۔ صمغ عربی اقلیمیا زرد۔ سفیدہ ارزیز۔ ببول کی
صبر سقوطری زنجار زرنیخ سرخ قلقطار سوختہ۔ دار فلفل۔ فلفل گرد۔ شادنج
عدسی نشاستہ زرد چوبہ سنگ الو تو بال مس سوختہ ہر ایک ڈیڑھ درم دم الاخوین
اقاقیا ہر ایک ساڑھے چار دانگ توتیائے سبز حضض سنبل عفص سبز سوختہ ہر ایک
نیم درم آب سداب نیم درم سب کو پیسکر آب نارنج سے حل کر کے شیاف
بناویں۔

نوع دیگر۔ ایک نسخہ ہیں ہی مادہ کو ہٹا دیتا ہے۔ جلن و کوفتگی کو دفع کرتا ہے
اور آنکھ کو اصلی حالت پر لاتا ہے ما میثا۔ انزروت مدبر ہر ایک ۸ درم زعفران
دو درم کتیرا ایکدرم۔ افیون آدھا درم سب کو باریک کر کے بارش کے پانی سے
حل کر کے شیاف بناویں۔ بوقت ضرورت کبوتر سفید کی انڈے کی یا لڑکی والی کی
دودھ میں حل کر کے کام میں لاویں۔

دیگر۔ یہ دوائی جو کہ بصارت کو بحال لاتی ہے اور جالا اور پھولا اور ابتدائی نزلہ
کو نفع دیتا ہے۔ بلادر یک عدد بیکر مقدار دو نخود افیون یک نخود لیموں کاغذی
دو عدد۔ بلادر کو جلاویں تاکہ اس کا دھواں نہ رہے جب کوئلہ ہو جاوے تو اوس پر
پیالہ اولٹا کر کے رکھ دیں تاکہ سیاہ رنگ ہو جاوے۔ پس ہر سہ دوا کو لوہے کے
کھرل میں لوہے کے بٹہ سے کھرل کریں لیموں کا پانی تھوڑا تھوڑا ڈالکر کھرل
کریں تاکہ لیموں کا پانی ممزوج ہو جاوے پس چینی کے برتن میں لگا رکھیں جس وقت
آنکھ میں ڈالنا ہو لیموں کے پانی میں گھساویں اور آنکھ میں ڈالیں بعد آنکھ کو بند کر کے
بیغولہ آنکھ میں پھیریں تاکہ پانی بہت نکلے۔

دیگر۔ ہر قسم کے درد کو نافع ہے زردہ دودھ پھٹکری مساوی کوفتہ بیختہ مغز کرکے
مخلوط کر کے پوٹلی میں آنکھ پر باندھ کر سو رہیں اور روزانہ اوسی پوٹلی کا عمل
کرے تو ایک دو روز میں درد کو زائل کرتا ہے تین روز تک یہ عمل ضرور کریں۔
مجرب ہے۔

دیگر۔ وہ دوائی جو کہ آنکھ کی تمام بیماریوں کو مفید ہے اور دماغ کو طاقت کرتی ہے
اور نزول الماء اور مبتدی و خیالات و گل چشم کو مفید ہے۔ ہلیلہ ۴ درم
بلیلہ ۴ درم آملہ ۱۶ درم ستراول ۸ درم آہن کشتہ یک درم ملٹھی آٹھ درم
پیپل ۲ درم بنسلوچن ایکدرم نمک سنگ ۲ درم سب کو باریک کرکے برابر شکر
ملادیں اور روغن زرد سے چرب کریں اور شہد خالص ملادیں اور نیم دانگ یا کم
زیادہ حسب حال مریض کے دیویں اور اس ترکیب کو دوروز کریں۔

دیگر۔ ہلیلہ دو درم بلیلہ ۴ درم۔ آملہ ۸ درم مصری سات درم ملٹھی ایک درم
پیپہ نمک سفید یکدرم بنسلوچن یکدرم سب کو پیسکر روغن زرد سے چرب
کریں اور خالص شہد سے گولی بنا کر کھاویں جو کہ نیمدرم ہو اس ترکیب دشا
امرت کہتے ہیں۔

دیگر۔ دوائی جو کہ چشم کو روشن کرتی ہے اور تمام چرک کو دور کرتی ہے مغز
سوختہ ہلیلہ و آملہ مقشر دارچینی و مغز سوختہ ہلیلہ و سنگ بصری و ملٹھی مساوی
پیسیں از سرد پانی سے یا گلاب سے گولی بناویں اور خواب کے وقت سرد پانی سے
گھسکر آنکھ میں ڈالیں۔

قرص نزلہ بند

اپنی جگہ پر رکھتا ہے۔ و رج نزکی تشار کندر دم الاخوین رشیان ماہیشار رش
ماہی۔ قرنفل نشاستہ زعفران عود صلیب عود ہندی افیون کوٹ چھان کر تخم مرغ
کے سفیدی سے گوندھ کرتا لو اور شفتین یعنی لبوں پر چسپاں کریں۔

عطاس

نزلہ کیواسطے مجرب ہے اگر تالو میں موری ہوگئی ہو وہ بھی رفع ہو کر اچھی ہو جاتی ہے
جوز القی یعنی سمندر پھل ۴ ماشہ مغز بادام ۲ دانہ قرنفل افیون ہر ایک تین رتی زعفران

دونوں سب کو پیس کر دن رات میں پانچ چھ دفعہ ہلاس لیں تو چھینکیں آویں گی۔

پھولا

بیاض چشم قشر بیضہ مرغ بریاں کر اس کے برابر شکر سفید ملا کر ڈالیں۔
دیگر۔ اگر ابتدائے نزول الماء میں تنقیہ و جلاب کے بعد جب ذہب اور ہر ہفتہ میں یہ سفوف طبیخ قطوریون کے ساتھ تین سے کھاویں اور غذا قلیہ و کباب و چپاتی گندم و جو کی جو کہ میسر ہو کھاویں تو انشاء اللہ تعالے نزول جاتا رہے گا۔ اور معقولات مرطوب اور زیادہ پانی پینے اور جماع وغیرہ سے پرہیز کریں۔ اگر اس کے عوض ان دواؤں کا سفوف بنا کر ہر ہفتہ میں ایک دفعہ صبح کے وقت کھاویں تو بہت نفع دیگا۔

ایارج فیقرا

ایارج فیقرا بقدر ساڑھے ۳ ماشہ طبیخ کے ساتھ کھاویں بصفت طبیخ مغز قطوریون اور رفین ہر ایک ساڑھے ۵ ماشہ بسفائج فستقی ڈیڑھ تولہ معمولہ منقی ۴ تولہ یہ تمام عام لنی ہیں اعنیہ معسل جہند سفیدی چشم کو جو کہ مزمن اور غلیظ ہو گئی ہو ایک ماہ تک کھاویں بحول اذنت الٰہی رفع ہوگا۔ زبل آہو سرگین خطاب ملیح اکبر نہ ہوگا۔ وہ یہ ہے نمک اندرانی قشر بیضہ مرغ صدف سوختہ برشتہ بورہ ارمنی اگر نہ ہو تو مامیراں لیں ان ہر ایک ۴ ماشہ ہو کر گس کے پانی سے حل کریں اور دھوپ میں خشک کریں پھر گلنگ کے پانی سے تر کر کے خشک کر کے نگاہ رکھیں ضرورت کے وقت تھوڑا سا عسل میں گھسکر استعمال کریں۔
دیگر۔ سرمہ مارزہ کردم جو کہ آنکھ کی سیاہی کو زائل کرتا ہے اور اندھے کو بینا کرتا ہے اور جمد عرابت ہٹاتا ہے۔ یہاں تک کہ کوہڑی کو بھی درست کرتا ہے۔ لاویں شبر گاؤ کثیر المقدار اور اسکو جوش دیں تاکہ آدھا رہ جاوے اور اسکو ایک سبوحہ

میں ڈالیں اور ایک مار سیاہ اسمیں ڈالیں اور چار عدد کرڈدم کو ٹکڑے ڈالدیں اور سبوح کا منہ بند کر دیں اور ۲۱ روز رکھیں تاکہ مار و کرڈدم اوسمیں گل جاویں پس سبوح کو کھولیں اور ہڈیاں باہر پھینک دیں اور پھر اوس دودھ سے مسکہ یعنی مکھن نکالیں پھر ایک خردسی لا کر اوس کو پارہ سقمونیا پیسکر کھلا دیں تو ناشکم باہر لا دیں اور دوسرے روز وہ مسکہ آٹے میں ملا کر خردسی کو کھلا دیں اور اوسکی بیٹھ لیویں اور پیسکر محفوظ رکھیں اور آنکھ میں ڈالیں اور ضرورت کیوقت تھوڑا سا دوا اوسمیں سے طب فیروزشاہی نافع تفاوت نظر ہے یہ کہ مغز دانہ ہلیلہ ثلاثلگرد دراز و آملہ و دارچینی و سنگ بصری و ملیٹھی سب اودیہ برابر سرد پانی میں پیسکر بقدر گھونگچی گولیاں بنا دیں اور سایہ میں خشک کریں اور بوقت حاجت ایک گولی سرد پانی سے حل کرکے سوتے وقت آنکھ میں لگا دیں اور صبح کو سرد پانی سے دھو دیں۔

دیگر۔ جو کہ ایک شخص نے عجیب تجربہ کیا جو کہ عارضہ چشم سے نابینا ہو گیا تھا اور مدت کے بعد اوسکی ملاقات ہوئی تو اوسکی بصارت اسقدر ہو گئی تھی کہ کتاب پڑھتا تھا اور جب اوسنے مجھ سے بیان کیا تو میں نے سمجھ کر اوس کو لکھ دیا وہ یہ کہ برگ سنبھالو کو خشک کرکے اوسیقدر اوس میں تمباکو ڈالکر دو درم ہر روز کھائیں تو میں کھاتا رہا ہوں اور بینا ہو گیا ہوں۔

شیاف عجیب ضعف بصر

کے واسطے خواہ کسی قسم سے ہو رفع ہوگا۔ زعفران سہ اصفہانی اگر اصفہانی نہ ہو تو سرمہ نہ ہو تو سرمہ عام ہی لیویں اور صندل سفید و دارچینی کافور جو وانہ فسط شیریں اقاقیا صمغ عربی ترنج سب برابر وزن باریک کرکے پانی سے حل کریں شیاف بنا دیں اور حاجت کے وقت کام میں لاویں مجرب ہے۔

دیگر۔ سفوف مقوی بصر از صاحب دارشکوہی ہر رات سوتے وقت دو درم بادیان

اور دو درم نبات کوٹ کر کھاویں ضعف بصر سے مامون رہے خدا کے فضل سے
عدت کوری میں مبتلا نہ ہوگا۔

دیگر۔ آملہ تازہ کا پوست سایہ میں خشک کرکے ایک ہفتہ ایک درم شہد کیساتھ
کھاوے۔

دیگر۔ خاکستر بیخ آکھ پانی میں ملاکر متواتر آنکھ کے گرد ملے جوکہ نزلہ کھجانے
اور خارش چشم کو مفید ہے۔

دیگر۔ آب پیاز سفید و شہد مساوی ملاکر سونیکے وقت آنکھ میں ڈالیں تمام
بیماریوں کو نافع ہے

دیگر۔ وہ دوائی کہ جرب چشم کو مفید ہے صبر حفض کی پوست ہلیلہ
زرد شیاف ماميثا مساوی کوٹ کر سرمہ بناویں۔

دیگر۔ مطبوخ قنطوریون جوکہ نزول الماء کو منع کرتا ہے قنطوریون دقیق تین درم
زبد مرضوض تین درم بسفائج مرضوض سات درم مویز منقی آٹھ درم سب کو ایک
سو پچاس درم پانی میں پکاویں جب تیسرا حصہ رہجاوے تو ایک مثقال ایارج
فیقرا کے ساتھ ہر ہفتہ میں ایکبار نوش کریں۔

دیگر۔ جو نزول الماء کو نافع ہے۔ سانڈہ کی مینگنی آنکھ میں لگاویں اور بہتر
علاج یہ ہے۔ کہ اس مرض کے ابتدا میں گل لگاویں پٹپٹی میں جس جگہ۔ کہ
شریان چلتی ہوں کان کے متصل۔

دیگر۔ نزول الماء کیلئے نرملی جس کو کنگ پھل کہتے ہیں شہد میں پیسکر
آنکھ میں لگاویں۔

شیاف درد چشم

وپامنی و پڑیال ونا خنہ وغیرہ جوکہ پنڈت منسا رام کا آزمودہ ہے۔ مغز
خستہ ہلیلہ۔ اصل السوس مقشر ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ توتیا سبز مرزنج سیاہ ہر ایک
تولہ شہد خالص ۲ تولہ سب کو باریک کوٹ کر پانی میٹھے کے ساتھ جوکہ دو روز کا

پڑا ہوا ہو یعنی باسی چار پہر کا ہو اوس میں حل کرکے آٹھ پہر رہنے دیں پھر شہد
میں حل کرکے شیاف بنا دیں اور سایہ میں خشک کرکے حاجت کے وقت کام میں
لاویں یعنی آنکھ میں ڈالیں مجرب ہے۔

دیگر۔ جست کشتہ و پھٹکری بریاں مساوی پیس لیں اور سرمہ کی طرح
آنکھ میں لگا دیں۔

ڈھلکہ

وہ دوائی کہ ڈھلکا کو ہٹاتی ہے۔ ہلیلہ سیاہ گلاب کے پانی میں پیس لیں اور
آنکھ میں لگا دیں۔

دیگر۔ شیرہ کنوار ایک قطرہ آنکھ میں ڈالیں اور کھلا دیں یہ دمعہ و سرخی
و گرمی کو دور کرتا ہے

دیگر۔ پھولہ و جالہ و کدورت بصارت کو دور کرتی ہے اور طرفۃ العین
میں آنکھ کو روشن کرتی ہے مجرب ہے اور اسرار میں ہے کہ بیج کٹائی کلاں
لیموں کے پانی میں گھسکر آنکھ میں لگا دیں۔

جالہ

واسطے دفعہ کرنے جالہ و پھولا کے و سفیدی و ڈھلکا چشم جو کہ تازہ ہو گیا
ہو۔ شب یمانی سفید جسقدر چاہیں لیکر بریاں کریں اور حل کرکے چینی کے پیالہ
میں ڈالیں اور نیم کے پتوں کا پانی نکالکر اوسپر ڈالکر خوب تر کریں تاکہ اوسکی آگ باہر
آوے اور سایہ میں خشک کریں بعدہٗ پھر اوسکو پیسکر سفیدہ تخم ملنگان میں تر کرکے سایہ
میں خشک کریں اگر دوبارہ سفیدہ میں تر کریں تو قوی ہوگا۔ بعدہٗ صبح و شام آنکھ میں
لگا دیں۔

کحل

کحل واسطے روشنائی و جالہ و پھولا و خارش مجرب ہے۔ شورہ قلمی و نمک
سنگ ہر دو برابر باریک پیسکر محفوظ رکھیں اور صبح و شام آنکھ میں لگا دیں
عجیب چیز ہے۔ لیکن آشوب چشم کو مضر ہے۔

دمعہ و ڈھلکہ!!

دوائی جو کہ دمعہ و ڈھلکہ کے لئے مجرب ہے اور نزول و پھولا اور دیگر امراض بیاض کو مفید ہے۔ فلفل گرد کو لیکر خراش کر اسکی سیاہی دور کریں اور مغز تخم سرس ہم وزن فلفل محکوک کرلیں۔ دونوں کو جدا جدا پیسیں پھر اسکو شہد میں ملا دیں خواہ معجون کے مانند رکھیں خواہ گولیاں بنا کر رکھیں شہد میں یا پانی میں حل کر کے آنکھ میں لگا دیں۔

دیگر۔ دوائی کہ سرخی چشم کو دور کرتی ہے ملٹھی قدرے پیسکر اوس میں شیرزن کے آنکھ کے پلکوں پر لگا دیں۔

شیاف

کندر بہ آب یا گلاب کھرل کر کے صبح و شام آنکھ میں لگا دیں دو تین روز میں ناخنہ بالکل زائل ہوگا۔

دیگر۔ جو کہ ناسور چشم کو مفید ہے۔ کندر انزروت دم الاخوین گلنار۔ کحل شب یمانی ہر ایک دو ماشہ زنجار چار سرخ سب کو پیسکر میٹھے پانی میں حل کر کے شیاف بنا دیں بوقت حاجت پانی میں حل کر کے کام میں لاویں۔

دیگر۔ دوائی دمعہ و سفیدی چشم و ناخنہ وغیرہ کے لئے مجرب ہے۔ مسکہ تین تولہ لیکر لوہے کے برتن میں رکھکر آگ پر رکھیں جس وقت گلکر پانی ہو جاوے تب نکالکر زنگاری ۳ ماشہ و گوگرد قسم اول ۲ ماشہ دونوں کو پیس لیں اور تین دفعہ کر کے پانی مذکور پر ڈالیں جس وقت ڈالیں تو تیغ آہنی سے حل کریں وہ جس وقت حل جاوے دوسرا حصہ ڈالیں اور تیغ سے ہلاویں تاکہ وہ جل جاوے اسیطرح تیسری بار کریں پھر دوپہر تک اسکو کھرل کریں میٹھے پانی یا لیموں کے شیاف بنا دیں اور کام میں لاویں۔

سرمہ

غبار چشم و تاریکی جو کہ غلاظت سے ہوتا رفع ہے چوب کیکر راکھ دو تولہ فلفل گرد ایک تولہ پیسکر سرمہ بنا دیں اور کام میں لاویں۔

باد فرنگ

ہلیلہ زنگی ساڑھے سات درم۔ نیلہ تھوتھا اڑھائی درم کوفتہ بیختہ بآب لیموں کھرل کریں جسقدر زیادہ کھرل کریں بہتر ہوگا پس بیر کے برابر گولیاں بناویں اور ایک صبح اور ایک شام دیویں غذا چنے کے برابر روٹی بے نمک دیویں اگر آب لیموں صد عدد اوس میں خرچ کریں بہت بہتر ہوگا۔

شنجار

نسخہ مجرب شنجارف توتیا ہر یک چار تولہ جو اکھار ۱۲ تولہ باریک کر کے تین روز لیموں کے پانی میں حل کریں مگر کھرل دستہ آن آہنی ہو پس چنے کے برابر گولیاں بناویں اور مسکہ کے بالائی ہمراہ ایک دو گولی موافق عمر مریض دیویں غذا روٹی گندمی و دال ماش دہ کھچڑی مونگ روغن زرد کے ساتھ یہ باد فرنگ اور آتشک کو مفید ہے۔

حب

یہ حب مجرب آتشک اور گٹھیا جس کو یونانی وجع المفاصل کہتے ہیں رسکپور ۲ ماشہ تمبول سات عدد۔ قرنفل ۷ عدد مرچ سیاہ ۷ دانہ سب کو باریک پیسکر تمبول کے ساتھ حل کر کے گولیاں بناویں اور ہر صبح مریض کی عمر کے موافق دو تین گولی دیں۔ اور ترشی و بادی سے پرہیز کریں پانی منہ سے آویگا مریض اچھا ہوجاویگا۔

حب لاجورد

حب لاجورد۔ آتشک اور تمام زخموں کو دیہ کے واسطے نافع ہے لاجورد مغسول پہلی سنت زرد۔ سورنجاں شیریں ہر ایک آدھا دام ایارج فیقرا ۴½ ماشہ تربد مقشر مجوف ۲ رماشہ چرب کر کے غاریقون ½ درم بسفائج ابسون کتیرا ہر ایک ایک انگو یک طور روغن بادام اور نگلا کے ساتھ گولیاں بناویں اور ورق نقرہ میں کپیٹ کر گرم پانی سے کھاویں۔ تین درم خوراک۔

ہلاس

ہلاس سوراخ تالو کے لئے۔ جو کہ آتشک سے یا نزول سے ہو مجرب ہے۔ مغز دام یتلی

۲ دانہ قرنفل تین عدد افیون تین رتی زعفران ۲ رتی کلہ پھل ۱۴ ماشہ سب کو باریک کرکے
دن رات میں ۵ یا ۶ مرتبہ عمل کریں یعنی نسوار لیں۔

دیگر۔ سم الفار۔ گندھک آملہ سار ایک ایک تانک کا نتھ یا پترا نیم دام سمندر پھل ۷ دام ہر ایک کو الگ الگ پیس لیں اور چھان لیں تاکہ سرمہ سا ہو جاوے پس لیموں کے پانی کے ساتھ مرچ سیاہ کے برابر گولی بناویں طریقہ کھانے کا یہ ہے کہ پہلے دن صبح کے وقت دو گولیاں اور شام کو ایک گولی دوسرے صبح کے وقت پانچ گولیاں رات کو ۴ گولیاں اس طرح پانچ دن کھاویں اور بادی چیز اور نمک سے پرہیز کریں اگر دوا جوش کرے تو ترشی بہت کھاویں اور نان و کھچڑی کی غذا کریں اور شیرینی ہرگز نہ کھاویں کیونکہ شیرینی سے قے آتی ہے اور بعض لوگوں کو اس دوائی سے اسہال آتے ہیں اور بعضوں کے اعضاؤں کو سوجن ہو جاتی ہے ہر سبب دوا کا غلبہ کرے یا نہ کرے تیسرے دن کے بعد ترشی بہت کھاوے کیونکہ مصلح اس دوا کا ہے۔ بیماری سے اگر تالو کو سوراخ ہو گیا ہو۔ تو ہوا وغیرہ سے محفوظ رکھنا چاہیئے اور اس دوائی کو پاؤ سیر لیکر جو کوب کریں اور ۷ دانہ ہر ملٹھو سالم ہر دو کو تھوڑے پانی میں رات کو تر کریں تاکہ نرم ہو وے۔ جیسے معمول الحکمت شیشے میں رکھیں چنانچہ شیشے کے دو حصہ خالی رہیں اور بطریق پتال جنتر یعنی چوا دہ ٹپکاویں اور تھوڑا سا تالو پر جہاں کے سوراخ ہو گیا ہو ہاتھ سے ملیں ایک دن میں دو بار یہ عمل کریں تو ایک ہفتہ میں صحت کامل ہو گی مجرّب ہے۔

نوع دیگر۔ آتشک کیواسطے مال کنگنی ۱۰ اجوائن خراسانی اجمود کچلہ کرو کلونجی ہر ایک پا پچلادم تخم دستورہ ½ درم سوائے مال کنگنی کے سب کو جدا جدا بھون لیں اور جس وقت یہ بھونی جاویں پھر انکو باریک کرکے چھان لیں اور ½ دانگ افیون خالص پانی میں حل کریں اور اس پانی سے اس دوا کو گوندھیں اور جنگلی بیر کے برابر گولیاں بناویں اور حسب قوت مریض ایک دو گولی صبح یا شام کھاویں اور غذا نان و روغن گوشت یا روغن دیویں اس چیز کے سوا دوسری چیز کوئی نہ کھاویں۔

دیگر۔ بیخ اندرائن۔ مردہ سنگ ہر ایک ½ درم قند سیاہ کہنہ ۴ درم قند کو آتشی

رکھیں تاکہ نرم ہو۔ اس کو آگ پر نہ ہی ہلنے دیں اور پہلے مردہ سنگ کو کوٹ چھان کر اسمیں ہلا دیں اور گوندلیں۔ پس آگ سے اتار کر کھرل کریں تاکہ بیخ اندرائن کو اسمیں اچھی طرح ہلا دیویں اور ۷ گولیاں بنا دیں اور ایک گرم پانی سے دیں۔ بعضوں کو اسہال بہت آتے ہیں اور بعض کو گھبراہٹ پیدا ہوتی ہے۔ اسلئے گھبراہٹ والے کو تاخواہ روغن زرد کے ساتھ بہت کھلا دیں روغن کا زیادہ کھلانا محض مردہ سنگ کے زہر کو دور کرتا ہے۔ حاصل کلام اس تدبیر سے انسان کا کام نکل جاتا ہے۔

حب

حب خصوصاً نازک طبائع اور دولت مندوں کو یہ گولیاں کچھ نہیں دیتی اور منہ نہیں آتا اور تمام زخم اور درد رفع ہو جاتا ہے۔ رسکپور ۹ ماشہ فلفل سیاہ ۸ ماشہ پوست مینح عنشبہ بیخ پوست درخت نیم۔ قرنفل سب کو کوٹ کر برگ تمبول کے پانی میں حل کر کے چودہ گولیاں بنا دیں ایک صبح اور ایک شام کے وقت کھلاویں غذا نان گندم بے نمک روغن زرد مگر گندم بھونی ہوئی اور کنگنی اس بیماری کے لئے مفید ہے۔

دیگر۔ شنگرف سہاگہ۔ عاقرقرحا۔ مازو چار دانگ باریک کریں اور تمبا کو کی چلم پر رکھکر تھوڑی سی دوائی ڈالیں اور پھر اوپر تمبا کو ڈالیں آگ رکھکر خوب کش لگاویں ایک دن میں دو چلم یا تین پئیں ایک ہفتہ تک پینا چاہیئے یہ تین دن کے اندر اندر فائدہ دیگا چاہے کتنی ہی سخت مرض ہو بیماری جو نہ جاتی ہو اس سے چلی جاوے گی اس دوائی کو اس وقت دینا چاہیئے جبکہ کسی دوائی سے فائدہ نہ ہوتا ہو اور سمجھ لیں یہ بیماری لا علاج ہے۔ دوائی کھانے کے وقت سوائے دال خشکہ اور نان بغیر روغن کے نہ کھاویں حاصل کلام روغن زرد بہت کھانا چاہیئے اور بعد تناول دوا ایک ماہ اور دس دن تک بادی اور خون افزا چیزیں جو کہ اس مرض کو مضر ہیں پرہیز کریں۔

دیگر۔ باد فرنگ و سوزاک کو دفع کرتی ہے۔ ترپھلہ دار چینی۔ بیخ اندرائن ہر ایک ایک درم سب کو جو کوب کر کے تین حصہ بنا دیں ہر روز ایک حصہ کو ایک سیر پانی میں

کریں صبح کو جوش دیویں جب آدھ پاؤ رہ جاوے آگ سے اتار کر پی لیویں۔
دیگر۔ اجوائن خراسانی نیم درم پختہ سیماب لک ٹانک نان خواہ نیم پاؤ بھلاوہ
ایک پاؤ قند سیاہ کہنہ ایک پاؤ پہلے اجوائن خراسانی اور سیماب کو ایک جگہ کھرل
کریں جو کہ دو پہر تک کھرل کیا جاوے گا بعدہٗ نان خواہ ملا کر ایک پہر تک کھرل
کریں پھر بھلاوہ دو دو تین تین ملا کر کوٹیں تاکہ تمام بھلاوے مل جاویں بعض ازاں
چار گھڑی تک پھر کوٹیں اور تمام چیزوں کی پندرہ گولی بناویں پھر ہر گولی کے چار حصے
بناویں اور چار طرف پھینک دیویں بعدہٗ ایک گولی شام اور ایک صبح لسی کے
ساتھ یعنی ایک پیالہ بھر کر اس میں حل کر کے دیویں اور رکھنی لسی ہمیشہ دیویں اور ہر قسم کی
ترش و بادی چیز جو چاہے کھاوے بلکہ ایسی چیزوں کا کھانا لازم ہے مگر روغن
چینی والی چیز ہرگز نہ دیویں اس کے علاوہ ہر چیز دیویں ایسی دوائی کھانے کے تین دن
بعد منہ جوش میں آئے گا اسلئے وہ تین دوائی نہیں کھانی چاہیئے بلکہ چھوڑ دینی چاہیئے
تاکہ آلائش باہر آوے بعد ازاں بیج کنار جنگلی جوش دیکر غرغرے کریں منہ ٹھیک ہو جاوے
گا۔ اس دوائی سے سات روز میں اگرچہ باد فرنگ کیسا ہی ہو جاتا رہے گا۔ چاہیئے کہ
بھلاوہ ایک پاؤ ہو مگر سر اس کا کٹا ہوا ہو۔

گنٹھیا

جو وقت کوئی علاج نفع نہ دے اور درد نہ جاتی ہو۔ تو لاویں لفظ سفیداوس کو
پیسکر ہر صبح نہار روز ایک درم سے ایک مثقال تک پینا مجرب ہے۔

باد گنٹھیہ

دوائی جو کہ باد گنٹھیہ وغیرہ کو مفید ہے سیماب خام ایک ماشہ قند سیاہ میں ڈالکر
گولی بناکر دیویں اسیطرح تین دن کریں اور غذا خشکہ بے نمک یا روٹی تنہا بہت کھلاویں
دیگر۔ جو تمام اقسام بادوں اسہال کے ساتھ دفع کرتا ہے مردہ سنگ ملکیری
ایکدرم جمالگوٹہ جو کہ پوست اور مغز سے پاک کیا ہو تین دانہ اور آدھا دانہ دونوں کو
پیسکر تین حصہ کریں۔ تین دن کیواسطے اور گولیاں بنا کر کھاویں ایک حصہ روغن

بہت لاتا ہے اور گرمی بھی کرتا ہے لیکن ہوا کو دور کرتا ہے اور نان مرغن بے نمک اور سپر سے تناول کریں اور اگر گرمی ہو تو دوغ پئیں اور کبھی اس دوائی سے کسی کو خون کی قے بھی ہوتی ہے اور اس حالت میں چاہیئے کہ زیرہ سفید جلا کر دہی یا لسی کے ساتھ دیویں تو قے بند ہو گی۔

حب آتشک

اگر مزمن ہو تو دس روز میں دفع ہو گا۔ رسکپور، شنگرف، آمر نج سیاہ، دانہ قرنفل، دانہ برگ تنبول، عدد گل ارمنی ایک ماشہ۔ تمام دوائیوں کو باریک پیسیں پھر برگ تنبول میں حل کریں اور گولی بقدر نخود بناویں اور خشک ہونے پر صاحب مرض اگر جوان ہو تو دو تین گولی صبح تازہ پانی سے اور دو گولی شام کو یعنی عصر کے وقت کھلاویں اور ترشی و بادی سے پرہیز کریں اگر گلا ورم درد کرے تو فصد سر اور کا نکالیں اور مضمضہ یعنی غرارے کریں اچھا ہو جاویگا۔

دیگر۔ آتشک کیلئے مجرب ہے اور بلا اذیت ہے کنول جو کہ مشہور دوائی ہے کوٹ چھان کر اول روز ایک ماشہ دوسرے روز دو ماشہ کھاویں اور ہر روز ایک ماشہ بڑھاتے جاویں۔ ساتویں روز ۷ ماشہ کھائی جاتی ہے۔ پس چھوڑ دیں اور اس ہفتہ ایکدن اسہال وقے آئیگی خواہ پہلے یا درمیان یا اخیر میں آوے اور کھٹائی کے سوائے کوئی پرہیز نہیں ہے یا مرض اس دوائی سے دور ہو گا۔

بغیر قے اسہال

جو کہ بہت نفع دینے والی ہے اور بغیر قے و اسہال کے صحت کلی ہو جاتی ہے کلونجی کنول گٹہ مقشر قند سیاہ ہر ایک ایک درم مردہ سنگ بادام سب کو کوٹ کر چھان کر قند سیاہ سے گولیاں بناویں اور یہ تمام دوائی ۱۲ روز کی ہے اور غذا بالائی اور نان بارونق اور چنے سب کو بریاں کریں یعنی رکھیں۔ [illegible] پانی چیز بہت کم کھاویں تو ٹھیک ہو گا اور اشیاء خشک کھاویں۔ لیکن روغن روز دینا اچھا ہے کیونکہ روغن مردہ

سنگ کا مصلح ہے۔

حب جیوات

جو کہ حکماء فرنگ کا عمل ہے آتشک کو دفع کرتا ہے جیوہ یعنی سیماب دو مثقال کھرل کریں اور ایک دانگ سم الفار سفید اس میں ڈالیں اور آب لیموں ڈالکر کھرل کریں تاکہ سیماب کشتہ ہو جائے پھر عاقر قرحا دم عطاکی ہر ایک دو مثقال کو قند سفید اسپیں ملا دیں فلفل مرچ سیاہ کے برابر حب بناویں جس شخص کو آتشک حد درجہ تک پہنچی ہو اور اس کے بال گرتے ہوں اور اس مرض کی کثرت کے سبب ہاتھ پاؤں اور کمر کام نہ کر سکتے ہوں یا تالو اور قضیب میں سوراخ ہو گئے ہوں اور پانچ گولیاں صبح اور تین گولیاں شام کو دیویں چاہیئے کہ پہلے قیمہ شوربا گوشت چرب دوائی کے ساتھ کھاویں اس کے بعد اس کے یہ دوائی کھاویں۔ کھٹائی سے پرہیز کریں تو از سر نو جوان ہو جائیگا اور دردوں کو برطرف کر دیگا۔

باد فرنگ

باد فرنگ کیواسطے سیماب تین درم افیون خالص دو درم قند کہنہ ۲ درم تینوں کو طاس میں ڈالکر تین دفعہ شب لیموں میں کھرل کیا جائے بعد ازاں ایکدرم شنگرف آس کرکے اوسمیں ڈالکر کھرل کریں تاکہ تمام ایک ہو جاویں اوسکی تین گولیاں بناویں اور ہر روز صبح و شام اوس میں سے ایک گولی کھاویں اور مچھلی و ترشی سے پرہیز کریں مجرب ہے۔

نوع دیگر۔ جو کہ آتشک جذام اور زخم مزمن وناسور کیواسطے بہتر ہے۔ سیماب مغز پستہ۔ مغز بادام برگ حنا تر ہر ایک ۳ دام مقل زرد صمغ عربی انزروت بوزیدان تربد سفید ہر ایک نیم درم غاریقون نشاستہ زعفران مصطگی ہر ایک ۲ درم کافور جدوار سقمونیا مشوی ہر ایک ایکدرم چاہیئے کہ سیماب کو لیموں کے پانی اور حنا سے کھرل کرکے کشتہ کریں اور اجزا کوٹ کر چھان کر ملا کر لیموں کے پانی میں گوندھ کر نخود کے برابر گولیاں بناویں اور ایکدرم کی خوراک کریں۔

سفوف۔ جذام کے واسطے مجرب ہے۔ ثمر درخت کھائن جو پکا ہوا ہو ۲۲ درم

دو حصے کریں۔ آدھے کو مٹی کے کھڑے میں ڈالکر میٹھا پانی اسمیں اسقدر ڈالیں کہ پانی دوا کے اوپر تین انگل ہو جاوے اور دوسرے آدھے کو کوٹ کر چھان کر ہر صبح ایک تولہ پانی مندرجہ بالا کے ساتھ کھاویں بعدہ ۱۲ روز تک یہ عمل کریں پہلے مزاج میں تھوڑی سی گرمی اور بے ہوشی ہوگی مگر اس کا کوئی خیال نہ کریں انشاءاللہ مرض دفع ہو گی۔

افراق فون

علاج افراق فون جس کو ہندی میں اکت ہمی کہتے ہیں جس وقت زیادہ ہو جاوے تو جذام کا سبب ہو جاتا ہے نعوذ باللہ من ہا۔ بہتر یہ ہے کہ اول فصد کریں اور تنقیہ کریں بعد ازاں یہ گولیاں جس طریقہ سے لکھی جاتی ہیں کھلاویں اور جو کچھ لکھا جاتا اسپر عمل کریں کاتھ بکر میٹھے پانی خالص میں حل کر کے ۱۲ گولیاں بناویں ایک صبح اور ایک شام پانی کے ساتھ کھلاویں اور غذا صبح و شام صرف چپاتی کے ذریعے بے نمک و روغن کھلاویں جس وقت پانچوں دن ہو۔ تو گولی کے عوض برگ تنبول جو کہ دس کے قریب ہوں بغیر کتھہ اور مصالحہ کے کوٹ کر کھلاویں اور پھر سرنگوں کریں کہ پانی منہ سے جاری ہو جاوے جسقدر پانی جاری ہو گا بہتر ہے بعدہ ایک ماشہ بیخ کنیر سفید پانچ عدد برگ تنبول کے ساتھ کھلاویں پانی آنا منہ کا بند ہو جاوے گا۔ پھر ۶ گولی باقی ماندہ کو بدستور مذکورہ تین یوم کھاویں اور چوتھے روز پھر برگ تنبول کھاویں اور پانی جاری کریں پھر ایک ماشہ بیخ کنیر مذکور اور برگ تنبول کھلاویں یہ تمام نو دن ہوئے پھر اسکے بعد اگر ہو سکے تو دس پندرہ روز پرہیز کریں اور اس پر لیا جوا سپر اکتفا کریں بعد اس کے تین ماہ تک یہ گولیاں بمقدار چنے کے باندھ کر ایک گولی روز کھاویں بہت مفید ہے برگ درخت عشر کے جو کہ ۷ عدد ہوں۔ برگ جوز ماثل ۷ عدد مرچ سیاہ ۴ ماشہ افیون مصری ۱ ماشہ ان تمام کو باریک کر کے بمقدار دانہ نخود گولیاں بناویں اور سایہ میں خشک کر کے ایک گولی ہر روز کھاویں۔

سفوف زخم آتشک

آتشک کے زخموں کیلئے مجرب ہے۔ پتھری بریاں۔ نیلہ تھوتھا بریاں خرمہرہ سوختہ برابر وزن کوٹ چھان کر زخموں پر چھڑکیں۔

دیگر۔ جو کہ آتشک اور زخم اور ناسور اور بھگندر کو نابود دیتا ہے جمال گوٹہ مغز کر نخود جو کہ بنا ہوا ہو۔ مرچ سونٹھ سب برابر لیکر کوٹ چھان کر پانی سے گولیاں بمقدار مرچ سیاہ کے بنادیں ایک گولی یا گولیاں کھادیں بہت جلد آرام ہوگا۔ مگر چاہیئے کے تین ہفتے متواتر کھادیں اسکا پرہیز کوئی نہیں ہے۔

آتشک

آتشک کیواسطے مجرب اور آزمودہ ہے رس الفار۔ عاقر قرحا کاتھ سپاری چکنی سپاری مساوی لیویں کوٹ چھان کر نخود کے برابر گولیاں بنادیں اور ایک گولی صبح ایک شام مریض کو دیویں ترشی و نمک گوشت و مچھلی سے پرہیز کریں تو ایک ہفتہ میں مرض بالکل زائل ہوگی۔ اگر ضرورت ہو تو چند روز اور کھادیں۔

فصل سوم

فالنامہ حضرت دانیال علیہ السلام

الحمد للہ رب العالمین والعاقبۃ للمتقین والاعدوان علی الظالمین والصلاۃ والسلام علیٰ رسولہ محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اجمعین والطاہرین وسلموا تسلیماً کثیراً کثیراً۔ اما بعد یہ قول ایک فال کا ہے جو کہ امام جعفر صادق و عبداللہ عباس و دانیال و لقمان حکیم کے قول پر ہے صلوۃ اللہ علیہم اجمعین فرماتے ہیں کہ ایک لکڑی چہار پہلو بناکر اوسکی ہر پہلو پر ایک حروف مثلاً اول طرف الف

رکھیں دوسری طرف ب تیسری طرف ج چوتھی طرف دال رکھیں۔ ان
چار حروف کو جمع کریں تو ابجد کا حساب ہو جاتا ہے لہذا اس کتاب کا نام
فال ابجد رکھا گیا ہے اور جو شخص اس سے فال نکالے تو چاہیئے۔ کہ وہ تین دفعہ
اس چہار پہلو لکڑی کو پھیرے اور جو کچھ آوے پڑھے نیک و بد اپنے حال سے
واقف ہو جائیگا اسپر شک نہ لاوے کیونکہ یہ فال نامہ قرآن مجید کا ہے اور
قول انبیاء و اولیا علیہ السلام کا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ااا - انا فتحنا لک فتحاً مبیناً۔ امام جعفر صادق
علیہ السلام فرماتے ہیں اے خدا وند فال اس نیت میں جو تو نے کی ہے
کہ حق تعالیٰ تیرے سب کام اچھے کریگا اور نیکی کا منہ دیکھیگا عبداللہ عباس
کہتے ہیں۔ کہ یہ نیت جو تو نے کی ہے تجھ پر مبارک ہو تجھ کو کوئی غم و ہم
دالم نہ پہونچیگا دل کو خوش رکھ تاکہ اپنی مراد کو پاوے کہ انشاءاللہ تعالیٰ
اج آج۔ واللہ ذو الفضل العظیم۔ امام جعفر صادق فرماتے ہیں کہ اے فال تجھکو
خوشخبری ہو خدا کا لطف فضل تیرے شامل حال ہے خورمی و خوشی دیکھیگا
حضرت دانیال فرماتے ہیں کہ شکر کر کہ حق تعالیٰ کے نزدیک تیری عزت و
آبرو زیادہ ہوگی ہرگز نا شکری نہ کر تاکہ تجھ پر کوئی زوال نہ آوے اور تیرا مال
تیرے پاس رہے گا۔ البتہ نگاہ رکھو اور لقمان حکیم کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی
مدد طلب کر اور خدا کا نام اپنے پاس رکھو تاکہ تیرا گیا ہوا مال پھر واپس آوے
اور تو ترقی عزت حاصل کریگا۔ کہ انشاءاللہ تعالیٰ۔ —

ادا - نیر زوکری لو حبین بما اتہم اللہ من فضلہ ویبشرون - امام جعفر صادق
فرماتے ہیں کہ اے صاحب فال جان لے کہ تجھ کو اور تیرے دوستوں کو خوشخبری
ہے کہ تیرے روزی کا دروازہ کھل گیا ہے اور تیرے دوستوں کو کوئی روزی نصیب
ہوئی اور تجھ کو دشمنوں پر فتح ہوگی تیرے سب کام اچھے ہوں گے حضرت دانیال کہتے
ہیں۔ کہ خدا کا شکر کر کہ تجھ کو خدا نے بلا سے نجات دی ہے اور لقمان حکیم کہتے

کہ صبر کر اور اسرار کوئی خواب دیکھتا ہے تو اس کے مطابق کام کر کہ انشاء
اللہ تعالیٰ۔

ا د د ۔ واذ جہنم لموعدہم اجمعین امام جعفر صادق فرماتے ہیں کہ اے صاحب
فال اگر عقل رکھتا ہے تو اس کام سے باز آجا۔ جو شخص عقلمند ہوتا ہے
بیگانہ زہر نہیں کھاتا اور نہ ہونے والی چیز کو پسند نہیں کرتا۔ حضرت دانیال
کہتے ہیں۔ کہ جو تم کو لوگ نصیحت کرتے ہیں تو سن اور دوستوں کا کہا بھی
مان بے فائدہ اپنا مال ضائع نہ کر۔ رنج اٹھائے گا اپنے واسطے یہ کام نہ کر
درویشان کو صدقہ دے خیرات کر اور اس بات یعنی نیت سے دور رہو تاکہ
خداوند تعالیٰ تیرے کام نیک کرے۔ لقمان حکیم کہتا ہے کہ ہرگز باتیں نہ سن
دور رہو تاکہ تیرا کام درست ہو باقی تو جانتا ہے۔

ا ب ا ۔ یبشرہم ربہم برحمۃ منہ ورضوانا۔ امام جعفر صادق فرماتے ہیں
اے صاحب فال تجھ کو بشارت ہو کہ تیرے یار دوست نیک ملیں گے
اور فراخی رزق ہوگی خزانہ و نعمت روزی کے ملے گی۔ جو کام تو جانتا ہے
نہ کیونکہ اس میں بہتری ہے تیرا کام بالا ہو جائیگا۔ لقمان حکیم کہتا ہے۔ کہ
کوشش کر اور اس کام میں سستی نہ کر اور اس نصیحت پر کام کر تاکہ تیرا مقصود
پورا ہو۔ حضرت دانیال علیہ السلام کہتے ہیں۔ کہ تجھ کو خوشخبری ہو تو نے فال نکلوائی ہے
اسی زمانے میں اپنا مقصود پائیگا۔ اگر تیرے دل میں کوئی خوف ہے۔ تو اس سے
بے خوف رہو۔ کیونکہ جو رنج تمہارا وہ راحت سے بدل چکا ہے انشاء اللہ تعالے

ا ب د ۔ قل لن یصیبنا الا ما کتب اللہ لنا ہو مولنا۔ امام جعفر صادق
فرماتے ہیں۔ کہ اے صاحب فال موسیٰ و ہارون آئے ہیں اور کہتے ہیں
کہ مبارک ہو کہ تیرا کام ہونیوالا ہے۔ تمام امیدیں بر آئینگی رزق تجھ پر
فراخ جلدی ہوگا۔ بہت خوشی دیکھیگا کہ انشاء اللہ تعالیٰ۔

ا ج ب ۔ اذ یقول لصاحبہ لاتحزن الا اللہ۔ امام جعفر صادق

فرماتے ہیں۔ کہ تیری فال ہود پیغمبر کی ہے تمہارے بدخواہ مکر کرتے ہیں امید دلاتے ہیں۔ لیکن خدا تعالیٰ تیرا مددگار ہے تجھ کو نیکی بہت ہوگی یہ سال تجھ کو مبارک ہے تیری سب حاجتیں روا ہونگی اور جو تجھ سے دور گیا ہوا ہے وہ جلدی واپس آئے گا اور جو چیز گم ہوگئی ہے بہت جلد ملے گی انشاءاللہ تعالےٰ۔

ا ب ح ۔ کمثل جنۃ سبع سنابل۔ امام جعفر فرماتے ہیں کہ اے صاحب فال دلکو خوش رکھ خوشی پائیگا شاد ہوگا۔ اگر کوئی تیرا بیمار ہے تو صحت پائیگا اگر کوئی خواہش ہے تو حاصل ہوگی حضرت دانیال کہتے ہیں کہ صاحب فال کو دوستوں سے نفع اور دشمنوں سے بھی نیکی ہوگی اور مقصود حاصل ہوگا کہو انشاءاللہ تعالیٰ۔

اح د۔ کلوا من طیبات ما رزقناکم۔ امام جعفر صادق فرماتے ہیں۔ کہ اے صاحب فال تجھ کو خوشخبری ہو کہ حق تعالیٰ نے تجھ کو عزیز و مکرم کیا ہے اور تجھ کو روزی دیتا ہے اور تیرے کام کرتا ہے غموں سے بے غم ہوگا اور مراد کو پہنچے گا اور لقمان حکیم کہتا ہے۔ کہ خدا تعالیٰ تجھ کو دشمنوں سے رستگاری دی ہے شکر کر اس کے بعد تمہارے سب کام اچھے ہوں گے کہو انشاءاللہ تعالیٰ۔

ا د ج ۔ فنادیٰ فی الظلمات ان لا الہ الا انت الخ ۔ امام جعفر صادق رح فرماتے ہیں۔ کہ اے صاحب فال تیری فال یونس پیغمبرؑ کی ہے غم نہ کر کہ خوشی بہت نزدیک ہے اور یہ سال تجھ کو مبارک ہے۔ کہو انشاءاللہ تعالیٰ۔

ب ب ب ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ اذا جاء نصر اللہ والفتح ورایت الناس امام جعفر صادق رح فرماتے ہیں۔ کہ اے صاحب فال تیری فال ادریس علیہ السلام پیغمبر کی ہے چونکہ ان کو اللہ تعالیٰ نے نصرت دی ہے۔ اسلئے تجھ کو بھی نصرت و فتح دے گا دشمنوں ... اور کام تیرے اچھے ہوں گے تیرا دل خوش ہوگا۔ تمام غم و الم سے نجات ہوگی اور تیرا کام بلند ہوگا اور تمام مقصود بر آئیں گے کہو انشاءاللہ

تعالیٰ ۔

ب ب ا ۔ ومن یتق اللہ یجعلہ مخرجا و یرزقہ الخ ۔ امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ اے صاحب فال تجھ کو اس کام میں جلدی نہیں کرنا چاہیئے صبر بہتر ہے کیونکہ یہ کام صبر سے ہوگا تو نے جو نیت کی ہے اس سے باز رہ تاکہ بلا سے نجات پائے ۔ باقی تو جانتا ہے کہو انشاءاللہ تعالیٰ ۔

ب ب ک ۔ انا عرضنا الامانت علی السموٰت والارض والجبال ۔ امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ اے صاحب فال بزرگوں سے فائدہ اٹھائے گا اور نفع پاوے گا تیری روزی فراخ اور تیرا کام بلند ہوگا اور تیری حاجت پوری ہوگی اپنے دل سے شک کو دور کرتا کہ تیرے دشمن مقہور ہوں ۔

ب ا ا ۔ من عمل صالحاً فلنفسہ ومن اساء فعلیہا ۔ امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ اے صاحب فال تیری فال لوط پیغمبرؑ کی ہے تجھ کو اس کام میں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنا چاہیئے تاکہ تجھ کو اللہ تعالیٰ برا کام دیوے نا امید نہ ہو تیرا کام تیری مرضی کے مطابق ہوگا ۔ اس کام میں تجھ کو بہت خوشی ہوگی ۔ اگر تو نکاح کی یا اور کوئی طلب رکھتا ہے تو کرلے تیرے واسطے اچھا ہے مبارک ہے ۔ انشاءاللہ تعالیٰ ۔

ب ب ج ۔ قال لا تخف نجوت من قوم الظالمین ۔ امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ اے صاحب فال تیری فال حضرت خضر پیغمبر کی ہے ۔ تجھ کو سفر درپیش ہے اور اس سے فائدہ ہوگا اور حاجت برآویگی جسقدر سفر کریگا تیرا کام بہتر ہوگا یہ کام اور دوسرا کام تیرے ارادے کے ساتھ ہوگا ۔ کیونکہ خضر علیہ السلام مدد گار ہیں اپنی مراد برآویگی جسقدر سفر کریگا تیرا کام بہتر ہوگا ۔

ب ا د ۔ یا ایہا الذین آمنوا اصبروا وصابروا ورابطوا واتقوا اللہ لعلکم تفلحون ۔ امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ اے صاحب فال جس کام سے خوف کرتا ہے ٹھیک نہیں ہے ، جلدی کرنا شیطان کا کام ہوتا ہے تھوڑے دن صبر کرنا چاہیئے

درویشوں کو صدقہ دینا چاہیئے اور خدا تعالیٰ سے مدد مانگ تاکہ بلائے ناگہانی سے نجات حاصل ہو اور تمام کام اصلاح سے مبدل ہوں۔

ب ا ج۔ واسبغ علیکم نعمتہ ظاہرۃً و باطنۃً۔ امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ اے صاحب فال تیری فال حضرت شعیبؑ کی ہے جان لے۔ کہ تجھ پر خدا تعالیٰ نے اپنی نعمت تمام کی ہے اور جو چیز تیری گم گئی ہوئی ہے مل جائے گی اور جو مراد تو رکھتا ہے وہ بر آوے گی اور نیک خبر ملے گی۔

ب ج ا۔ یوم تقلب وجوہہم النار یقولون یا لیتنا۔ اے صاحب فال اس نیت سے خوف کرتا کہ بلا میں نہ پڑے اور اس نیت سے باز رہ کیونکہ یہ نیک نہیں ہے دعا کرتا ہے کہ خدا تعالیٰ تجھ کو اس بلا سے نکال پورے محفوظ رکھے درویشوں کو صدقہ دے تاکہ یہ بلا تجھ سے دور ہو۔

ب ا د۔ واللہ انزل من السماء ماء فاحیا بہ الارض۔ امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ اے صاحب فال تیری یہ فال جرجیس پیغمبرؑ کی ہے۔ اس کام سے تجھ کو دولت ہاتھ آئے گی اور تیرا خیال نیک ہوگا اور روزی کا دروازہ تجھ پر کشادہ ہو جائے گا اور دشمن پر فتح پائے گا اور کام بلند ہوگا۔

ب د ا۔ قل للمؤمنین یغضوا من ابصارہم۔ امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ اے صاحب فال اس کام میں دل کو نہ لگا۔ پرہیز کر کیونکہ یہ اچھی نہیں ہے اگر کریگا تو رنج و زحمت اور دکھ اٹھائیگا خوف کر۔

ب ا ب۔ وان منکم الا واردہا کان علی ربک حتما مقضیا۔ امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ اے صاحب فال اس فال میں ایسا دکھائی دیتا ہے۔ اور سنا جاتا ہے یہ کہ معلوم ہوتا ہے کہ چند روز گذرے ہیں۔ کہ تم کو رنج و بلا پہونچا تھا خدا تعالیٰ نے اوس بلا کو ہٹا دیا ہے۔ تمکو شکر کرنا چاہیئے۔ اب خبر تمکو ملیگی جو کہ غیب سے ہوگی۔

ب ج ب۔ اللہ ولی الذین آمنوا یخرجہم من الظلمات الخ امام جعفر صادقؒ

فرماتے ہیں۔ کہ اے صاحب فال تیری فال دانیال ع کی ہے۔ تجھ کو مناسب ہے۔ کہ
دارو مدار کرنا کہ دشمنوں پر فتح۔ اگر تجھکو اوس میں کوئی خوف ہے تو اوسپر بالکل
خوف نہ کر۔

ب د ب۔ وعندہ مفاتح الغیب لا یعلمہا الا ہو۔ امام جعفر صادق فرماتے ہیں۔ کہ
اے صاحب فال تجھکو اس کام میں بہت نیکی ملیگی خدا تعالیٰ غائب کا دروازہ
تجھپر کھولیگا جو چاہتا ہے تجھکو ملیگا اور نا امید ہوگا اپنے دل کو خوش رکھ۔ کہ
تمام غموں سے رستگاری ہوگئی ہے۔ تیرا روزگار نیک ہو جائیگا۔ انشاءاللہ
تعالیٰ۔

ب ج ج۔ فاما الذین فسقوا فماوٰہم۔ اے صاحب فال اس کام میں
کوشش کرنا بے سود ہے تجھ کو صبر کرنا چاہیئے۔ کیونکہ صبر سے کام لینا اچھا
ہے۔ رکے ہوئے جاندار ہو جاتے ہیں توبہ کا دروازہ کھول تاکہ تو مراد کو پاوے
اور بلا میں پڑے اور صبر سے نیکی دیکھ انشاءاللہ تعالیٰ۔

ب ج د۔ ان المنافقین یخادعون اللہ وہو خادعہم۔ امام جعفر صادق رح فرماتے ہیں
کہ اے صاحب فال جو تو نے نیت کی ہے اس سے باز رہ پرحذر ہو کیونکہ تیرے ہاتھ
نہیں آئے گی اپنے آپ کو رنج میں ڈال اور بلا کو نہ ڈھونڈ خدا سے اپنے سے دعا مانگ تاکہ
بلائیں جاویں۔

ب د ج۔ یا یحییٰ خذ الکتاب بقوۃ وآتیناہ الحکم صبیا۔ امام جعفر صادق رح فرماتے ہیں کہ
اے صاحب فال تیری یہ فال یحییٰ پیغمبر ع کی ہے اس کام میں اندیشہ نہ کر اور رنج نہ کھا کہ
تجھکو عزت اور دولت ملیگی اس سے اپنی مراد کو پہونچیگا۔ اگر کوئی طلب رکھتا ہے
تو حاصل ہوگی۔ اگر کوئی بیمار ہے تو صحت پاویگا۔ اگر کوئی غائب ہے تو جلدی واپس
آئیگا۔ ہر کام میں خدا مدد کرے گا۔

ج ج ج۔ سلام قولا من رب الرحیم۔ امام صادق فرماتے ہیں کہ اے صاحب فال
تجھ کو بشارت ہو اور سلامتی ہر غم سے اور خوشی پائے تا تیرے کام جو ہاتھ سے گئے

ہوئے ہیں پھر آئیں گے امید جو رکھتا ہے وہ نیک ہوگی۔ دانیالؑ کہتے ہیں کہ نعمت و دولت منہ نہ کھائے گی اور لقمان حکیم کہتا ہے۔ کہ اگر سفر کی نیت رکھتا ہے تو نیک ہے سب مرادیں حاصل ہونگی۔

ح ا د۔ ما کان محمد ابا احد من رجالکم۔ امام جعفر صادق فرماتے ہیں کہ اے صاحب فال بشری یہ فال حضرت محمد رسول اللہ صلعم کی آئی ہے فتح و نصرت پر دلالت کرتی ہے۔ دل کو خوش رکھ غم اندوہ چلا گیا ہے اور راحت ظاہر ہوئی ہے تیرے مردہ کام زندہ ہو گئے ہیں عبداللہ عباس کہتے ہیں کہ غائب و گم شدہ ملیگا اور تو خوش ہوگا اگر بیمار ہے۔ تو صحت پائے گا۔ لقمان حکیم کہتا ہے۔ کہ اس فال کا تعلق مشتری سے ہے تمام مرادیں ملیں گی۔

ح د ا۔ الذین خلق السموات الارض۔ امام جعفر صادقؓ فرماتے ہیں کہ اے صاحب فال خوشی دیکھیگا۔ اس کام سے جو تو کر رہا ہے یا کر رہا ہے۔ یا کریگا کیونکہ یہ آفتاب کی طرح روشن ہے۔ دانیالؑ کہتے ہیں کہ یہ فال دلالت کرتی ہے بہت تعجب پر اور لقمان حکیم کہتا ہے۔ کہ اس فال میں خوش دلی ہے غائب سے خوشخبری ملیگی کوئی چیز ہاتھ آئیگی۔

ح ب د۔ قل یا عبادی الذین اسرفوا علی انفسہم الخ اے صاحب فال خدا تعالیٰ تجھکو نگاہ رکھتا ہے امر سے۔ وہ تا کہ اس کام سے اپنی مراد کو پہونچے اور تجھکو بہت خوشخبری ملے۔ دانیال پیغمبرؑ کہتے ہیں۔ کہ یہ فال کامرانی و شادمانی پر دلالت کرتی ہے۔ اور لقمان حکیم کہتا ہے۔ کہ یہ فال دلالت کرتی ہے۔ کہ ایک بزرگ سے تجھ کو فائدہ پہونچیگا اور دولت ملیگی۔

ج ا ج۔ او کصیب من السماء فیہ ظلمات و رعد و برق۔ حضرت امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ کہ اے صاحب فال ہوشیار ہو اور دیکھ اور عورتوں کے کہنے پر کام کر۔ دانیالؑ کہتے ہیں کہ اندیشہ اور دشمن سے بچو ونہ ہو۔ لقمان حکیم کہتا ہے کہ تھوڑے روز صبر کر جلدی نہ کر تا کہ بلا میں گرفتار نہ ہووے۔

ج د ب ۔ واعلموا ان اللہ یعلم ما فی السموات والارض ۔ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں ۔ کہ اے صاحب فال کوشش نہ کر اس کام سے ہاتھ ہٹالے ۔ اس میں بہتری ہے ۔ دانیال کہتے ۔ کہ اس کام سے دور رہو پرہیز کرو اپنا راز کسی سے نہ کہو ۔ صبر کر اس کام سے باز آ چلتے پانی میں اینٹ نہ مار کیونکہ وہ ٹھہر نہیں سکتی صبر کر تا کہ تیرا کام اچھا ہو ۔

ج ب ج ۔ ففتحنا ابواب السماء بماء منہمر ۔ امام جعفر صادق فرماتے ہیں ۔ کہ ایصاحب فال فتح کو دیکھ کشائش درپیش ہے ۔ اکو ننگ نہ رکھ تجھ پر نعمت بے اوڑک ہو رہی ہے تیرے سب کام اچھے ہو نگے اور کام کا اخیر اچھا ہو گا ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

ج ج د ۔ لیبلوہم من بعد خوفہم امنا ۔ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں کہ ایصاحب فال تجھکو خوشخبری ہو کہ خوف وخطرے سے بے خوف ہو گیا رنج گذر چکا ہے ۔ دل کو خوش رکھ اور خداوند تعالیٰ پر بھروسہ رکھو خدا سے ہی مدد مانگ ۔ دانیال پیغمبر کہتے ہیں ۔ کہ تیرا طالع نحس تھا ۔ اب سعد سے مل گیا ہے اس کے بعد تو دولت منہ دکھائیگا ۔ تیرے تمام کام تیری مرضی کے مطابق ہو نگے ۔ لقمان حکیم کہتا ہے ۔ کہ تیرا کام حسب منشا ہو گا ۔ اچانک تیرا کام ہو گا اور خوشی پائے گا اور دولت وعزت ملیگی ۔

ج ج ب ۔ ان اللہ مع الذین اتقوا والذین ہم محسنون ۔ امام جعفر صادق فرماتے ہیں کہ ایصاحب فال تجھکو تیری فال مبارک ہو اس کام میں اپنے دل کو خوش رکھ ۔ کیونکہ بہت جلدی تیرے کام بر آویں گے اور تیری مراد میسر ہو گی تھی چند روز میں تجھکو خوشی کی خبر ملیگی جس سے خوشدل ہو گا ۔ دانیال پیغمبر کہتے ہیں ۔ کہ یہ فال مراد کے ملنے پر دلالت کرتی ہے ۔ مراد کو پہونچیگا ۔ اور تیرے تمام کام مرضی کے مطابق ہو نگے ۔ لقمان حکیم کہتا ہے ۔ کہ تیرا طالع راستی پر آگیا ہے سچ کہنے کی عادت پکڑ تا کہ کام حسب منشا نیک ہوں ۔

ج ج ا ۔ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں کہ ہر چند زحمت اٹھاتا ہے اس کا
کچھ فائدہ نہیں ہے اس کام کے لئے چندے صبر کر تا کہ حسب منشا کام ہو عبداللہ
عباس کہتا ہے کہ تو سفر نہ جا کیونکہ نقصان اٹھائے گا۔ اگر کوئی بیمار ہے تو صحت
وہ اگر کوئی غائب ہے تو ابھی نہیں آئے گا۔ دانیال پیغمبرؑ کہتے ہیں کہ جلدی نہ کر
اگر کریگا تو پشیمان ہوگا چندے صبر کر پھر مراد حاصل ہوگی۔

ج د د ۔ امام جعفر صادق فرماتے ہیں کہ اے صاحب فال اس کام میں کوشش کر
کوئی چارہ نہیں ہے بلکہ اپنے آپ کو ملامت کر اور خیانت سے پرہیز کر ایک
سال تک صبر کر بعد اس کے تیرے نصیب اچھے ہونگے۔

ج ا ب ۔ الذین یتوفیہا الملائکۃ۔ امام جعفر صادق فرماتے ہیں کہ اے صاحب
فال تجھکو بشارت ہو ہر کام کے بر آنے پر یہ نیت جو تو نے کی ہے نیک ہے
مراد حاصل ہوگی دانیال پیغمبرؑ فرماتے ہیں کہ اس کام میں نصرت اور فتح حاصل
ہوگی غم سے خلاصی ہوگی غائب سے خوشی کی خبر پائے گا۔ لقمان حکیم کہتا ہے
کہ تیرے طالع اچھے ہو گئے ہیں مرادیں حاصل ہونگی غم سے خلاصی
ہوگی۔ دشمنوں سے بے خوف ہوگا۔

ج د ج ۔ واصبر وما صبرک الا باللہ۔ امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ
اے صاحب فال چندروز صبر کر جلدی نہ کر اللہ پر بھروسہ کر حق تعالیٰ سے
مدد مانگ اور دعائے استغفار کر تا کہ تیرے دشمن مغلوب رہیں لقمان حکیم
کہتا ہے کہ فی الحال تو اندیشہ میں ہے۔ ایکسال گذرنے کے بعد تیرے
طالع نحوست سے نکلیں گے پھر سب کام درست ہونگے۔ کھو انشاءاللہ
تعالیٰ۔

ج ا ا ۔ واعلموا ان یعلم ما فی انفسکم فاحذروہم۔ امام جعفر صادقؒ فرماتے
ہیں کہ اے صاحب فال خوف کر اس نیت سے جو تو نے کی ہے اور دشمنوں سے دور
رہ عورتوں کا کہنا مان۔ دانیال پیغمبرؑ کہتے ہیں کہ اس کام سے دور رہ اور آزمودہ کو نہ

آزما کیونکہ اس کام کی عاقبت نحس ہے لقمان حکیم کہتا ہے کہ جبکہ تو ایک دفعہ
دیکھ چکا ہے تو دوسری بار اپنے آپ کو دریائے ہلاکت میں کیوں ڈالتا ہے جیسا کہ
حق تعالیٰ فرماتا ہے ولا تلقوا بایدیکم الی التھلکہ ۔
ا د ب ا ۔ وکنتم علی شفا ۔ امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ اے صاحب فال منافقوں سے
پرہیز کر اور عورتوں کے کہنے پر کام نہ کر۔ دانیالؑ فرماتے ہیں کہ اس کام میں جلدی نہ کر اور
دشمنوں سے دور رہ تاکہ کسی بلا میں نہ پڑے ۔ لقمان حکیم کہتا ہے کہ تجھکو ایک بار نصیحت
کی ہے کیوں قبول نہیں کرتا اپنے آپ کو دریائے ہلاکت میں کیوں ڈالتا ہے اپنی نیت
سے دور رہ تاکہ تیرے سب کام اچھے ہوں ۔
ا ج ا حسبی اللہ نعم الوکیل نعم المولیٰ ونعم النصیر ۔ امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ
اے صاحب فال دل کو قوی رکھ خدا تیرا نگہبان ہے ۔ جسجگہ تو جائے گا دشمن زیر
دست ہونگے اور تو زبردست ہوگا تیرے کام کشادہ ہونگے دانیال پیغمبر کہتے ہیں کہ
دلکو خوش رکھ جو تو چاہتا ہے مل جائیگا خدا حافظ ناصر ہے لقمان حکیم کہتا ہے کہ
اپنے مقصود کو پہونچیگا ۔
ا ا د ۔ احذرہم ان یفتنوک من بعض ما انزل اللہ ۔ امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ
اے صاحب فال اس کام سے جو تو کرنے کی نیت رکھتا ہے نیک نہیں ہے ۔ خدا
عزوجل پر بھروسہ رکھ کیونکہ بندگان کا کام کرنیوالا وہی ہے ۔ دانیالؑ کہتے ہیں کہ
چندروز صبر کر اور اس کام میں جو کچھ خرچ کریگا بے سود ہے ۔ اپنا بھید کسی کو
نہ دے تاکہ بلا میں نہ پڑے ۔ لقمان حکیم کہتا ہے کہ آگے پیچھے کام کو دیکھ کیونکہ یہ کام
ناصواب ہے ۔ باقی تو جانتا ہے ۔
ا ا ب ۔ واصبر وما صبرک الا باللہ ۔ امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ اے صاحب
فال اس نیت میں صبر کر اور خدا پر بھروسہ کر تاکہ پشیمانی نہ ہو عبداللہ عباس کہتا ہے
کہ ایک قوم تیری دشمن ہے ان سے بچا رہ تاکہ زحمت نہ اٹھائے تو دانیال پیغمبرؑ کہتے ہیں
اگر صبر کریگا تو تیرا کام پورا ہوگا صبر کرنا بہتر ہے ۔

ا ا ج ۔ یرزقون فرحین بما اتٰہم اللہ من فضلہ ۔ امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ اے صاحب فال جو تیرے رنج ہے وہ دور ہوئے اور راحت آئی ہے دلکو خوش رکھو کہ مراد حاصل ہو گی تجھ سے سب رنج دور ہوئے اور عبداللہ عباس کہتا ہے کہ اپنے دلکو خوش رکھو کیونکہ مراد حاصل ہو گی اور حلال مال ہاتھ میں آئے گا اور تیرا ہر کام نیک ہو گا۔ دانیال پیغمبرؑ فرماتے ہیں کہ اس نیت سے جو تونے کی ہے خوش ہو غم کو اپنے دل سے نکال تاکہ مراد کو پہونچے۔

ا ب ب ۔ یاَ ایھا الذین امنوا انما الخمر والمیسر والانصاب والازلام ۔ امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ خوف کر دشمنوں سے پرہیز کر اور نادان و زناں کے کہنے پر نہ چل دانیالؑ پیغمبر کہتے ہیں کہ آگے پیچھے کام کو دیکھ ۔ کیونکہ دشمن چھپے ہوئے ہیں لقمان حکیم کہتا ہے کہ جو کچھ یہ خرچ کرے گا ضائع ہو گا اس کام سے باز رہنا اچھا ہے

ج ب ب ۔ لیس علیکم ہدٰیہم ولکن یہدی من یشاء ۔ امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ اے صاحب فال اس نیت سے کوئی فائدہ نہیں ہے ۔ دانیال پیغمبرؑ کہتے ہیں کہ تیرے جیسا کون ہے کہ جیسے گھر کی کنجی کو چھوڑ رکھا ہے اپنے پاس ہی سمجھتا ہے جب گھر میں پہونچتا ہے تو یاد آتا ہے اور سرگردان پھرتا ہے اور حیران رہتا ہے ۔ لقمان حکیم کہتا ہے ۔ کہ اپنی ملامت کو چھوڑ اور خیانت نہ کر ہر ایک کی بات نہ مان اور دشمنوں سے پرہیز کر باقی تو جانتا ہے ۔

د د د ۔ اذا جاء نصر اللہ والفتح ورایت الناس ۔ امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں ۔ کہ اے صاحب فال ۔ تجھکو بشارت ہو کہ دشمنوں پر فتح ہوئی جو کچھ طلب کریگا پائیگا اور تیرا مقصود بر آئے گا ۔ دانیال پیغمبرؑ کہتا ہے کہ اندیشہ نہ کر مراد پوری ہو گی ۔ لقمان حکیم کہتا ہے ۔ کہ اس سے پہلے تیرے ہاتھ سے مال جاتا رہے اس کے عوض میں دیگا خدا اپنے فضل و کرم سے دیگا ۔

د د ب ۔ فمن کان یرجو لقاء ربہ فلیعمل عملاً صالحاً ۔ امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ اے صاحب فال دلکو خوش رکھ کہ روشنی آ گئی ہے ہر طرح تیرا کام نیک ہو گا ۔

دانیال پیغمبرؑ کہتے ہیں کہ تیرے جیسا کون ہے جس نے کوئی چیز گم ہو گئی ہوا سکو ملیگی
نعمان حکیم کہتا ہے کہ تیرے بخت نحوست سے نکل آئے ہر روز اپنے اور دوستوں
سے نیکی دیکھیگا جو تیری مراد ہے جلدی بر آئیگی ۔
د د ج ۔ اے خداوند فال جو تو نے نیت کی ہے اس میں جلدی نہ کر اور جو کچھ
تم کو خدائے تعالےٰ نے دیا ہے اوسپر قناعت کر اور اس سے زیادہ زیادہ
مانگ اور اپنے آپ کو زیادہ تکلیف نہ دے کیونکہ روزی دینے والا خداوند کریم
ہے جو تیری قسمت کا ہے ملیگا صبر کر تاکہ مراد حاصل ہو ۔
د د ا ۔ ینصرکم اللہ فلا غالب لکم ۔ اے صاحب فال تجھکو اللہ تعالیٰ نے
فتح دی ہے دولت اور سعادت ملیگی جیسے کہ تو چاہتا ہے دانیال پیغمبر
کہتے ہیں کہ اگر سفر کی یا خرید و فروخت کی نیت ہے تو کر بہت اچھی ہے ۔
د ا ا ۔ خذوہ فغلوہ ثم الجحیم صلوہ ۔ اے صاحب فال یہ تیری نیت نیک نہیں
اس سے باز رہ اور صبر اختیار کر اور احتیاط خود کر تاکہ مراد حاصل ہو ۔
د ب ب ۔ فاما الذین فسقوا فماواہم النار ۔ ایصاحب فال یہ آیت فاسقوں
کے حق میں آئی ہے اس نیت سے باز آ اور دور رہ تاکہ تجھکو کوئی نقصان نہ
پہونچے بادشاہ اور ناپاک مردم سے دور رہ خوف کر صبر کر اپنا بھید کسی سے
نہ کہو تاکہ خدا کے امان میں ہووے ۔
د ج ج ۔ واما الذین آمنوا وعملوا الصالحات ۔ اے خداوند فال تجھکو خوشخبری
ہو کہ تو نے جو نیت کی ہے بہت اچھی ہے اور مبارک ہے اللہ تعالیٰ سے جو مانگتا ہے
ملتا ہے تیری مراد حاصل ہو گی اس نیت سے جو تو نے کی ہے ملیگی ۔
د ج د ۔ اللہ غیب السموات وما فی الارض ۔ اے صاحب فال تجھکو بشارت
ہو کیونکہ یہ فال اچھی ہے جو نیت تیرے دل میں ہے وہ کر اور جو چاہتا ہے
کر تیری اُمید پوری ہو گی روزی کا دروازہ تمپر کھل گیا ۔ اگر قرضدار ہے تو
فارغ ہو جائے گا اور تیرے دوست بھی شاد ہونگے ۔

د ب ج ۔ و عد اللہ الذین امنوا و عملوا الصالحات ۔ اے صاحب فال تجھکو بشارت ہو کہ جو نیت تیری ہے پاکی ہے یا امید رکھتا ہے بخوبی حاصل ہوگی غم و بلا سے امین رہیگا اپنی مراد خدا سے طلب کرتا کہ ل جاوے اور دشمنوں کی بات نہ سن تاکہ رکے ہوئے کام رواں ہو جاویں اور تجھکو بادشاہوں سے نفع پہونچیگا ۔

د ب د ۔ ولا الخ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں کہ اے صاحب فال تجھکو بشارت ہو کہ تو اچھی نیت رکھتا ہے اور مقصود طلب کرتا ہے کہ جلد اس کام میں خوشی نہ دیکھیگا فال نیک ہے جو دروازہ تمپر بند ہو رہا ہے اب کھل رہا ہے تجھے کوئی رنج نہ پہونچیگا ۔

د ا د ۔ واصبر صبراً جمیلاً ۔ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں کہ اے صاحب فال جان لے کہ جو نیت تونے کی ہے اس میں صبر کرنا چاہئے صبر سے سب کام اچھے ہونگے ۔ اگر جلدی کریگا تو پشیمان ہوگا اس نیت سے کوئی فائدہ نہیں ہے ۔ ایسا کام کرنے سے آفت میں مبتلا ہوگا یہ کام کرتا کہ بعد میں مراد حاصل ہو ۔

د ا ب ۔ لمن الملک الیوم للہ الخ امام جعفر صادق فرماتے ہیں کہ اے صاحب فال تجھکو بشارت ہو کہ جو تونے کی ہے بہت اچھی ہے بہت مال ہاتھ آئے گا اگر سفر کی نیت ہے یا خرید و فروخت کرنا چاہتا ہے ۔ کہ تو کر بہت اچھا ہے ۔

د ا ج ۔ و جعلنا من بین ایدیہم سداً و من خلفہم سداً ۔ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں کہ اے صاحب فال جو تونے نیت کی ہے اس سے بازرہ خوف کر تاکہ رنج نہ اٹھاوے بلکہ جو لوگ نصیحت کرتے ہیں وہ قبول کر وہ اچھی ہے خوشی ہوگی ۔

د ب ا ۔ ان اللہ یعلم ما فی السموات و الارض ۔ امام جعفر صادق فرماتے ہیں کہ اے صاحب فال تجھکو خوشخبری ہو کہ اس نیت سے جو تونے کی ہے فرزند روزی

ہو گی بہت نیکی و راحت ہو گی آزاد ہو گا مال آسانی سے ملیگا۔ اگر سفر کرنیکے نیت ہے تو کر نفع پائیگا۔

دج ا ۔ جزاہم عند ربہم۔ حضرت امام صادقؓ فرماتے ہیں کہ اے صاحب فال تونے یہ قرعہ جو ڈالا ہے بہت اچھا ہے۔ بلا و آفت سے خوف نہ کھا۔ اگر کوئی خوف ہے تو مبارک ہے خدا تعالےٰ تجھکو فرزند صالح دیگا۔ اگر سفر کرنیکی نیت ہے تو کر مبارک ہے۔ اگر تیرا کوئی آدمی گیا ہوا ہے تو جلدی واپس آئیگا اور تیری مرادیں حاصل ہونگی۔

دج ب ۔ رب اغفرلی وہب لی۔ امام جعفر صادقؓ فرماتے ہیں کہ اے صاحب فال تجھکو بشارت ہو جو تو نے نیت کی ہے بہت اچھی ہے اس نیت سے مرادیں حاصل ہونگی۔ اگر کوئی غائب ہے تو بہت جلد واپس آئیگا اور چوری گیا ہوا مال یا گمشدہ ملیگا۔ تاکہ تو خوش ہو اور عاقبت تیری اچھی ہو گی اور مرادیں حاصل ہونگی بلا شک کھوا انشاء اللہ تعالیٰ۔

تمام شد فالنامہ حضرت دانیال پیغمبرؑ

بندہ ناچیز نیاز آور حکیم عبدالقادر

فصل چہارم

اس نقش کو ایک لاکھ بار لکھا جاوے دن کو یا رات اور ہر خانہ لکھتے وقت بہت دفعہ یا باسط پڑھا جاوے اور مطلب ونقش کو چلتے پانی میں ڈالے نقش یہ ہے

١٨	٤٨	٦
٤٢	یا جبرائیل در نقش بحق این مطلب مدد اکن	٣٠

یا فتاح کن بحق این مطلب مددا کن -

حضرت علی کرم اللہ وجہ سے ہے کہ اپنے مرتبہ اور پانی عزت و حرمت کے اور بادشاہوں کے پاس جانے اور تمام بنی آدم کے پاس جانے کے لئے اور فتح مہمات اور مال کو امین رکھنے اور عیال کو محفوظ رکھنے اور کام کے درست آنے کے لئے سورۂ اخلاص کے تعویذ کو لکھی جاوے اور اپنے پاس رکھے یہ ہے تعویذ سورۂ اخلاص جو موکلات کی ہے

٥٤٥	٥٤٨	٥٢١	٥١٨
٥٣٠	٥١٩	٥٤٤	٥٢٩
٥٤٠	٥٣٣	٥٤٦	٥٢٣
٥٤٧	٥٤٤	٥٤١	٥٣٢

جو شخص بیمار کی حالت دریافت کرنا چاہے تو اس آیت کو کاغذ پر لکھا جاوے اور پیالہ پانی سے پر کر کے تعویذ کو اس میں ڈالدے اگر تعویذ تر ہو جاوے تو صحت ہوگی اگر غرق ہو جاوے تو مرجاویگا آیت یہ ہے ولو یاخذ اللہ الناس نا وے یستقدمون پیش آوے - تو الم بار پڑھے اور ترک حیوانات کرے - اسناد سورہ الم تر کیف اگر کسی کو مہم پیش آوے تو یہ پڑھے ،

تو مقصود حاصل ہوگا - اگر چاہے کہ حضرت جبرئیل کے ملاقات ہو تو الم رات دن الم بار ہر روز پڑھے اور دن کو روزہ تو ملاقات ہوگی - اگر حضرت خضر کی زیارت چاہے تو اسی طرح کرے ، اگر کسی کے دشمن ہوں تو ایک ہفتہ روزہ رکھے اور ہر روز آدھی رات کو اٹھکر الم بار ہر روز پڑھے تو خدا کے فضل سے ایک ہفتہ میں دشمن ہلاک ہوں گے -

اگر کسی کو اپنے عشق میں دیوانہ کرنا چاہے تو روزہ رکھے ۴۱ روز ۴۱ بار ہر روز پڑھے اور اوسپر پڑھے اوس وقت عاشق ہوگا۔

اگر جن کو اپنا مطیع کرنا چاہے تو روزہ رکھے ۴۱ روز تک اور ۴۱ بار سونے کے وقت ہر روز پڑھے تو اللہ کے حکم سے جن حاضر ہوگا۔

اگر کسے کو اپنے عشق میں دیوانہ کرنا چاہے تو لاوے ۴۱ مرچ سفید شب یکشنبہ کو اور ہر دانہ پر ۴۱ بار پڑھے اور ایک ایک آگ میں ڈالے ابھی وہ نہیں جلینگی کہ مقصود حاصل ہوگا۔

اگر دیو کو مسخر کرنا چاہے تو شب یکشنبہ کو دریا کے پانی کنارے جاوے اور ایک چراغ اپنے سامنے رکھے اور ایکسو بار سورہ مذکور کو پڑھے پھر اوٹھکر گھر کو آجاوے ۔ ابھی آدھا راستہ طے نہ کر چکا ہوگا۔ کہ دیو مسخر شدہ ہمراہ ہوگا۔

اگر چاہے کہ حضرت رسالت پناہ کو خواب میں دیکھے تو شب یکشنبہ کو ہزار بار یہ سورہ پڑھے تو اوسے رات پیغمبر صاحب کو خواب میں دیکھیگا۔

اگر کسی کو سخت زحمت ہو تو چار روز سورۃ ہذا کو لکھے اور کھانے کو دیوے اوسیوقت صحت پاوے۔

اگر کسی کو خواہ کیسی سخت بیماری ہو تو چاہیئے کہ اس سورہ کو لکھکر چلتے ہوئے پانی میں ڈالے۔ اگر غرق ہو تو بیماری لمبی ہو۔ اور اگر غرق نہ ہووے تو خدا کے فضل سے جلدی صحت پاوے۔

اگر کسی کو اپنے عشق میں دیوانہ کرنا چاہیئے تو مصری پر ۴۱ بار پڑھکر کھلاوے۔ تو وہ مبتلا ہوگا۔ آزمودہ ہے۔

اگر کسی دشمن کو ہلاک کرنا چاہتا ہے تو سات کنکر یکشنبہ کے دن لاوے اور ہر کلوخ پر سات بار پڑھکر کلوخ پر دم کرکے دشمن کے گھر ڈالدے تو دشمن ہلاک ہوگا۔

اگر دشمنان بدگویان کے واسطے پڑھنا چاہئے تو شام کے وقت

سات بار پڑھا کرے سب ہلاک ہو گا۔
اگر کسی کا فرزند یا شوہر بھاگ گیا ہو تو اسکو ۱۱ بار پڑھے تو حاضر ہونگے
اگر کسی کے دشمن قوی ہوں تو چاہیئے۔ کہ چہار شنبہ کے روز روزہ رکھے
اور جب رات ہو تو نماز اوسکی یعنی جنازہ پڑھکر ایکہزار بار سورہ الم ترکیف
پڑھے تو چاہیئے۔ کہ چہار شنبہ کے روز پڑھے تو دو یا تین روز میں دشمن
ہلاک ہو گا۔ لیکن دل قوی رکھے تاکہ مراد حاصل ہو۔
اگر دشمن کو ہلاک کرنا چاہتا ہے تو مٹی سات رستہ کی لاکر دشمن کی صورت
بناکر اور کارد لاوے اور سو بار سورہ کو اوس کارد پر پڑھے اور دشمن کا نام لیتا
جاوے اور اوس کارد کو دشمن کی صورت بناوے اور گردن دشمن پر مارے
پھر سو بار پڑھے اور داہیں ہاتھ پر مارے پھر ۱۰۰ بار پڑھکر بائیں ہاتھ پر مارے
اور نماز جنازہ پڑھے ۱۰۰ بار اس سورہ کو پڑھے اور گورستان میں دفن کرے
الم ترکیف پڑھے۔
بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ الم ترکیف بحق یا جبرائیل فعل ربک بحق یا کلکائیل
باصحاب الفیل بحق یا شمشائیل الم یجعل کیدہم بحق یا لوکائیل فی تضلیل
بحق یا میکائیل وارسل علیہم بحق یا اسرافیل طیرا ابابیل بحق یا ترطائیل
بحق یا بدوح ترمیہم بحجیل بحق یا کشکائیل فجعلہم بحق یا احمائیل کعصف ماکول
بحق یا صفائیل شافعاً مطیعاً بحق مالک الملک احفروا احفروا احفروا للسحرا
یا دردائیل بحق یا بدوح۔

فالنامہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ


اس دائرہ میں انگلی رکھی جاوے اور تعبیر اس عبارت سے معلوم کریں یعنی اگر ایک پر انگلی پڑے تو نیک ہے۔

۳	۲	۱
۵		۴
۸	۷	۶

اگر دو پر پڑے تو بد ہے اگر تین پر پڑے تو محنت سے کام بنے گا۔ چار پر سعد ہے پنجم بچشم ششم فی الحال نہیں مگر استواری سے سعادت پائے گا۔ سات پر سے دل کی مراد حاصل ہوگی ہشتم کام تو ہوگا مگر محنت کے بعد ہوگا۔ (دائرہ اوپر تعویذ کے لکھا گیا ہے)

چہلکاف کو چالیس روز پڑھیں اور ایک روز ایکہزار بار پڑھا جاوے اور حصار کے ساتھ پڑھا جاتا ہے۔ چہلکاف یہ ہے کفاک ربک کم یکفیک واکفتہ کفکا فہا کمین کان منکلکا تکر کر کلرا لکیر فی کبد تحکی مشکشکر کالملاک لکلکا کفاک ما بجا کفاک الکاف کر بیتہ لا کوکبا کان تحکی کوکب الفلک اسکے پڑھنے کا فائدہ یہ ہے کہ اس کے پڑھنے والا سیف زبان ہو جاتا ہے اور جو کچھ خدا تعالیٰ سے مانگے ملیجاتا ہے جمعہ کے روز شروع کرے اور ۲۱ دفعہ ہر روز پڑھے ایک ہفتہ تک مراد پوری ہوگی ساتھ یہ بھی پڑھے یا اسرافیل بحق اللہ حکم الٰہی کلمن سحز لی۔ اگر کوئی چاہے۔ کہ بیمار کے حالات یعنی حیٰ و موت کی خبر لے تو چاہیئے کہ اوسکے نام اور اوسکی ماں کا نام اور اوس روز کہ جسروز سوال کیا گیا ہے سب کو بحساب ابجد جمع کرے اور تین پر تقسیم کرے اگر ایک باقی رہے تو بیمار مرجائیگا اگر دو رہیں تو صحت پائیگا اگر تین رہیں تو زحمت لمبی ہوگی۔

قُلْ هُوَ اللّٰه کا نقش اگر سات روز آفتاب کے طلوع ہونے سے پہلے جبکہ ایک پہر رات باقی ہو تو جو نسخہ تعویذ درست کریں نیت صاف سے لکھکر دریا یا کنوئیں میں ڈالے۔ تو جو مراد اوسکے دلمیں ہوگی وہ پوری ہوگی تعویذ یہ ہے۔



لیکن پاک و صاف ہوکر لکھے مجرب ہے، خالی جگہ پر اپنی مراد لکھے نظر و سایہ کو بھی مجرب ہے ایک شخص بغدادی سے منقول ہے۔ کہ بلاہا و آفت ہائے زہرہا را نافع ہے۔ آیت یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم لا الٰہ الا انت علیک توکلت و انت العر

ش العظیم لا حول و لا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ماشاء اللہ کان و مالم یشاء
لم یکن اشہد ان لا الہ الا انت علی کل شیء قدیر و ان اللہ قد احاط و
کل شیء عددا اللھم انی اعوذ بک من شر نفسی و من شر کل دابۃ انت اخذ بنا
صیتہا ان ربی علی صراط مستقیم بسم اللہ خیر الاسماء بسم اللہ رب الارض و رب
السماء بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شیء فی الارض و لا فی السماء و ہو
السمیع العلیم۔

دیگر۔ اگر کسی کو زہر دیا گیا ہو اور کسی طرح اچھا نہ ہوتا ہو تو اس عزیمت کو تین
بار پڑھکر روغن زرد پر دم کرکے زہر خوردہ کو کھڑا کرکے پلا دے ہر قسم کا
زہر اوس کے جسم سے دفع ہو گا عزیمت یہ ہے

بسم اللہ شافی بسم اللہ معافی بسم اللہ کافی بسم اللہ وافی بسم اللہ خیر
الاسماء بسم اللہ رب الارض و السماء بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شیء فی
الارض و لا فی السماء و ہو السمیع العلیم۔

د	م	ح	د
ط	و	س	محی
طو	س	ذرح	حرع
۲	ن	ح	ال ۲

دیگر۔ زہر خوردہ کیلئے ایک پیالہ چینی کا
لاوے اور اوسپر یہ تعویذ لکھے اور پانی سے دہوکر
پلاوے بکرم اللہ تعالی زہر فرو ہوگا۔ کوئی زہر
اثر نہ کرے گا تعویذ یہ ہے۔ ۔ ۔ ۔ ۔

دیگر۔ وبا کے دور کرنے کیلئے جو کہ شہر یا
قصبہ یا گاؤں میں ہو تو چاہئے کہ اس تعویذ کو
لکھکر اپنے پاس رکھے اور ایک تعویذ لیکر دیوار
میں لگاوے یعنی گھر میں تو اللہ تعالی کے فضل و
کرم سے وبا سے خلاصی ہوگی وہ محلہ خدا کے
فضل سے محفوظ رہے گا تعویذ یہ ہے

عو	عو	ع	۳	۱۱
لم	۳	۶	۷	۷
۶	۷	۶	۲	۲
۷	۲	رع	ع	مغ
۳	۸	۳	۷	عہ

دیگر۔ دافع وبا۔ اس عزیمت کو لکھکر گھر میں رکھے تو حق تعالی وبا اور

قحط سے محفوظ رکھیگا بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم یا ولی الو باء و یا کاشف النضر والوبائ
اصرف من القحط والمرضی بحق محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم وعلیٰ خیر خلقہ اجمعین ۔
دیگر ۔ دافع وبا اگر شہر میں ہو تو اس عزیمت کو لکھکر گلے میں باندہے اور ایک ہو کر
پئے تو اللہ کے کرم سے قحط سے محفوظ رہیگا عزیمت یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم انی
اسئلک یا دئہ فی الحلم وبرکتہٗ فی الرزق وتوبتہٗ قبل الموت وتاعیباً فی القبر وکرامتہٗ متواطر
الیٰ یوم الثناد اللھم انی اسئلک سلامتہٗ فی البدن وصلاحیتہٗ فی المعیشتہ والموت علی السعادۃ
والشہادۃ واسمی لا تغیر جسمی لا تفرق بینی وبین حبیک محمد رسول اللہ صلی اللہ علی خیر
خلقہ محمد وآلہ اجمعین ۔

چور کے واپس لانیکی ترکیب ۔ اگر کوئی چیز گم ہو گئی ہو اور چور کا پتہ لگے
تو چاہیئے کہ دو شنبہ کے روز جبکہ آفتاب حمل میں ہو اس اسم کو ایک ۱۲۰ بار پڑہے اور
چور کے دیکھنے کی نیت کرے تو اللہ تعالیٰ اوس کا حلیہ یا چور خود خواب میں حاضر ہو کر
چوری کا اقراری ہوگا اور کہیں جانیکا راستہ نہ پائیگا اندہا ہو جائیگا جبتک مال واپس نہ
دیگا خلاصی نہ ہو گی ۔

دیگر ۔ رات کے سونیکے وقت ان اسماء باری تعالیٰ کو ۳ بار پڑہکر ہاتھ پر دم
کرکے دروازہ پر دستک دے تو اوس گھر میں چور نہ آئے گا ۔ آزمودہ ہے ۔ کلمات یہ ہیں
یا قیوم نا یفوت کل شئی من علم ولا یوٗدہٗ ۔

نوع دیگر ۔ اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو گئی ہو اور چور کا پتہ نہ لگتا ہو اور اوس کو واپس منگوانا
مقصود تو چاہیئے کہ ۵۰۰۰ ہزار بار اسم اعظم کو بہ نیت اوسکے منگوانے کے پڑہے اور
اس اسم کو پوست آہو پر لکھے اور اپنے سرہانے کے نیچے رکھے اور سو جاوے تو اوسی
رات چور کو خواب میں دیکھیگا اور سرانجام کو پہونچیگا اسم یہ ہے یا خالق من فی السماء
والارض وکل الیہ معاد ۔

دیگر گریختہ کیلئے ۔ ترنج کے پتوں پر لکھے اور آگ میں رکھے اوس شخص کا نام اوپر لکھدے
تو بہت جلد واپس آئیگا اور نام طاطا یبوم طاطادیونا ۔

دیگر - گریختہ کے لئے - اس عزیمت کو دو نان پر لکھے اور چور کا نام بھی اور دونوں نانوں کو آپس میں لوٹا دیوے یعنی دونوں طرف لکھی ہوئی پیوستہ ہوجائیں اور ایک بھاری پتھر اوپر رکھ دیو گریختہ جس جگہ ہوگا اندھا ہوجائیگا راستہ نہ دیکھیگا۔ آخر کو لاچار ہوکر پیچھے کو آئیگا عزیمت یہ ہے۔ یا سمیع کل صوت یا باری النفوس بعد الموت من لا یغفلہ شیٔ بحق محمد و آلہ اجمعین۔

دیگر - باز لانا بھاگے ہوئے کا - اس عزیمت کو لکھے اور لیجانیوالے کا نام آگ میں جلاوے وہ جہاں جائیگا - یا گیا ہوگا آگ دیکھیگا اور راستہ نہیں پائیگا۔

۶	۱	۸
۷	ع	۳
۲	۹	ع٥

دیگر چور کو واپس لانے کے لئے بسفالہ یعنی ٹھیکری کوری جسکو ابھی پانی نہ لگا ہو، عدد لیکر ایکطرف گریختہ کا نام لکھیں اور ایک طرف یا سبوح لکھکر ایک ایک کرکے آگ میں ڈالیں تو واپس آئیگا

غائب کے حال کا دریافت کرنا زندہ ہے یا مردہ

چاہے کہ جمعہ کے دن کی رات آدھی رات کے وقت اوٹھے اور اس عزیمت کو کاغذ پر لکھے اور کنوئیں میں رکھے اور خود علیحدہ بیٹھے اور سنے کہ اگر اوس کنوئیں سے دف یا ڈھول یا سرود کی آواز آوے تو جان لے کہ غائب شدہ زندہ ہے اگر نوحہ وزاری کی آواز آوے تو جانے کہ مرگیا ہے اور اس میں اس کا نام بھی لکھے عزیمت یہ ہے۔ ۲۱ ع٥ ۔۱۰ و ھو طلا ۹ الا ۱۱ ۱۱ ۱ ۱ ح

چور کے پیدا کرنے کے لئے شب یکشنبہ یعنی آیتوار کی رات کو گیہوں کی ایک روٹی پکاوے اور اوسکے ایک طرف اس عزیمت کو لکھے اور دوسری طرف جسپر شبہ ہو اس کا نام لکھے اور اوس کو کھلاوے۔ اگر وہ چور ہوگا تو اوس کا حلق پکڑا جائیگا عزیمت یہ ہے فلولا اذا بلغت الحلقوم و انتم حینئذ تنظرون الہم ان کان سارقا فخرجت وان یاردنا واخذہ اور ایک طرف ان الدنیا نکالا و جحیما و طعاما ذا غصۃ و عذابا الیما ط۔

نوع دیگر۔ چور کے پیدا کرنے کی ترکیب ہے۔ کہ اس عزیمت کو کاغذ پر لکھکر گوسالہ یا گوسالہ کی گردن میں باندھیں اور جن پر شبہ ہو یا دوسرے لوگ بھی ہوں اونکو کہا جاوے کہ ایک ایک اوس گوسالہ کی پشت پر ہاتھ لگاویں اور ہاتھ پھیر کر پیچھے ہٹ جاویں اگر وہ شخص ہاتھ لگانیوالا چور ہوگا۔ تو فوراً وہ گوسالہ آواز کریگا ورنہ نہیں عزیمت یہ ہے ان الذین اتخذوا العجل من الربہم سینالہم غضب اللہ من الربہم ذلۃ فی الحیوۃ الدنیا وکذالک نجزی المفترین ۔

نوع دیگر چور کا پیدا کرنا۔ شب یکشنبہ کو آٹے یا چاولوں پر اس عزیمت کو ستر بار پڑھے اور صبح اونکو کھلادے اگر چور ہوگا تو اوسکے گلے میں پھنس جائیگا وہ چاہے گا کہ کسی طریقہ سے آٹا یا چاول باہر آویں عزیمت یہ ہے۔ فلولا اذا بلغت الحلقوم وانتم حینئذ تنظرون ونحن اقرب الیہ منکم ولاکن لاتبصرون ۔

نوع دیگر۔ بھاگے ہوئے یا کالا کی عین دیکھنے کے لئے چاہئے۔ کہ مندل گل سرخ کرے اور اوسکے درمیان ایک لڑکی نابالغ کو بٹھادے اور اس عزیمت کو لکھکر موم میں لپیٹکر اس دختر نابالغ کو نمازی کپڑا پہناکر وہ عزیمت اوسکے منہ میں رکھیں اور ایک چراغ جلاکر لڑکی کے سامنے رکھیں اور کہیں کہ چراغ کی طرف دیکھے تو جہاں وہ چور ہوگا اوس لڑکی کو نظر آئیگا عزیمت یہ ہے واتبعوا ماتتلوا الشیاطین علی ملک سلیمان وما کفر سلیمان فیتعلمون من احد حتے یقول انما نحن فتنۃ فیاتی الاعور کما یکذبان عالم الغیب پیدا اور نا پیدا۔ ججممممططم انگوزہ خالص۔

سحر و جادو کے دفعیہ کے لئے۔ چاہئے۔ کہ اس عزیمت کو خون ماکیان سیاہ سے تین روز لکھیں اور کھلاویں اور ایک بازو پر باندھیں اور ایک گلے میں باندھیں سحر دفع ہوگا۔ فلما جاء السحرۃ قال لہم موسیٰ القوا انتم ملقون فلما القوا قال موسیٰ ماجئتم بہ السحر ان اللہ سیبطلہ ان اللہ لایصلح عمل المفسدین یحق احیا شرایار

عورت کے دل کا راز دریافت کرنا

ہدہد کا پتہ لاکر اوس میں یہ تعویذ لکھکر عورت کے سینہ پر رکھدیں جو کچھ اوس نے

کیا ہوگا وہ سب کچھ کہہ دیگی اللھم ربنا انزل علینا مائدۃ من السماء۔
تو عمل دیگر۔ تیغ کو باندہنا اور دشمنوں کی نظر سے غائب ہونا ان حروف کو لکھکر بازو پر باندہے اور جنگ میں جاوے مظفر و منصور ہو کر واپس آئیگا بیگانوں کی نظروں میں نظر نہ آئیگا۔ حم حم حم حم حم حم حم حم حم ارحم محم محم اہماس حم معد حم حم حا موج عم عم صم الیہ دمار معروف و معروف۔
دیگر۔ تیغ کا باندھنا۔ اور اگر امتحان کرنا ہو تو اس عزیمت کو کاغذ پر لکھے یکشنبہ کے روز اور گوسفند کی گردن میں باندہے اور اسکی گردن پر تیغ مارے اوسکا ایکبال بھی نہ کٹیگا آزمودہ ہے ۱۱ ھ ۱ ۷ ۱۱۱ ۹ ۷ ۹ ۵
دیگر۔ سوئی کا باندہنا۔ اس عزیمت کو سات بار پڑھکر سوئی پر دم کرکے اپنے منہ میں پھیرین کوئی دکھ نہیں پہونچیگا عزیمت یہ ہے فام تہن حمی ملوفی سلسولی بانی۔
دیگر۔ تیغ کا باندہنا۔ اس عزیمت کو کاغذ پر اور اپنے پاس رکھیں تو اوسپر کوئی ہتھیار کام نہ کریگا عزیمت یہ ہے۔ الحہ ۸ - وجیل المسلنا الحج اللہ اللہ فی ما الجعھو لما قبحط سرا سوم یہ یلہ۔
دیگر۔ چاہے کہ کام کو ثابت کرے یا کسی کو ثابت قدم کام میں کرے تو چاہئے کہ اس نقش معظم کو ۲۷ رات شبقدر کو نگینہ زر پر نقش کرے اور صاحب عمل با طہارت ہو یا بادشاہ یا دوسرا شخص اپنی انگلی میں پہنے تو حکومت شاہی میں ثابت ہوگا۔ نقش یہ ہے۔ یا دائم بلا فناء ولا زوال لملکہ۔
دیگر۔ کشتی اور جہاز کے غرق نہ ہونے کے واسطے اس عزیمت کو بہت پڑھے تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے کشتی یا جہاز کو غرق ہونے سے محفوظ رکھیگا وہ عزیمت یہ ہے۔ بسم اللہ مجریہا و مرسٰہا۔ ما قدر اللہ حق قدرہ والارض جمیعاً قبضتہ یوم القیمۃ والسموات مطویات بیمینہ سبحانہ و تعالیٰ عما یشرکون یا حی قبل کل حی و بعد کل میت۔

دیگر۔ اگر کسی کی عقل کم ہو تو اس عزیمت کو کاغذ پر لکھکر کم عقل کو کہے کہ اس کاغذ کو کھا جا۔ تو وہ کم عقل عاقل ہو جائے گا عزیمت یہ ہے۔

ط ۱۱۱۱۱ ۱۱۱۹ ۱۱۱ طح ط ہ

دیگر۔ جنگ میں فتح پانا۔ اگر چاہے کہ جنگ میں فتح ہو تو قبلہ کی طرف منہ کرکے آیۃ الکرسی تین بار پڑھے اور اس عزیمت کو ۲۱ بار پڑھکر مٹی کے ڈھیلے پر دم کرکے دشمن کے لشکر کی طرف پھینکے۔ تو دشمن کا لشکر اوسکے آگے بھاگ نکلیگا عزیمت یہ ہے۔ یا عطا طا تا۔

دیگر۔ اگر چاہے کہ لڑائی میں فتح ہو تو فوراً تمام عالم فتنہ ہو جاوے اور لشکر کا دائیں بائیں سے شور آوے اور خون گرا دیں۔ تو چاہے کہ اس عزیمت ۷۰ بار پڑھکر دم کرکے اور مرغ لشکر میں رہا کرے اگر فوج غالب ہوگا تو اوس وقت سب بھاگ جائے گا وہ یہ ہے۔ یا قاہر ذا البطش الشدید انت الذی لا یطاق انتقامہ وبرحمتک یا ارحم الرحمین۔

دیگر۔ جب سفر کو تجارت کیواسطے جاوے تو اپنے گھر سے جب باہر آوے تو اس عزیمت کو پڑھے بسم اللہ آمنت باللہ واعتصمت باللہ توکلت علی اللہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم اللہم انی اسئلک خیرۃ من مخرج واعوذ بک من شر مخرج۔

دیگر۔ سلامتی تجارت کے واسطے اس عزیمت کو لکھکر اپنے پاس رکھے۔ تو سبحانک قد ظلمت نفسی فاغفر لی فانہ لا یغفر الذنوب جمیع الات

دیگر۔ عمارت کی سلامتی کے لئے لکھکر آستانہ کی درمیان رکھے تو اوس گھر میں کسی قسم کا رنج نہ پہونچیگا اور آدمی اوس گھر کے کبھی کم نہ ہونگے خدا بزرگ و برتر کے حکم سے۔ رب المشرق والمغرب لا الہ الا ہو فاتخذہ وکیلاً۔

دیگر۔ منزل میں اترتے وقت یہ پڑھے تو اوسکو ڈر یا چور نہ لگے اور سالم وصحیح گھر آویگا۔ اعوذ بکلمات اللہ التامات من شر

نوع دیگر - قید سے رہائی پانا۔ اگر کسی کو قتل کرنے کیلئے بیجاتے ہوں تو چاہئے کہ اس عزیمت کو لکھکر اپنے پاس یا زو میں باندہے تو اسیوقت خلاصی پاوے عزیمت یہ ہے ۔ اللہم انی اسئلک و جیرا منع اللہ تعالیٰ ۔

دیگر - خلاصی محبوس۔ چاہیکہ اس عزیمت کو لکھکر اپنے بازو پر باندہے۔ بہت جلدی خلاصی پاوے بفرمان اللہ تعالیٰ۔ عزیمت یہ ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ انا للہ و انا الیہ راجعون حسبی اللہ نعم المولیٰ و نعم الوکیل و افوض امری الی اللہ ان اللہ بصیر باالعباد۔ ماشاء اللہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین و امان اللہ یا کریم ۔

دیگر - دوکان کا جاری کرنا۔ اس عزیمت کو کاغذ پر لکھکر دروازہ پر لگا دے یا مال میں رکھے اوس کا مال بغیر مال خدا تعالیٰ کبھی کم نہ ہوگا عزیمت یہ ہے ۔

ف ح ال دو اد داہ لا ۔

دیگر - اس عزیمت کو لکھکر دوکان میں لاوے خریدار غیب سے پیدا ہوں عزیمت یہ ہے نصر من اللہ و فتح قریب و بشر المومنین انا فتحنا لک فتحاً۔ السماء اذا جاء تا آخر و فتحنا ابواب السماء من ماء منہمر و فجرنا الارض عیونا فالتقی الماء امر الی قد قدر یا فتاح یا فتاح یا فتاح ۔

دیگر - اگر گائے یا بھینس یا بکری دودہ نہ دیتی ہو یا کھین نکالتی ہو تو اس عزیمت کو لکھکر چاہئی یا مدہانی میں باندہے تو دودہ اور دہی قائم رہیگا عزیمت یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اجلت۔ جہلت تا سا کموسا کشتا نکمشت کشت شہ دبحق ایاک نعبد و ایاک نستعین و یعہون و یدن اربیبون ام میسو سوا ہا ۔

نوع دیگر - خلاصی محبوس ایکہزار بار سورۃ والضحیٰ کو سونے کے وقت پڑہاکرے تو چند روز میں خلاصی پاوے ۔

فتوحات غیب کیواسطے


جو چاہے کہ کشائش فتوح ہو۔ تو شیخ صالح سے مروی ہے کہ چاہے کہ سورۃ انا

انزلناه کو ایک سو بار ہر روز اول و آخر یازدہ مرتبہ درود شریف ۴۱ روز تک پڑھے
تو انشاء اللہ غیب سے روزی پہونچے ۔

محبت کیواسطے ۔ اگر کسی سے محبت چاہتا ہے تو وہ تین ہزار چھ سو ساٹھ
دانہ فلفل لیکر ہر ایک پر ایک بار اس عزیمت کو پڑھے یا مقلب القلوب والا
ابصار ۔

نوع دیگر ۔ اگر کسی کو دیو پری کا سایہ ہو اور کسی وجہ سے نہ جاتا ہو تو چاہیے کہ
چار میخ آہنی لاوے جو کہ ایک بالشت کے مقدار ہوں اور اوسکے ہر چہار طرف
قل اعوذ برب الناس لکھے اور زرد دھاگہ میں لپیٹ کر ہر چہار کونہ گھر کے گاڑے
جو کچھ وہاں سایہ ہوگا بھاگ جائیگا ۔

دیگر ۔ لکڑی کی تختی پر لکھکر چار کونہ گھر کے اندر گاڑے یا دیوار میں لگاوے تو
تمام بلا بھاگ جائینگی ۔ تعویذ یہ ہے




نوع دیگر ۔ اگر کسی کو دیو نے پکڑا ہو تو اس فتیلہ کو لکھکر جلاوے اور اس کا
دھواں اسکی ناک میں پہونچاوے دیو دفع ہوگا عزیمت پلیتہ یہ ہے

۹۱۳۵۲۲۵۱۵۵۶۳۵۹ع۸۱۲۰ ۔۲ع ۵ ۶ ۱۵۱۵۵۲۱۵۱۵۸۱۱۳۵


احیا شراحیا یا حی یا قیوم اساعتہ اساعتہ اساعتہ الوحا الوحا الوحا العجل العجل ابلیس لعین فرعون نمرود شداد ہامان ابوجہل غمازو نار بسنگہ خبیث شیاطین ۔

دیگر ۔ لکھکر جلاوے اور دھواں بیچ میں پہونچاوے مجرب ہے ۱۱ ۸ ۷ ۱۵۱۵۶۱۵۱ع واعہ ۱ ۷ حاہ جاہ احاہ ۱۵ ۱ ۷ ۱ ۲ ۱۳ لص ۶ ان ع ۱۵ اخی ۱۵ ۷ لع الادو خلوز رع س ح لی خلوم الد منبین فاطرب ادعیوبات الحامیمکنہ طبی فعلمتس ددد ینقاشی نہ اجرا ابلیس ہامان فرعون علیہ العنتہ جہود جہاز

دیگر ۔ جب نقش لکھے تو پہلے شیرینی حضرت پیران جیو کا فاتحہ پڑھکر تعویذ کرکے گلے میں باندھے



دیگر ۔ دافعہ دیو دپری و سحر و ہر علت کہ ہو اس کا فتیلہ بناکر جلادے ۔ صحت ہوگی بکرم اللہ تعالیٰ فتیلہ یہ ہے ۔



۹	۶	۳	۱۶
ع	وا	وا	ع
۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲

ہر آسیبے وآنچہ دارد بہ فلاں بن فلاں
باشد مختصر شدہ دریں چراغ
بلیبنۃ آمدہ حاضر شود و بسوزد و دافع
گردد العجل العجل العجل الساعت الساعت
الساعت الوحا الوحا الوحا

الیغ ۔ مالا ۔ ملس ۳ ۲ ۲
مٓ ۔ صحشت
الملم ۔ ع ع ع
وسح ۔ رغمر ۲ ۲ ۲
۶ ۶ ۶ ۔ ط ف ط
صہب ۔ ۹ ۹ ۹
۸ ۸ ۸

دیگر۔ اگر کسی کو اپنے عشق میں مبتلا کرنا چاہتا ہے تو لکھے اور فتیلہ بناوے اور چہار کس کا نام لکھے اور چراغ میں روغن کنجد سے جلاوے اور تین تاریخ عمل کرے تعویذ یہ ہے . . . .

۸۹	۹۲	۹۴	۸۲
۹۵	۸۳	۸۸	۹۳
۸۵	۹۷	۹۰	۸۷
۹۱	۸۶	۸۴	۹۶

دیگر۔ اس نقش کو لکھکر فتیلہ بناوے اور چراغ میں روغن کنجد ڈالکر جلاوے اور یہ چار اسم پڑھے وہ اسم یہ ہیں یا جبار یا قہار یا مذل یا مصوّر اور نقش یہ ہے . . . . . .

ع۲۴۶	ع۲۴۹	ع۴۲	ع۳۸
ع۴۱	ع۴۹	ع۵ع	ع۴۱
ع۵۰	ع۳۹	ع۳۷	ع۴۴
ع۲۴۸	ع۲۳	ع۳۵	ع ع۳

دیگر اگر مادہ گاؤ یا گاؤ میش اور ہر چہارپایہ جو کہ دودھ نہ دیتا ہو یا مکھن نہ آتا ہو۔ صبح کیوقت اس تعویذ کو لکھکر چارپایہ کے گلے میں باندہے بفرمان بفرمان خدا تعالیٰ اوس چارپایہ کو نظر سے بچائے گا دودھ حسب خواہش دے گا اور مکھن نکالے گا خدا کے حکم سے نقش یہ ہے . . . .

۶	ط	۳	لا
۶	۳	۱۶	۱۶
عر ۱	۵	۱۸۰ ام	۱۱ وا

دیگر۔ ان دس اسموں کو لکھ کے اور لڑکے کی گردن میں باندھے تو دیو پری اور تمام بلا محفوظ رہے بسم اللہ الرحمن الرحیم و اسئلک باسمک یا کافی یا شافی یا معافی یا وافی یا ہادی یا قاضی یا راضی یا معین یا باقی یا غفور یا غنی یا ودود یا رؤف یا عطوف یا شکور یا معبود یا حی یا قیوم یا قدوس سبحانک یا من لا الہ الا انت الا ما سواللہ۔

دیگر۔ ان ناموں کو لکھ کر اپنے پاس رکھے تو ہر بلا بیماری دفع ہوگی بسم اللہ الرحمن الرحیم یا سمیع الذی لا یخفیٰ علیہ شیٔ فی الارض و لا فی السماء۔

دیگر غائب کے واسطے سات رات پڑھے غائب سلامت واپس آویگا سورۃ والضحیٰ الم نشرح ۱۷ دفعہ ہر روز پڑھے۔


دیگر۔ اگر کسی کو نارو ہو تو یہ عزیمت لکھ کر نارو پر باندھے بکرم اللہ تعالیٰ نارو دفع ہوگا اکبر انت یا نارو ا ولا تکبیر انت محمد صلے اللہ علیہ وسلم قیمت یا صمد یا حی اللہ انت صلے اللہ علیہ خیر خلقہ محمد و آلہ اجمعین۔


دیگر۔ اگر کسے کو بد رو نکلی ہو تو یہ تعویذ لکھ کر بدرو پر باندھے تعویذ یہ ہے منہا خلقنا کم و منہا نعیدکم و منہا نخرجکم تارۃ اخریٰ۔

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

دیگر۔ اگر زراعت میں چوہے زیادہ ہوں تو یہ تعویذ لکھ کر زمین میں دفن کریں تو چوہے بھاگ جائیں گے تعویذ یہ ہے . . . .

دیگر۔ بازو بند حضرت علی کرم اللہ وجہہ یہ ہے۔ دیگر۔ یہ بازو بند حضرت محمد مصطفے صلعم ہے۔






دیگر۔ اگر کسی کا زانو درد کرتا ہو تو دو پارہ کاغذ پر لکھ کر دونوں زانو پر باندھے تو صحت مجرب ہے۔

ہاروں۔ ماراتوں۔ ماردول۔ اردول۔

دیگر۔ چار پایہ کو نعمت ہو تو یہ لکھکر گلے میں باندھے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الٰہی بحرمت یملیخا مکسلمینا کشفوططط تبیونس ازرفت یونس کشافت یونس موانس یوس بام قلبم کہف قطمیر صلی اللہ علیٰ خیر خلقہٖ محمد وآلہ اجمعین۔

دیگر۔ جو شخص چاہے کہ کسی کو اپنے عشق میں دیوانہ کرے تو چاہئے۔ کہ خانگی چڑے کے خون سے اس عزیمت کو لکھکر آگ میں ڈالے عزیمت یہ ہے۔ ۱۱۱۹۱ ۱۱۲۶ حما حال عمہ ۱۱ ح

دیگر۔ فلیتہ مخدوم حضرت اشرف جہانگیر قدس سرہٗ۔ کہ جب کسی کو آسیب ہو گیا ہو تو ایک چراغ نولا وے اور اوس میں روغن ڈالے اور فلیتہ پر روئی لپیٹے اور چراغ میں رکھے اور آسیب والے کے سر پر سات بار پھیرے اور کہے۔ کہ اے مخدوم اشرف جہانگیر بلائے جو کہ فلاں بن فلاں کے سر پر ہے جل جاوے فلیتہ یہ ہے۔



ابلیس لعین فرعون لعین شداد لعین نمرود لعین ہامان لعین حماک لعین ادفیا نوس لعین دکیانوس لعین احصیا لعین کعصا ہیرون لعین ہنومت لعین نرسنگھا لعین کلو العین وہر لعین جو ہو حاضر ہو کر دفع ہو اور جل جاوے۔

دیگر۔ عمل حضرت غوث الاعظمؒ ہر بلا کے دفعیہ کیلئے جو کہ دور ہوتی ہو تو یہ عمل کرے اول چاہیئے۔ کہ دو رکعت نماز گذارے اور حضرت کے ارواح کو فاتحہ دیوے اور شیرینی پر فاتحہ پڑھے اور عمل کی حاجت چاہے اور اس تعویذ کو دو شنبہ کی رات یا شب جمعہ کو لکھے اور چراغ کے اوپر رکھے اور ایک ہار دیگ کے گلے میں باندھے اور اگر صندل و عود جلاوے اور مغرب کے بعد کرے اگر بیمار کو فرصت نہ ہو تو جو وقت اوسکو بیماری سے فرصت ہو کرے۔ تو حضرت پیر محی الدینؒ خود تشریف لاویں گے۔ جبکہ رات کا ایک پہر باقی ہو اوس وقت تشریف فرما ہونگے اور آسیب کو دریافت کرینگے اور چار بادشاہ آپ کے ہمراہ ہونگے جنہوں نے تخت آپ کا اٹھایا ہوگا عمل یہ ہے۔

بکہیعص لیبیر ۱۲۰ اننسیسعہ ۲ ۳ ۴ ۲ ۶ ۹

۷	۲	۸ ب ۹	ا بجیو
عو عیو	ع عیو	۳	۶
۱	۸	۲ بیو	۷ بجو
۶ عو	۳ بیو	B	عو

یا السقنبر یا فرشط یا نا ھیا یا مسلمع یا مختارح یا مفہو ششش

علیقا ملیقا انت تعلم ما فی قلوبہم طلیقا اور سر درد گرد ورد جو فلاں بن فلاں پر ہوا ہے یا آیا ہے اور وہ اس فلیتہ و چراغ میں آیا ہے خاک ہو جاوے بحق العجل العجل العجل الوحا الوحا الوحا ساعت ساعت ساعت۔

دیگر۔ حب کیواسطے بیضہ مرغ پر لکھکر آگ میں جلاوے محبت ہوگی مجرب ہے

۱۱۶۱۵ ۱۱ ۱۱ ۱۱۱۱ لو ۱۱ ۱۱۱۱ کا ا ، ۵ ھح

زا ولا المحبت لا طلب صلاح الوحا الوحا الوحا العجل العجل العجل ساعت ساعت الساعتہ الا الحب یا یار سامحہ است علی کعت علی ہر مند محمد و بحرف بالنہار خاک بیل محرب فی ہذا الکتاب محج ھحح فلاں بن فلاں عجل عجل ھیا ھیا فلاں بن فلاں۔

دیگر۔ خواب بندی کے واسطے لکھکر سرہانے کے نیچے رکھے ننگے سر بجا گا ہوا آئیگا حکیماں نے آزمایا ہے آزمایا ہوا ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ایاک و ایاک نستعین بحق اھیا شراھیا ادونی آیئہ۔

الحب۔ اگر چاہے کہ کسی کو اپنے عشق میں دیوانہ کرکے لمحہ بھر نہ رہ سکے تو لاوے اکیس ۲۱ دانہ سرسوں زرد کے اور ہر ایک دانہ پر ایک بار پڑھکر آگ میں ڈالے تو اوسیوقت تیرے آگے آئیگا۔ یختص برحمتہ من یشاء وہو القوی العزیز۔

الحب۔ پلیتہ محبت کا لکھے اور جلاوے۔ اگر سات حصار آہنی میں ہو تو بھی آجاوے وہ عزیمت یہ ہے الہ الہ الہ ۷ لہ ۱۱ ۱۱ ۱۱ ۱۱۱ ۹ عو ۲۶۶ ۸ حصہ ۹ صح صح ۱۱۹ ۱۰۱ ۷۱۰۱ ۱۱ حد ۷ ۸ ۲

دیگر۔ زن و شوہر کی محبت کیواسطے طعام یا شیرینی یا میوہ پر پڑہکر کھلا وے تو آپس میں محبت ہو عزیمت یہ ہے۔ لااقسم بیوم القیامۃ ولا اقسم بالنفس اللوامۃ۔


جدائی کیواسطے۔ نان پر لکہکر کتے کو کھلاوے اگر اوسنے کھالیا تو انکے درمیان جدائی ہوگی تعویذ یہ ہے

۷۵ و صر ۱۱ ۱۱ — ط۱۱۱ ۹۱۱ ۹ ۱۱۱ ط دء — دا ع ۱۲۱ ۱۲۱م سو

۹۰ ۱۱ ۹۰۹ — ۱۱۱ ۹۹ ۰۱ — ۱۱۱۱ ۱۱۱ ط و

۷ مر ۱۱ ۰ صر

دیگر۔ زبان بندی کیلئے اس تعویذ کو لکہکر اپنے بازو پر باندہے دشمنوں کی زبان بند ہو گی عزیمت یہ ہے



دیگر۔ اگر بچہ لاغر ہو جاوے تو اس عزیمت کو لکہکر بچہ کے گلے میں باندہے خدا کے فضل و کرم سے بچہ موٹا ہو جاوے۔ عزیمت یہ ہے۔ خنقو جبلوش اردوس ہوس حلوس مرطوس لیاوساس الساوحی لعلی واتحوا الرمن سلیمان وانہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ابابکر صدیق رضی اللہ عنہ الا لہ بحق الارض والسماء خ ط۔

دیگر۔ سایہ کیواسطے اگر کسیکو دیو و پری وکفتا نے پکڑا ہو تو اس نقش کو لکہکر چراغ میں جلاوے تو بہت جلد آسیب دور ہو گا تعویذ یہ ہے

۸۱ع۵	۸۸ع۵	۲	۰۷
۴	۳	۱ع۸۵	۱ع۸۹
۱ع۸۷	۱ع۸۳	۸	۱
ع۹	ع	۱ع۸۲	۱ع۸۶

دیگر۔ اگر اسم یا حی کو ۱۷ بار ہر روز لکہے اور پھر ہر روز جسقدر کہ ہو سکے مقرر کر کے پڑہا کرے تو دو نیم تنکہ ہر روز مل جاوے مثلث یہ ہے

۶ باری	۷ کبیر	۲ خبیر
۱ واحد	ع بصیر	۱ حی
۸ قدیر	۳ لطیف	ع احد

دیگر۔ زحمت اور علت کیواسطے اس نقش کو ۳ روز کہلاوے تو بطفیل شاہ عالمین صحت کلی ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷	۲	۹
۸	۶	ع
۳	۱۰	ع

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

دیگر۔ ہر زحمت کے لئے یہ نقش لکھے نقش یہ ہے۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

دیگر۔ اگر عقیمہ عورت کو حمل نہ ہوتا ہو تو یہ اسم پیغمبراں کے لکھے اور بعد پاک ہونے حیض کے رات کو اپنے خاوند سے وطی کرے اور اول و آخر درود شریف پڑھے تو اللہ تعالیٰ اوسکو فرزند نرینہ عطا کرے گا اسم یہ ہیں۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا الٰہی بحرمت ابراہیم خلیل اللہ کہ اسماعیل کو دیے دیا۔ الٰہی بحرمت حضرت محی الدین ذکریا کہ یحییٰ تو نے دیا۔ الٰہی بحرمت حضرت یعقوب کے کہ یوسف کو تو نے دیا فلاں بن فلاں کو بھی لڑکا عنایت کر۔

دیگر۔ اگر کسی کے نہ ہوتا ہو تو ان آیتوں کو لکھے اور عورت اپنی کمر میں باندھے بکرم اللہ تعالیٰ فرزند نصیب ہوگا آیت یہ ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وہو الذی یصورکم فی الارحام کیف یشاء لا الٰہ الا ہو العزیز الحکیم۔ علی کل شیئ قدیر۔ اللھم ربنا انزل علینا مائدۃ من السماء تکون لنا عیدا لاولنا وآخرنا وآیۃ منک وارزقنا وانت خیر الرازقین۔

دیگر۔ امام جعفر صادق رحمۃ فرماتے ہیں کہ جس عورت کے فرزند نہ ہوتا ہو۔ تو اس عزیمت ہذا کو لکھ کر ہرن میں اپنی پشت پر باندھے تو خدا کے حکم سے اسکے گھر فرزند نرینہ پیدا ہوگا اگر کسی کو اعتبار نہ ہو اور آزمانا چاہیئے تو عزیمت ہذا کو لکھ کر خشک درخت باندھے تو دیکھے کہ وہ پھل لاتا ہے یا نہیں عزیمت یہ ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم علی علی علی علی علی علی علی علی علی مہ مہ مہ مہ ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو۔

دیگر۔ جس عورت کے اولاد نہ ہوتی ہو وہ لکھکر اپنے پاس رکھے تو اوسکے اولاد ہوتی رہے گی۔ اگر اعتبار نہ ہو تو پہلے کسے خشک درخت پر باندھکر دیکھ لے اگر وہ سبز ہو جاوے تو پھر خود کرے عزیمت یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ حی حی حی حی حی حی حی حی حی حی۔ قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم

وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد و آلہ وسلم۔


دیگر۔ اگر حمل نہ ہوتا ہو تو یہ دوائی کھلاویں سیاہ دانہ ۹ درم۔ دانہ خشخاش ۵ درم جوز بویہ ایکدرم سب کو باریک کرکے کالی گائے کے دودھ سے سات روز تک کھلاویں اور عورت حیض سے پاک ہو کر اس دوائی کو سات روز کھاوے ترشی و بادی ترکاری سے پرہیز کرے تو بکرم اللہ تعالیٰ وہ عورت حاملہ ہوگی مجرب ہے۔

دیگر۔ اگر عورت حاملہ ہونا چاہے تو اس کو نان گندم پر لکھکر کھلاوے اور مرد اوس سے مجامعت کرے تو خداوند تعالیٰ اوس کو فرزند نرینہ عطا کرے گا عزیمت یہ ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا حی قبل کل حی یا حی بعد کل حی یا حی حین لا حی احد لا ھو یا حی یحیی الموتیٰ یا حی یا حنان یا ذوالجلال والاکرام یا مقالید السموات والارض مفاتیح فی عروج اللہ فظاہر رحمۃ اللہ فی کتابہ والہ الحسنیٰ الاعظم والاکرم الا ارحم الراحمین الاعلیٰ الحکیم۔

دیگر۔ فرزند نرینہ کے واسطے لاوے بیج کتائی خورد کہ اوس کا پھول سفید اوس سفید پھول کو باریک کرکے عورت کو کھلاوے تو خدا کے فضل سے فرزند نرینہ پیدا ہو۔

دیگر۔ اگر ہد ہد کا دل عورت کو کھلاوے تو اوسی وقت اوسکو حمل ہوگا۔ آزمودہ ہے۔

دیگر۔ اگر عورت حاملہ ہونا چاہے تو اس عزیمت کو لکھکر دائیں بازو پر باندھے فرزند پیدا ہوگا۔ اگر آزمانا ہو تو خشک درخت سے باندھکر آزمالے عزیمت یہ ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم علی علی علی علی علی علی علی علی اھم اھم اھم اھم اھم اھم اھم لہ لہ لہ لہ لہ لہ لہ ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو یا کریم بحق محمد و آلہ اجمعین بحق کھیعص۔ بحق حمعسق۔ بحق اھیا بحق اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم الم اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم وعنت الوجوہ للحی القیوم۔



دیگر۔ اگر کسی عورت کو فرزند نہ ہوتا ہو۔ تو اس نقش کو لکھکر بازو میں باندھے تو فرزند پیدا ہوگا۔ اکیس شرطے لاوے تعویذ یہ ہے۔۔۔

دیگر۔ اگر لڑکا ہوگا تو بچ رہیگا اور اگر لڑکی ہوگی تو مر جائے گی مگر اس تعویذ کو تین ماہ کے درمیان لکھے اگر چار ماہ کے بعد کریگا تو اوس کے سر پر خون ہوگا اور اوسکو دس روز تک کھلاتا رہے اور گلے میں باندھے مجرب ہے ۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ بسم اللہ و باللہ فاوجس منہم خیفۃ قالوا لا تخف و بشروہ بغلام علیم فاقبلت امرأتہ فی صرۃ فصکت وجہہا و قالت عجوز عقیم قال کذالک قال ربک انہ ہو الحکیم العلیم ۔

دیگر۔ اگر لڑکا ہوتا رہیگا ۔ اگر تین ماہ کے اندر لکھنے والے کے سر پر خون ہوگا ۔ چاہئے کہ جمعہ کے روز بعد از نماز جمعہ لکھے اور حاملہ کو کھلاوے بسم اللہ الرحمن الرحیم سبحان الذی خلق الازواج کلہا مما تنبت الارض و من انفسہم و مما لا یعلمون ۔

دیگر۔ مگر اس تعویذ کو لکھکر آغاز حمل میں کھلاوے یا ۱۱ روز تک متواتر کھاوے ۔ تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے فرزند نرینہ ہو ۔ آزمودہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم یا مفتح الابواب یا مسبب الاسباب یا مقلب القلوب و الابصار یا دلیل المتحیرین یا غیاث المستغیثین یا غنی علیک توکلت یا رب لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ۔

دیگر۔ اس تعویذ کو لکھکر آغاز حمل میں عورت کو دیوے اور وہ بازو پر راست میں باندھے اگر لڑکا ہو تو رہے گا اگر لڑکی ہو تو مر جائے گی

ا	بن	من	و
س	ف	ذ	ط
ح ح	جن	م	ط
م	ح	ن	مصیفا

تعویذ یہ ہے

دیگر۔ اگر حمل خام گر جاتا ہو ۔ تو یہ تعویذ لکھکر ایک گردن میں باندھے ۔ اور دوسرا ناف کے اوپر تو انشاء اللہ تعالیٰ کے فضل سے حمل ٹھہر جائیگا ۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ ہل ینصرنکم فکبکبوا فیہا ہم الغاوون و جنود ابلیس اجمعون ۔

دیگر۔ اگر بچہ خام گر جاتا ہو تو سرخ رنگ کا دھاگا ۔ عورت کے قد کے برابر ہو لاکر اوسکو گیارہ گانٹھیں دیوے اور ہر گرہ پر یہ آیت پڑھے اول و آخر درود شریف پڑھے

اور شکم کے اوپر باندھے تو حمل اسقاط نہ ہوگا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم واصبر وما صبرک الا باللہ ولا تحزن علیہم ولا تک فی ضیق مما یمکرون ان اللہ مع الذین اتقوا والذین ہم محسنون۔

دیگر۔ اگر حمل اسقاط ہو جاتا ہو تو لکھکر اسکی گردن میں باندھیں چنانچہ اسقاط نہ ہوگا اور بچہ بھی بچا رہیگا۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللہم صل علیٰ احفظ الحمرۃ النطفۃ بہذا الموت شوبا انشو یا احونا حیین بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ بحق ایاک نعبد و ایاک نستعین یا حی یا قیوم برحمتک والا ١١ ١١٩٣ ١١٩ ١١١ ٦

دیگر۔ اگر حمل میں خون آتا ہو تو اور حمل گر جاتا ہو تو چاہیئے کہ پوست نیم درست گلو لیکر پکا کر دیں جب آٹھواں حصہ پانی رہجائے تو حاملہ کو پلادیں تو نہ خون آوے گا اور نہ ہی حمل گرے گا۔

دیگر۔ اگر عورت کا حمل گر جاتا ہو تو سورہ کہف کو مشک زعفران سے لکھکر عورت کے گلے میں باندھے یا ناف کے اوپر تو حمل نہ گرے گا۔

دیگر۔ اگر حمل گرتا ہو تو۔ سورہ فاتحہ سات بار پانی پر پڑھکر عورت کو پلاوے۔ تو حمل قرار پائے گا۔

دیگر۔ اس دعا کو لکھکر بازو دائیں پر باندھے تو حمل قرار پائے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ان ولی اللہ الذی نزل الکتٰب وہو یتولی الصالحین وما قدروا اللہ حق قدرہ والارض جمیعا قبضتہ یوم القیامۃ والسمٰوٰت مطویٰت بیمینہ سبحانہ وتعالیٰ عما یشرکون۔

دیگر۔ اگر حمل خام جاتا ہو تو اس کو لکھکر کمر میں باندھیں تو خون نہیں آئے گا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ان کل نفس لما علیہا حافظ فلینظر الانسان مم خلق خلق من ماء دافق

ط ١ ٧ ط ٨ ١١ ط ١١١١ ٧ ١١١ ط ٨ ٧

دیگر۔ اگر حمل خام گر جاتا ہو تو اس آیت کو لکھکر عورت کے بازو پر باندھے تو حمل قرار پکڑیگا۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا ایہا الذین آمنوا اوفوا بالعقود احلت لکم بہیمۃ

الا نعام الا ما یتلٰی علیکم غیر محلی الصید وانتم حرم ان اللہ یحکم ما یرید۔

دیگر۔ اگر حمل خام گر جاتا ہو یا فرزند نہ ہوتا ہو تو چاہئے کہ سورہ یٰسین کو ۱۲ بار پڑھے اور ہر بار کپھو دی رنگ کے دھاگہ پر دم کرکے عورت کے شکم پر باندھیں۔ تو اللہ تعالیٰ حمل کو برقرار رکھیگا اور فرزند نرینہ کی عمر دراز کریگا۔

دیگر۔ اگر بغیر وقت کے حمل گر جاتا ہو۔ تو معصفری دھاگہ جو کہ کنواری لڑکی نے کاتا ہو کمر میں باندھیں تو وہ حمل قرار پکڑے گا حمل خام نہ گریگا تعویذ یہ ہے۔

لا الہ الا اللہ
محمد رسول اللہ

دیگر۔ حمل کے قرار کے لئے لکھکر آٹھ ماہ تک شکم کے اوپر باندھے حمل قرار پکڑیگا وہ یہ ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اللہ لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ شئی اعوذ بکلمات اللہ التامات من شیطان وہامۃ۔

دیگر۔ اگر حمل کو گرانا چاہے تو اس کو لکھکر اپنے آگے رکھے حمل دور ہوگا۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ ا۱ ۱ عھ عھ عھ ع ع ع ح ح ح د ب لہ اہ اہ اہ داداہ واد ھلا دھیا شراھیا اذدی اصباء وث مہ مہ فلاں بن فلاں حمل دور شود آمین ورب العٰلمین

دیگر۔ نمک سنگ در روغن کنجد کا جماع کے بعد شافہ کرے تو حمل نہ ہوگا

دیگر۔ جو عورت چاہے کہ حمل نہ ہو تو تیس درم سرمہ بیکر روٹی میں پکا کر کھائے اور تیس درم کا شافہ کرے تو وہ کبھی حاملہ نہ ہوگی اور نہ ہی حیض آئے گا۔

دیگر۔ جو عورت اونٹ کا دل کھاوے وہ حاملہ نہ ہوگی آزمودہ ہے

دیگر۔ اگر سانپ کی کینچلی کو لیکر اوس کا دھواں یعنے دھونی اندر دیوے تو حمل گر جائے گا۔ مگر عقیمہ نہ ہوگی۔

دیگر ۔ اگر آتش کو زوال ماہ لکھکر عورت کے گلے میں باندہے تو ہرگز حمل نہ ہوگا۔ آزمودہ ہے
بسم اللہ الرحمن الرحیم وما قدرا للہ حق قدرہ والارض جمیعاً قبضتہٗ یوم القیامۃ
والسموات مطویات بیمینہ سبحانہٗ ۔

ذیمک ۱۲ طلاق ۰۰ نمسد رع
۲عمعہ الماى ہراحوال احوال حا حمد

واین عزیمت را نوشتہ در بازو عورت بندد حمل نہ گیرد ۔ ۔ ۔ ۔

منقول حضرت مولانا مخدوم یحییٰ عارف سرمہ کو پیکر پانی سے پلاویں جس نے جتنے دن کھائینگی اتنے سال حمل نہ ہوگا ۔ یہ دارو آزمودہ ہے ۔

دیگر ۔ اگر چاہے ۔ کہ عورت حاملہ نہ ہو تو چاہیئے اس عزیمت کو لکھکر عورت کے بائیں بازو پر باندہیں خواہ جسقدر آدمی اوس سے صحبت کریں حمل نہ ہوگا ۔


۱۳ ود عو ۱۱۹ ۱۱ ۸۸ ۹۹ ۱۱۱۹ ۹ لا ۴ ۱ ۸ ۱ ۸ ک ۶ ۹ لا داع — سباسرخرد — ودح دا

دیگر علاج بستن عورت خرگوش کو یکشنبہ کے دن لاکر بسمل کرے اور اوس کا مغز لیکر قضیب پر ملکر جماع کرے تو ہرگز انزال نہ ہوگا ۔ یہانتک کہ عورت کسی دوسرے مرد کے پاس نہ جائے گی اور نہ ہی دوسرا مرد اوسپر قادر ہوگا ۔

دیگر ۔ بستن عورت ۔ عورت کے شکم پر لکھے یا لکھکر باندہے تو بستہ ہوگی اگر کسی درخت پر باندہے تو وہ بار ور نہ ہوگا ۔ اگر مرغی پر باندہے تو وہ انڈے نہ دیگی مجرب ہے ۔

سوا	سو	سوا	سو

دیگر ۔ اگر بچہ نہ جنتی ہو تو اس نقش کو لکھکر آغاز حمل میں عورت کو دیوے اور وہ عورت گلے میں باندہے اور جب بچہ پیدا ہو تو اوسے لکھکر بچہ کے گلے میں باندہیں تو وہ بچہ کمالیت کو پہونچیگا نقش یہ ہے ۔ ۔ ۔



دیگر ۔ اگر عورت کو دودھ کم ہو تو چاہیئے ۔ کہ زیرہ سفید و برنج گائے کے دودھ کے ساتھ حریرہ بناوے اور سات روز کھلاوے تو اسقدر دودھ ہوگا ۔ کہ وہ تمین

بچوں کو پلا سکیگی۔

دیگر۔ اس عزیمت کو لکھکر عورت کے پستان پر باندہا جاوے تو اوس کو دودھ بہت ہوگا بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ بسم اللہ باقی ما فیھا حل ترامن با قیتہ اللھم انی اسئلک یا سید السادات عالم سر الخفیات ویا مجیب الدعوات یا منزل البرکات یا قاضی الحاجات یا مجیب الدعوات لا الہ الا انت الامان یا حی یا قیوم یا ذوالجلال والاکرام وصلی اللہ علیٰ خیر خلقہ محمد وآلہ اجمعین۔

دیگر جبکہ عورت کا شیر کم ہوگا یا بعینہٖ عورت دیتی ہو اور بچہ کو باری ہو اس تعویذ کو لکھکر گردن میں باندہے تو اوس کو دودہ بہت آویگا جو آرام نہ کر سکیگی۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ومن یتق اللہ یجعل لہٗ مخرجا ویرزقہ من حیث لا یحتسب ومن یتوکل علی اللہ فھو حسبہ ان اللہ بالغ امرہ قد جعل اللہ لکل شیء قدراً۔

دردِ زہ کے لیے۔

تفسیر مغنی میں ابن عباس سے روایت ہے کہ جب عورت کو فرزند جننا دشوار ہو تو اس تعویذ دعائے کو لکھے اور دہو کر پلاوے تو دردِ زہ سے خلاصی پاوے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم رب السموات السبع ورب العرش العظیم کانھم یوم یرونھا لم یلبثوا الا ساعۃً من النھار بلاغ فھل یھلک الا القوم الفاسقین۔

دیگر۔ دردِ زہ کیواسطے اس آیت کو لکھکر بائیں ران پر باندہے جب اپنا بوجھ اوہر پڑیگا۔ تو جلد خلاصی پائیگی آزمودہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم اذا السماء انشقت واذنت لربھا وحقت واذا الارض مدت والقت ما فیھا وتخلت حرج من رحم فلان بن فلان بامر اللہ تعالیٰ وقدرت لما خلقت عن رحم الانات یا تادر یا مقتدر یا اول یا آخر یا ظاہر یا باطن حسبی اللہ وعلی اللہ فلیتوکل المتوکلون۔

٨٠	٥٩	١٤د	٩٧
ب	٩١٤	٤٥	٧
ي	٣ح	ح٧	١
ح٥			

دردِ زہ۔ اگر عورت کی طرح خلاص نہ ہو تو ٹھیکری کوری پر لکھے اور عورت کو دکھاوے تو بہت جلد خلاص پاوے خدا کے حکم سے آزمایا ہوا۔

دیگر۔ واسطے رفع درد زہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ جب عورت بچہ جننے سے
عاجز آوے تو اس نقش کو برتن میں لکھکر دہو کر پلاویں تو وہ بہت جلد خلاصی پاوے ۔
بسم اللہ الرحمن الرحیم اللہ لا الہ الا ہو الحلیم الکریم سبحان رب العرش العظیم والحمد
للہ رب العالمین کانہم یوم یرونہا لم یلبثوا الا عشیۃ او ضحٰہا کانہم یوم یرون ما
[illegible] ۔

د	ہ	ب
ا	ج	ط
ح	ح	ا

دیگر۔ اسی نقش کو لکھکر عورت کی ران کو باندھے
تو جلدی خلاصی پاوے نقش یہ ہے ۔۔۔۔۔۔
دیگر۔ واسطے رفع کرنے ۔ اگر عورت کو گیارہ ماہ یا بارہ ماہ گذر جاویں تو
فوراً کسی حکیم سے دریافت کرے کہ پیٹ میں اگر جان ہے تو فائدہ ہوگا ۔ اگر جان نہیں ہے
تو گر جاویگا ۔ آزمودہ و مجرب ہے وہ یہ کہ سوا ماشہ اجوائن پر والفجر
لکھکر نہار منہ ۱۲ روز کھاوے تو صحت ہوگی ۔

درد شکم

جسکو پیٹ میں درد ہوتی ہو اور بہاکا گولہ ہو تو برگ سوہانجنہ کا پانی لیں
کپڑ چھان اور نمک و ہینگ خالص نمک سنگ لیکر کھاویں اور سوہانجنہ کا
پانی ڈالکریں اور طعام موجود ہو ساتھ ہی اوسکے بعد کھالیں تین روز اسیطرح
کریں اس کی ترکیب یہ ہے کہ نمک سنگ کا وزن ایک درم اور ہینگ ۲ ماشہ اور سوہانجنہ
کا پانی چار گھونٹ ہو آزمودہ ہے ۔
دیگر۔ درد شکم۔ برگ ارنڈ کوٹ کر اوس کا پانی نکالکر ایک کاسہ پی لیویں
تو خلاصی ہوگی ۔
دیگر۔ اس آیت کو لکھکر دہو کر پیے تو شفا ہوگی ۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم
یخرجکم من بطون امہاتکم خلقا من بعد خلق فی ظلمات ثلاث ذالکم اللہ
ربکم لہ الملک لا الہ الا ہو فانی تؤفکون یا من یخلق ولا یخلق یا من یہدی ولا
یہدی یا من یحیی ولا یحیی یا من یسئل ولا یسئل یا من یطعم ولا یطعم یا من یجیر

علیہ یا من یقضی و لا یقضی یا من یحکم و لا یحکم یا من لم یلد و لم یولد و لم یکن لہ کفواً احد۔ سبحانک لا الہ الا انت یا ارحم الراحمین۔

ایضاً۔ درد شکم۔ روغن ارنڈ اٹھائی پہلولی کے مقدار گائے کے دودھ میں ملا کر دیں درد جاتا رہے صحت ہو۔

ایضاً۔ پانچ یا چار ہلیلہ اور دو چار گنڈ ہی سونٹھ کی اور سونف ایک سیر شاہی جوکوب کرکے برتن میں ڈالکر چار پایہ پانی ڈالکر پکاویں جب آدھا پیالہ رہجائے تو قدرے بیدہ سندھی اور ہینگ اور نمک سنگ سب کو باریک کرکے اوس کا کاہڑہ میں ملا کر پلادیں اور پیٹ پر روغن ارنڈی لگادیں اور ملیں فتح تا سودہ نرم ہوگی آزمودہ ہے۔

سول وبادی کیواسطے

اس دعا کو ابنا دوکرے یا لکہو اور اپنے پاس رکھے اچھا ہوجاوے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم رب السموات والارض رب الروح العالمین رب مخلوق فی الدو لیس اور ہر کل مخلوق فی الآخر ہو وہو حافظ علیہم تا ور علی کل شئی قاہر ولا ذا سلطان سعید عزتہ العزیز الازلی دا لملک مالک الا بدی اللہم یا رب یا سیداہ واصلاح دیا مناہ یا معزاعاہ یا مستغاثاہ اسئلک ان تغیثنی من ہذہ العلت یا غوثاہ یا غوثاہ و غوثاہ الغیا ث الغیاث برحمتک یا ارحم الراحمین وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد وآلہ اجمعین۔

ایضاً۔ یہ دس نام لکہکر کھلاوے اچھا ہوجاوے درد دور ہو۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم و اسئلک یا سکٹ یا کریم یا معظم یا منعم یا معطی یا مغنی یا محی یا محی یا مبدی یا مرضی یا محسن سبحانک یا من لا الہ خلصنا من النار یا مجیر۔

دافع اسہال

جوز بوئہ و فلفل گرد۔ ناریل۔ افیون و کنجہ و برگ انار و قند برابر وزن ایک ایک نکر ۲۲ گولی بناویں ایک صبح ایک شام کھاویں آرام ہووے یہ مجرب ہے۔

ایضاً ۔ واسطے اسہال خرد کو مسکہ میں چند روز کھاویں تو آرام آجاوے مجرب ہے ۔

ایضاً ۔ دال موٹھ بریاں شکر تری کے ساتھ ملا کر کھاویں ۔

ایضاً ۔ سنگ جراحت کتھہ سفید پلاس کہ اسکو ترونا بھی کہتے ہیں تینوں کو برابر وزن لیکر کھلاوے تو دست جاتا رہے آزمودہ ہے ۔

ایضاً ۔ سونف ۹ درم ایک سیر پانی میں ڈالکر پکاویں جب ایک پاؤ پانی رہ جاوے صاف کرکے اوس میں روغن گاؤ ۹ درم ڈالکر ملا کر تین روز پلاویں تو اچھا ہو جاوے مجرب ہے ۔


ایضاً ۔ آم کا چھلکا پانی میں ملکر صاف کرکے شکر سفید ملا کر پلاویں ۔

دیگر ۔ اگر پیٹ سے خون آتا ہو تو اس دعا کو روٹی پر لکھکر نہار منہ کھلائیں یکشنبہ کے دن شروع کریں صحت ہوگی ۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ کیلا یعلم بعد علم شیئ ان اللہ علیم قدیر فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم ایاک نعبد وایاک نستعین بسم اللہ اشفیک والشافی ربک تبارک ونبیک ۔

ایضاً ۔ تین روز کھانے سے شفا ہوگی خون بند ہوگا ۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم مرقوس مرقوس مرقوس مرقوس مرقوس من رب الرحیم برحمتک یا ارحم الراحمین ۔

ایضاً ۔ درد شکم کیواسطے لکھے اور دھو کر پلاوے ۔ اذ قالت امرات عمران رب انی نذرت لک ما فی بطنی محررا فتقبل منی انک انت السمیع العلیم ۔

ایضاً ۔ اگر کسی کا شکم درد ہو تو تین روز لکھکر کھلائیں درد جاتا رہے پہلے دن ۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم ۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم الم اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم ۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم وعنت الوجوہ للحی القیوم ۔



ایضاً ۔ اس تعویذ کو آخری چہار شنبہ ماہ صفر میں لکھکر ۷ روز پلاویں اور شکم پر باندھیں صحت ہو ۔ تعویذ یہ ہے . . . .

ایضاً - اس عزیمت کو لکھکر درد کے محل پر باندھے بہت جلد تندرست ہو آزمودہ ہے - بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - اللّٰہم انا نسئلک بحق ہذہ والاسماء وبحق شوتہا وکرامتہا وحقائقہا وتالقہا وتغیر وتعظیمہا ان تقتطی لنا خیرالدنیا وخیرالآخرہ وانصرف عنا شدیدنا وشدید الآخرہ وان تسلط علینا من لا یرحمنا یا قدوس۔

بواسیر کیواسطے!

بسلویہ لاکر چار ٹکڑے کرے اور چار روز ہاسے پر باندھے اور کتائی خوردکے بیج کوہا منہ کہائے اور گوشت اور مچھلی و ترشی و بادی سے پرہیز کرے شفا پاوے۔ مجرب ہے۔
ایضاً - بعد از نماز فجر وعشا پڑھے اور اس نیت سے دم کرے تو شفا پاوے آزمودہ ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ما عندکم ینفد وما عنداللہ وبحق لا الہ الا ہو الحی القیوم قلنا یا نار کونی برداً وسلاماً علیٰ ابراہیم سلام علیٰ نوح فی العالمین بحق نام بزرگ خدائی بازگردی اخشک شوی بواسیر از مقعد فلاں بن فلاں۔
ایضاً - ایلوا سات درم پیکر اس میں ایک پاؤ قند سیاہ ملاکر ۱۲ گولی بناویں اور ایک ہر روز منہ نہار کھاوے اور ہر چیز سے پرہیز کرے مگر روٹی چنے کی کھاوے۔
ایضاً - بواسیر خونی و بادی کو مفید ہے - میدہ گندم ۵ درم سوہاگہ خالص ادہائی درم میمہ پوست بیج ہرجہ ۵ درم تینوں کو کوٹ کر ملاکر کنارہ کشتی کے کوہ بیرکے برابر گولیاں بناوے اور ایک گولی ہر روز سات روز تک کھانے سے آرام ہوگا مجرب و آزمودہ ہے۔

حاملہ عورت کے پیٹ میں کیا ہے

اگر کوئی دریافت کرے۔ کہ پیٹ میں کیا ہے۔ تو چاہئے۔ کہ نام عورت معہ نام مادر اور اس روز کا نام جس روز اوس نے سوال کیا بحساب ابجد شمار کرکے چار قسمہ پر تقسیم کرے اگر ایک باقی رہے تو پسر ہے۔

ایضاً اس تعویذ کو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے بازو پر رکھتے تھے۔ اگر تمام عالم دشمن ہو تو وہ حاوی نہ ہو سکیگا اور بغیر اجل کے کوئی نہ مار سکیگا اور کوئی جادو نہ چل سکیگا اللہ تعالیٰ اسکو ہر بلا سے محفوظ رکھیگا تعویذ یہ ہے۔


ح	د	حی	د	م	ط	۱۱۵
روطح	ححہ۲۲	ححم۲۲	ح ح	ع	وحہ	۱۰

الحب۔ جو شخص اس آیت کو سرمہ پر پڑھکر دم کرکے آنکھوں میں لگاوے جو اسکو دیکھیگا وہ اسپر عاشق ہوگا۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ ان اللہ لا یخفی علیہ شیء فی الارض ولا فی السماء ہو الذی یصورکم فی الارحام کیف یشاء لا الہ الا ہو العزیز الحکیم۔

الحب۔ محبت کیواسطے لکھکر بہتے ہوئے پانی میں ڈالے۔ ان اللہ کان علیماً حکیماً۔

آسیب زدہ کے لئے۔ اس تعویذ کو لکھکر ایک بار ہی پلانے سے شفا ہو جاتی ہے اور ہر بیماری کیواسطے ۴۰ روز پلاویں صحت ہوگی۔ تعویذ یہ ہے۔

۱۴۸	۱۴۵	۱۴۰
۱۰۹	۱۴۳	۱۴۷
۱۴۶	۱۴۱	۱۴۲



دیگر۔ اس تعویذ کو لکھکر اپنے پاس رکھے۔ تو آگ اور پانی سے محفوظ رہے۔ تعویذ یہ ہے۔

دیگر۔ اگر کسی کی اولاد ہو کر مر جاتی ہو تو کبودی رنگ کے کپڑے کی بتی بناوے اور بتی کو اسکے سر پر جلاوے اور اس اسم کو ۷ بار پڑھے۔ یا واحد الباقی اول کل شیء و آخرہ یا واحد۔

دیگر۔ اس تعویذ کو قندیل سے لکھکر اپنے پاس رکھے اور خواہ کسقدر اپنی اہلیہ کے ساتھ مجامعت کرے ماندہ نہ ہوگا تعویذ یہ ہے ۹ = ۹۹ = ۹۸۱۱۸۵

مریض کا حال دریافت کرنا

کوری ٹھیکری پر لکھے اور مریض کے سر پر تین بار پھیرے اور آگ میں ڈالے

اگر حروف سفید ہو جاویں تو نظر گفتنا ہے اگر غائب ہوں تو دیو کی نظر ہے اگر سرخ ہو جاویں تو جوگنوں کی نظر ہے اگر سیاہ ہے تو بیماری جووں کی ہے علاج کریں تعویذ یہ ہے۔ ۱۱۳۱۱۰۹۱۹ ۳ ۱۴ ۱۴۱۱۱۴ ۱۱ المسلیح طلعنی

برائے دشمناں

اگر اس تعویذ کو لکھکر گلے میں یا بازو میں باندھے تو دشمنوں کی زبان بند ہو گی۔ چاہئے کہ اس کو یکشنبہ کے دن لکھے اور موم میں لکھکر غلاف کر کے اپنی دستار میں رکھے تعویذ یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۷ ۲۰ ۱
صم بکم عمی فہم لا یرجعون۔ صم بکم عمی
فہم لا یسمعون۔ صم بکم عمی فہم لا یبصرون
صم بکم عمی فہم لا یعقلون۔

تعوید دیگر – اگر کسی کو [illegible] دینا ہو تو پاک کپڑا پر لکھکر بتی بنائے اور جلا دے اور دھواں اوسکی ناک میں پڑے تو دیو جن دفع ہو گا۔ بتی یہ ہے۔ ۹۹۹۹۱۹ ۵ ۱۰۹۸ ۵ ۹۹۹۹۸۱۹ ۵

تعوید دیگر – اگر کسی کی دوکان بند کرنی ہو تو وہ فعل نہ رے تو زمین کے چار گوشہ میں دفن کرے مگر کوری ٹھیکری پر لکھکر دفن کرے وہ ہرگز فعل نہ کریگا۔ مگر یہ خیال رہے کہ چاند اخیر ہو اور سورج گرمی میں ہو اوس وقت لکھے تعویذ یہ ہے۔

میحر	تماخم	ہلا	مب
مب	ہلا	تماحر	میحر
تمیحر	میحر	مب	ہلا
ہلا	مب	میحر	تمیحر

دیگر – دوکان بیکار کرنے کے لئے اور خواب بند کرنے کے لئے عطارد کی ساعت میں کاغذ پر یا سفالہ آب نا رسیدہ پر لکھے اور دوکان کے آگے یا راستہ میں دفن کرے تو دوکان بند ہو گی تعویذ یہ ہے۔

۷۵	۶۰۲	۳۲۶
۵۰۲	۳۰۱	۱۵
۳۵۲		۵۳۷

تپ – اگر کسی کو بخار میں مبتلا کرنا ہو تو پنجشنبہ کے دن ایک [illegible] انگل۔

درخت پلاس کی بنا دے اور اوسپر یکبعد دیگر افسون پڑھکر اوس کے گھر میں دفن کرے اور اوس کا نام لیتا جاوے تو اوسکو بخار ہو جائے گا منتر یہ ہے اوانگ چوب سوا ہا۔

قرضہ

جو شخص قرضدار ہو تو وہ اس دعا کو ۱۱ بار ہر روز تین ماہ تک پڑھے اوس کا کسب ایسا بڑھ جائے گا کہ قرضہ ادا ہو جاوے۔ اللھم احسن عاقبتنا فی الامور کلہا واجرنا من خزی الدنیا و عذاب الآخرۃ۔

برکت خانہ۔ اگر کسی کے گھر میں برکت نہ ہو تو وہ اس تعویذ کو لکھکر گھر کی دیوار میں قبلہ کی طرف گاڑ دے تو اوس کے گھر میں برکت ہوگی۔ تعویذ یہ ہے

١	سعد	ط	القوی
١	سعد	ط	ابہال
١	مجیب	١	عید منعم
١	مفصل	١	منعم

دیوار و چھپر کو قائم رکھنا


اگر کسی کی پرانی دیوار یا چھپر ہو تو یہ نام پرانی دیوار پر لکھے اور یا چھپر پر لکھکر باندھے تو اوسکو کوئی مزاحمت نہ ہوگی۔ الٰہی بحرمت خواجہ معروف کرخی و خواجہ کرخ بلخی رحمۃ اللہ علیہما۔

ابر باراں کیلئے

اگر بارش نہ ہوتی ہو۔ تو یہ دعا سو ہزار دفعہ پڑھے بارش ہوگی۔ لا یجلیہا لوقتہا الا ھو۔

ایضاً۔ خواہی اگر کہ ابر باد و از عارض شتاب۔ یا مطرع یا مطرع بگو صد ہزار بار۔

دفعیہ وباؤں کیواسطے ان باون



گھر کی دیوار پر چسپاں کرے تو اوس گھر میں خیر و عافیت رہے۔

کفتار زدہ

اس نقش کو یکشنبہ کے روز لکھکر لڑکے کے گلے میں باندھے تو کفتار اوس کو اسیب نہ پہونچا سکیگا وہ یہ ہے ﴿ ﴾ عقد استان سلیمان بن داؤد علی اسد اللہ الغالب و بحق محمد حبیب اللہ


دیگر۔ دافع کفتار بندگی شیخ نظام الدین نے فرمایا ہے۔ کہ اگر کفتار زدہ آوے تو اس تعویذ کے برکت سے صحت پاوے۔


۱۱۱۷ ع و ۱ ۹ لا ۱۱۱ ۹ ۵ ح ح   ۱۱۱۱م ۲۹ ۱۱ ۱۱ ۹

چھٹی وغیرہ کی مقبولی۔

مکتوب۔ عرضداشت و یا رقعہ کی مقبول ہونے کے لیے پہلے اسم خشک قلم سے لکھے پھر قلم کو اگر کی خط وغیرہ لکھے تو نام کی برکت سے مقبول ہو علیجتمیں

۱۸۸	۱۸۳	۱۹۰
۱۸۹	۱۸۷	۱۸۵
۱۸۴	۱۹۱	۱۸۶





الحب۔ دوشنبہ کے روز کر پاس کا کپڑا لاکر طلوع آفتاب سے پہلے لکھے اور اوس کپڑے کو آگ میں ڈالے جب کپڑے کو آگ لگے گی تو اوسکے دل کو آگ لگے گی اور کسی وجہ سے قرار نہ پکڑے گا وہ یہ ہے ۵ ۱۱ ۱۱ ۸۸۸۸۸۸۱۱۱/۱۱۱ ۹ ۷ ۸ ۱

منقول از حضرت میاں میر صاحب رح

بدنظر۔ اگر کسے کو بدنظر ہو جائے تو سورۂ حمٓ کو چالیس مرتبہ پڑھکر دم کرتے تو انشاء اللہ فوراً شفا ہو جائے گی۔

عزت پانا

اگر کوئی شخص حاکم وقت یا لوگوں میں عزت حاصل کرنا چاہے تو سورۂ مرکو

١٠٢١٩٦	١٠٢١٩١	١٠٢١٩٨
٦٠٢١٩٧	١٠١١٩٥	١٠٢١١٣
١٠٢١٩٢	١٠٢١٩٩	١٠٢١٩٤

ہر روز ۷ مرتبہ پڑھا کرے۔ اگر لکھکر اپنے بازو پر باندھے تو اوس کے مال و اسباب میں برکت ہو اور اگر اس تعویذ کو لکھکر اپنے بازو پر باندھے تو ہر بلا سے محفوظ رہے۔

حب کیواسطے

اگر سورۃ طٰہٰ کو اول و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھا کرے اور خدا سے دعا کریں تو مطلوب خود بخود مائل ہوگا سات روز کریں۔

دیگر۔ اگر بسم اللہ شریف کو ۷۸۶ مرتبہ پڑھکر تازہ پانی پر دم کرکے دیں، تو جسکو چاہیے دیوانہ ہوکر اوسکے پیچھے لگ جائے گا۔

دیگر۔ اگر کسی کو زرد دیئے پر ذیل کا نقش لکھکر آگ میں ڈالیں تو محبوب کے دل میں اوس شخص کی محبت ہوگی اور اوس کے بغیر نہ رہ سکیگا۔ نقش یہ ہے۔

٣ عمر	٧ عمر	٢ عمر	١ عمر
٢٠ عمر	٨ عمر	عمرعمر	١٠ عمر
١ عمر	٤ عمر	١١ عمر	٥ عمر

فراخی رزق کیلئے

جو شخص سرگردان ہو وہ صبح و شام نماز کے ۱۱۹ مرتبہ یا لطیف کو پڑھے اور اوس کے بعد یہ آیت پڑھے اللہ لطیف بعبادہ یرزق من یشاء وہو القوی العزیز تو اوسکی سب پریشانی دور ہو گی یا کوئی وسیلہ ہو جائے گا۔

خواص بسم اللہ شریف

شرح کبیر میں تحریر کیا ہے۔ کہ بسم اللہ شریف نازل ہوئی تو اوسکی خوف سے پہاڑ کانپے اور جماعت اہل اللہ نے کہا ہے۔ کہ جو شخص بسم اللہ شریف کو پڑھا کرتا ہے۔ تو وہ دوزخ میں نہ جاویگا۔ کیونکہ بسم اللہ کے

اُنیس حروف ہیں اور دوزخ پر بھی اُنیس فرشتے مقرر ہیں جو نگہبانی کرتے ہیں۔ جو
اس کو بہت پڑھیگا وہ عالم علوی وسفلی کے نزدیک صاحب وقار ہوگا۔ یہ بسم اللہ شریف وہ
ہے۔ کہ جس سے اللہ تعالیٰ نے حضرت سلیمان علیہ السلام کی بادشاہی مقرر کی اور قائم کر
دی۔ جو شخص اس کو ۶۰۰ مرتبہ لکھکر اپنے پاس رکھے تو اوسکی ہر ایک کے قدر ہوگی اور
بعض بزرگان خدا نے کہا ہے۔ کہ جو شخص بسم اللہ کو چھ سو انیس بار لکھکر اپنے پاس
رکھے تو اوسکی عظمت نہایت ہر ایک پر ہوگی یعنی ہر ایک اوسکی تعظیم کرے گا۔ کوئی
اوسکی بدی نہ کرے گا۔ یہ امر بالکل صحیح اور درست ہے اور بعض نے لکھا ہے۔ کہ
اگر کوئی شخص بسم اللہ کو محرم کی پہلی تاریخ کو ایک ورق پر تین سو تیرہ بار لکھ کر
اپنے پاس رکھے تو اوسکو عمر بھر میں کوئی مکروہ امر درپیش نہ ہوگا اور بعض نے کہا ہے
کہ جو شخص بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو بارہ ہزار بار پڑھے اور ہر ایک ہزار کے بعد دو رکعت
نماز نفل پڑھے اور درود نبی کریم صلعم پر بھیجے اور اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب
کرے اور پھر دوبارہ بسم اللہ شریف پڑھے اور ہر ہزار پر دو رکعت نماز ادا کرے
اور حاجت طلب طلب کرے تو جس قسم کی حاجت ہوگی باذن اللہ پوری ہوگی۔
بعض نے کہا ہے کہ جو شخص ۷۸۶ بار اسکو ہر روز پڑھے تو جیسی بھی حاجت ہو پوری
ہوگی اور بعض نے کہا ہے۔ کہ جو شخص اس کے عددوں کے موافق پڑھے اور چھ رکعت
نفل دو دو کرکے پڑھے اور ہر ایک رکعت میں سورہ الحمد و الم نشرح پندرہ مرتبہ
پڑھے اور بعد ازاں یہ دعا پڑھے۔ اللھم انی اسئلک بفضل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
و اسئلک بعظمۃ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اسئلک بجلال و ثناء بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
و اسئلک بہیبۃ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بحرمت بسم اللہ الرحمٰن الرحیم و بجبروت
و ملکوت اکبریاء بسم اللہ الرحمٰن الرحیم و بعزۃ و قوۃ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ارفع
قدری و یسر امری و اصبر کسری و اغنی فقری و اطل عمری بفضلک یا کریم و جعلہا
مجربا ... لکھا ہے۔ کہ میں نے بعض کتابوں میں دیکھا ہے کہ جو شخص
اس عمل کو بقاعدہ مذکورہ بالا بجالائے تو اللہ کے حکم سے اپنے مقصد کو پائیگا

اور دیربی نے لکھا ہے۔ کہ یعنے بعض کتابوں میں دیکھا ہے کہ جو شخص اس دعا کو
ایکسو اٹھارہ بار پڑھکر دعا کرے تو اوسکی حاجت خواہ کسی قسم کی ہو بر آئے گی
وہ بسم اللہ ہے اور دعا یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللھم انی اسئلک بفضل بسم اللہ
الرحمٰن الرحیم۔ وبحق بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وبھیبۃ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وبمنزلہ
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ارفع قدری ویسر امری واشرح صدری یا من ھو کھیعص حمعسق
الم المص المر حم اللہ لاالہ الا ھو الحی القیوم بسر الھیبۃ والقدرۃ وبسر الجبروت
والقدرۃ وبسر الجبروت والعظمۃ اجعلنی من عبادک المتقین واہل طاعتک
المحبین وافعل بی کذا یا رب العٰلمین وصلے اللہ علے سیدنا محمد وآلہ واصحابہ اجمعین
دیربی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے کہ فضیلت بسم اللہ ہر جو چیز برحق درست کرتی اونہیں
سے ایک یہ بھی ہے کہ علامہ خطیب نے فضائل بسم اللہ میں لکھا ہے کہ حضرت آدم
علیہ السلام پر پہلے جو چیز نازل ہوئی وہ بسم اللہ تھی اور وہ اسکو بہت پڑھا کرتے
تھے اونکی توبہ بھی اسیکی برکت سے قبول ہوئی پھر اونسکے بسم اللہ کو اللہ تعالیٰ نے
اوٹھا لیا اور پھر نوح علیہ السلام پر نازل ہوئی وہ جس وقت طوفان میں کشتی پر بیٹھے
تو اونکا ورد بھی بسم اللہ تھی اور وہ کشتی کوہ جودی پر ٹھہر گئی پھر یہ اوٹھائی گئی پھر یہ
حضرت ابراہیم علیہ السلام پر نازل ہوئی جب وہ فلاخن کے پلہ میں بٹھائے گئے۔ تا کہ
اوس سے آگ میں ڈالے جاویں تو اوس وقت اسیکا ورد کرتے تھے۔ یہانتک کہ اللہ تعالیٰ
نے اسکی برکت سے اوس آگ کو سرد کردیا پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔ اور
اونہوں نے فرعون واسکے لشکر پر غلبہ پایا اور اسیکی برکت سے دریائے نیل میں رستہ
بنا۔ اور فرعون بمعہ لشکر کے غرق ہوا پھر حضرت سلیمان علیہ السلام پر نازل ہوئی
اسیکی برکت سے ہر مخلوق کو اونکا مطیع بنایا گیا جس چیز پر وہ بسم اللہ پڑھتے
وہ اوسی وقت تابع ہوجاتی پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی وہ اسیکی
برکت سے اسلام کو فتح ہوئی اور حق تعالیٰ نے قسم کھائی ہے کہ مومن بندہ جس شئے
پر کہ پڑھیگا اوس میں برکت ہوگی اور امت محمدیہ میں سے جو شخص اسکو پڑھیگا

اوسکی مشکل کیسی ہی ہو حل ہوجاویگی ۔ جو شخص اسکو سوتے وقت ۱۲ بار پڑھے
تو اوس کو شر شیطان اور چوری و ناگہانی موت سے محفوظ رہیگا اور ہر بلا سے
نجات ہوگی ۔ اگر کسی ظالم کے روبرو بسم اللہ پچاس بار پڑھی جاوے تو اللہ تعالے
اوسکو نرم کردیگا اور جس درد یا آزار پر تین روز تک پڑھی جاوے تو انشاء اللہ وہ
دفع ہوجاویگی ۔ اور بعض نے کہا ہے ۔ کہ جو کوئی بسم اللہ کو مذکورہ بالا تعداد کیساتھ
یعنی ۷۸۶ بار پڑھکر پانی پر دم کرکے پلاوے تو اوسکو محبت ہوگی اگر اسکو ۷۸۶ بار
پڑھکر ہر روز کند ذہن کو سات روز تک طلوع آفتاب کیوقت پانی پر دم کرکے
پلاویں تو وہ اچھے ذہن والا ہوجاویگا ۔ اور بعض نے کہا ہے کہ قضائے حاجات
اور حکام کے پاس جاتے وقت پہلے جمعرات کو روزہ رکھے اور انگور خشک یا کشمش یا
کھجور سے افطار کرے اور نماز مغرب کے بعد بسم اللہ کو ایکسو اکیس بار پڑھے اور نماز عشاء
اور کے بعد بستر پر لیٹ کر بلا تعداد بسم اللہ کو پڑھنا شروع کرے اور پڑھتے پڑھتے
سوجاوے اور جمعہ کے روز صبح کی نماز کے بعد بسم اللہ کو بعدد مذکورہ یعنی ۷۸۶
بار تلاوت کرے اور بسم اللہ کو لکھے اور اپنے پاس رکھے تو خدا کی قسم ہے کہ جو مرد یا
عورت اس عمل کو کریگا وہ لوگوں کے نزدیک چودہویں رات کے چاند کے موافق
ہوگا ۔ لوگ اوسکو عزیز سمجھیں گے اور لوگ اوسکے رعب میں ہونگے اور ہر ایک
اوسکو محبت کی نظر سے دیکھیگا اور اوس پر مائل ہوگا اور اللہ تعالیٰ ہر ایک کے دل میں
اوسکی محبت ڈالدیگا اور بسم اللہ کو یوں لکھے کہ ہر ایک حرف جدا ہو یعنی ب س م ال
ل ہ ال ر ح م ن ال ر ح ی م مگر یہ یاد رہے کہ حروف مٹ نجاویں اور حروف
میں فاصلہ نہ ہو ۔

ایضاً ۔ طریقہ یہ ہے کہ اگر بسم اللہ ۱۱ بار لکھی جاوے اور جس عورت کے اولاد زندہ نہ
رہتی ہو تو وہ اسکو اپنے پاس تعویذ بنا کر رکھے تو اوسکی اولاد زندہ رہے گی ۔ اور یہ
آزمودہ چیز ہے ۔

ایضاً ۔ اگر کوئی شخص اسکو ۱۰۱ بار لکھکر اپنی کھیتی میں دباوے تو وہ کھیتی سر سبز

اور غلہ کی زیادتی اور ہر آفت سے محفوظ اور حصول برکت ہو گا اور اگر رانگے کی تختی پر
بسم اللہ لکھی جاوے اور اوسکو ماہی گیر مچھلی کے جال میں رکھ دے تو مچھلیاں خود
بخود جمع ہو کر اوسمیں آجاوینگی ۔
ایضاً جو شخص الرحمٰن الرحیم کاغذ پر پانسو بار لکھے اور ایکسو پچاس بار بسم اللہ
پڑھے اور اوسکو اپنے پاس رکھے یا کسی بادشاہ یا کسی زبردست ظالم کے سامنے جاوے
تو اوسکے شر سے بے خوف رہے گا ۔
دیگر ۔ حرف الرحیم کو ایک ورق پر ۱۹۰ بار لکھکر اپنے پاس رکھے اور جنگ میں
جاوے تو اوسپر کوئی ہتھیار اثر نہ کریگا ۔
دیگر ۔ جو کوئی ایک کاغذ پر ۲۱ بار لکھکر دوسرے کے گردن یا سر میں لٹکا دے
تو اوسکو فائدہ پہونچیگا ۔

حکایت

عبداللہ ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ جس کسی کو خدا کی طرف سے کوئی حاجت درپیش
ہو تو وہ بدھ ۔ جمعرات ۔ جمعہ کو روزہ رکھے اور تیسرے روز جو کہ جمعہ کا ہو گا
غسل کر کے جامع مسجد میں حتی الوسع خیرات کرتے ہوئے جاوے اور نماز
جمعہ سے فارغ ہو کر یہ دعا پڑھے اللھم انی اسئلک باسمک الرحمٰن الرحیم ۔ اللہ
لا الہ الا ھو الحی القیوم لا تاخذہ سنۃ ولا نوم لہ ما فی السموات وما فی الارض من
ذالذی یشفع عندہ یعلم ما بین ایدیھم وما خلفھم الذی عنت لہ الوجوہ وخشعت
لہ الاصوات ووجلت القلوب من خشیتہ اسئلک ان تصلی وسلم علی سیدنا محمد وعلی
آلہ واصحابہ ان تقضی حاجتی اس کو پڑھکر اپنی حاجت زبان پر لاوے کہ میرا فلاں
مطلوب بر آوے اور انہوں نے یہ بھی فرمایا ۔ کہ اس دعا کو احمق لوگوں کو تعلیم نہ کرو ۔
کیونکہ کوئی بددعا کیلئے حق میں کر دیوے ۔ کیونکہ وہ فوراً قبول ہو گی ۔
دیگر ۔ اگر کوئی جفاکار و جبار کار فقیہ کے لئے ارادہ کرے تو ۔ ایک رانگے
کے پترہ پر بسم اللہ کا نقش لکھے اور نقش کے درمیان اوس شخص کا نام لکھے اور

بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم	فلاں
اللہ	الرحمن	الرحیم	فلاں	بسم
الرحمن	الرحیم	فلاں	بسم	اللہ
الرحیم	فلاں	بسم	اللہ	الرحمن
فلاں	بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم

رنگوں اسپر سرخ بخور دیوے۔ اور جہاں ہر وقت اگ جلتی رہتی ہو۔ اوسکے قریب دفن کرے مگر خیال رہے۔ کہ اتنا سینک ہو جو پترہ کو گلاکر کیونکہ اگر گل گیا تو معمول ہلاک ہوجاویگا۔ اور خدا کے آگے تم سے اس کا مواخذہ مانگا جائے گا۔ نقش کا طریقہ یہ ہے۔ اور یہ دعا اس نقش پر پڑہی جاوے بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم انی اسئلک باسمک العظیم الاعظم وہو بسم اللہ الرحمن الرحیم الذی عنت لہ الوجوہ وخشعت لہ الاصوات ووجلت من خشیتہ القلوب ان تعلی وتسلم علی سیدنا محمد وعلی آلہ وصحبہ وان تقضی حاجتی فی فلاں یہاں اوس شخص کا نام لیوے اللھم ان کنت تعلم انہ یرجع عما ہو فیہ فاہدہ ووفقہ وان کنت تعلم انہ لا یرجع فانزل علیہ ملائکۃ سخطک وغضبک واہلک یا ناصر یا قہار یا تاور یا مقتدر یا اللہ سات بار اور اس دعا کو سات سو مرتبہ پڑہے تو ظالم یا تو ظلم سے باز آجائے گا یا بہت جلد مرجائے گا۔ مگر اس بات میں خوف خدا لازم ہے۔ جیسا کہ بونی نے شمس المعارف میں لکھا ہے اور اوس نے اپنی کتاب جسکا نام رقیم ہے اوس میں لکھا ہے۔ کہ جس کا ارادہ ایسا ہو کہ اپنے دشمن کو ہلاک کرے تو اوسکو چاہیے۔ کہ جمعہ کے دن کسے وقت بسم اللہ کو ایک قلعی کے پترے پر لکھوائے اور مطلوب کا نام جدول کے درمیان لکھے اور اس کو نرم آنچ پر انگوزہ و زیرہ و لوبان سے دہونی دیکر آگ کے نزدیک دباوے تو مطلوب یعنی دشمن ہلاک ہوجائیگا اور اللہ تعالی مجھ سے مطالبہ اور تجھ سے اس کا یہ مطلب کرے گا۔ کیونکہ یہ ایسا ہے۔ جیسا کہ تلوار سے قتل کیا گیا لہذا لازم ہے کہ اس روز کہ جسکا حساب ہونا ہے اور سب کچہ ظاہر ہونا ہے اس سے خوف کرے نقش یہ ہے

بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم	فلاں
اللہ	الرحمن	الرحیم	فلاں	بسم
الرحمن	الرحیم	فلاں	بسم	اللہ
الرحیم	فلاں	بسم	اللہ	الرحمن
فلاں	بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم

چند خواص سورۂ فاتحہ کے بیان میں

رسول کریم صلعم نے فرمایا ہے کہ جو شخص رات کو سوتے وقت الحمد شریف و قل شریف و قل اعوذ برب الفلق و قل اعوذ برب الناس کو پڑھکر سوئیگا تو وہ ہر بلا سے محفوظ رہیگا اور اپنی طبعی موت کے سوائے نہیں مریگا۔ نیز رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ام القرآن شفا ہے ہر ایک درد کی اگر کوئی شخص سورہ فاتحہ پڑھتا ہے۔ تو اوسی کے لئے ہے۔ اور ابن عباس رضؓ نے کہا ہے کہ حضرت امام حسین رضؓ علیل ہو گئے تو رسول خدا صلعم بہت مغموم ہوئے تو اللہ تعالی نے وحی نازل فرمائی اور فرمایا کہ وہ سورۃ جس میں ف نہیں ہے کیونکہ ف علامت آفات کی ہے اس لئے وہ سورہ فاتحہ ہے۔ یعنی الحمد شریف۔ تو اسکو ۴۰ بار پڑھکر پانی پر دم کرکے انکے سر و ہاتھ و پاؤں اور آگا و پیچھا بدن کا یعنی سارا بدن پانی سے تر کرو تو اللہ تعالی ہر بلا سے بچا ویگا اور شفا عنایت کریگا۔

اور بعض خواص میں لکھا ہے کہ اسکے مفرد حرف لکھے جاویں اور مریض دھوکر پی لے تو باذن اللہ تندرست ہو جاویگا اور بعض علما نے لکھا ہے۔ کہ جو شخص سورۃ فاتحہ کو کسی برصاف لکھکر پیئے یا کھلاوے تو اوس کا ذہن کھل جاوے۔ نسیان جاتا رہے اگر صبح کے فرض و سنت کے درمیان اسکو ۴۱ بار درد چشم کیواسطے پڑھا جاوے تو درد چشم جاتا رہے۔ اگر آب دہن پڑھکر چشم پر لگاوے تو عارضہ چشم جاتا رہے۔ اور جو کوئی درد کی جگہ پر ہاتھ رکھکر سورہ فاتحہ پڑھے اور یہ دعا پڑھے۔ اللہم اذہب عنی سوء ما اجد و فحشہ بدعوۃ نبیک المبارک الامین المکین عندک کو سات بار پڑھے تو صحت پاوے مجرب ہے۔

اور بعض نے لکھا ہے۔ کہ دافع گزند نیش زنی عقرب ہے اور یہ اسطرح ہے۔ کہ تھوڑا سا پانی کسی کوزہ میں ڈالکر اوس میں تھوڑا نمک ڈالے اور اوسپر ۷ بار سورہ فاتحہ پڑھے اور وہ پانی نیش زدہ کو پلاوے تو اچھا ہو جاویگا۔

بعض نے درد دانت کے واسطے لکھا ہے۔ کہ ایک تختی پاک پر تھوڑی
ریت بچھاوے اور لوہے کی کیل یا کٹائی سے یہ حرف لکھے د ا ب ج د ہ
ذ ز ح ط ی۔ یہ ثلاثی کہلاتے ہیں۔ ان میں تین حروف قسم ہیں اور ہر حرف اول
پر کیل یا لکڑی کو زور سے گاڑ دیوے اور سورہ فاتحہ ایک مرتبہ پڑھے اور دردمند
اپنا ہاتھ درد کی جگہ پر رکھے۔ چنانچہ ایک بار سورہ کو پڑھکر اوس سے پوچھے
کہ آرام ہوا ہے یا نہیں مگر اوس کا ہاتھ درد کی جگہ پر رہے اگر آرام ہو جاوے تو بہتر
ورنہ کیل کو دوسرے حرف پر لیجاوے اور اوسیطرح گاڑے اور سورہ پڑھے
اور سوال کرے اگر شفا ہوگئی ہو تو بہتر ورنہ تیسرے حرف پر کیل لگاوے۔
اسیطرح کرتا رہے حتیٰ کہ تمام حروف پر کرنے نہ پائیگا کہ اوسکو آرام ہو جاویگا
لیکن چاہیئے۔ کہ صاحب درد یقین رکھتا ہو۔ باذن اللہ آرام ہوگا۔

بعض نے محبت کیواسطے لکھا ہے۔ کہ حروف اسم مطلوب کو حروف ناریہ کے
ساتھ ملائے حروف ناریہ ہیں ا ہ ط م ف ش ذ۔ اور آمیزش کی صورت یہ ہے کہ
ناریہ کا حرف لیا جاوے اور دوسرا حرف اسم مطلوب کے لیوے اسیطرح ایک حرف
ناریہ دوسرا حرف اسم مطلوب یہ ضروری ہے کہ حرف ناریہ سے شروع کرے
اور اوسیکے حرف پر ختم ہو یعنی آخر میں بھی حرف ناریہ آوے اور یہ ۲۱ بار لکھا جاوے
اور لوبان نر کی ایک کنکری اوسپر رکھی جاوے یا سیب کی لکڑی سے لکھا جاوے
اور ان پرچوں کو آگ میں چھوڑ دیا جاوے اور سورہ فاتحہ کو پڑھنا شروع کرے اور
جبتک دھواں نکلتا رہے پڑھتا رہے اور یہ کلمات زبان پر لاوے توکلوا یا خدام
الاحرف الناریۃ بقضاء حاجتی من فلان بن فلانہ محبتی ومودتی اور محبت فلاں فی
قلبہ بحق ما بتورۃ علیکم یہ عمل بارہا ہو چکا ہے صحیح اور درست ہے بشرطیکہ حسن
اعتقاد ہو۔

پس جس وقت یہ عمل لکھا جاوے تو عامل ایک سوئی تیز نوک والی لیکر جس ورق
پر یہ لکھا جاوے اوس ورق کے عین درمیان چھید کرا ایسے مقام میں لٹکاوے جہاں

سے مطلوب کی طرف ہوا آتی ہو تو مقصود حاصل ہو یہ صحیح اور مجرب ہے۔
میں نے دیکھا ہے۔ کہ بعض نے اس کو یوں لکھا ہے۔ کہ اگر کوئی ارادہ
رکھتا ہو اور اوسکی کیسی ہی حاجت ہو تو وہ سو مرتبہ الحمد کو پڑھکر اس دعاء کو
ایکبار پڑھے تو اللہ تعالیٰ اوسکی حاجت کو پورا کریگا اور اوسکی مشکل کو آسان کریگا

بعض خواص آیۃ الکرسی

واضح رہے۔ کہ جب نبی کریم صلعم پر یہ آیت الکرسی نازل ہوئی تو ستر ہزار
ملائکہ اس کے ساتھ نازل ہوئے یہ سب اسکی برکت عظمت تھی حدیث شریف
میں ہے کہ نبی کریم صلعم نے فرمایا ہے۔ کہ قرآن میں اعظم ترین شے آیۃ الکرسی
ہے۔ جو شخص اس کو بعد ہر نماز کے پڑھے گا تو وہ جنت میں بلا کھٹکے جائیگا
یہ بھی مروی ہے۔ کہ جو شخص سوتے وقت آیۃ الکرسی پڑھکر سوئے تو اوس رات
شر شیطان سے محفوظ رہے۔

حکایت

ابی ہریرہ رضؓ سے مروی ہے۔ کہ رسول خدا صلعم نے اپنے زکوٰۃ رمضان
یعنی فطرہ رمضان کا مقرر کیا تھا تو ایک شخص آیا اوس نے گیہوں کے کچھ
حصّہ جو کہ فطرہ کی جمع ہو رہی تھی لے لیا اور میں نے اوسکو گرفتار کیا اور
کہا۔ کہ تجھے رسولخدا صلعم کے سامنے لیجاؤنگا۔ اوس نے کہا کہ میں محتاج
اور عیالدار ہوں اور مجھے بہت سخت ضرورت ہے یہ سنکر مجھے رحم آیا۔ اور
میں نے اوسکو چھوڑ دیا اور صبح کیوقت آنحضرت صلعم نے فرمایا۔ کہ تیرے
قیدی نے رات کو کیا کہا۔ میں نے عرض کی۔ کہ یا رسول اللہ صلعم اوسنے حاجت
شدیدہ بار عیال کی شکایت کی تھی مجھے رحم آیا۔ تو میں نے اوس کو چھوڑ دیا
تو آپنے فرمایا۔ کہ وہ شخص جھوٹا ہے مگر فریب ہے۔ کہ وہ پھر آوے چنانچہ حسب
الارشاد وہ عنقریب پھر آیا اور اوس نے پھر اوٹھایا تو میں نے اوسکو پکڑا اور کہا کہ

میں تجھکو رسولخدا صلعم کے پاس لیجاؤنگا۔ اوس نے کہا۔ کہ میں محتاج اور عیالدار ہوں مجھے چھوڑدے میں پھر نہ آؤنگا تب مجھے رحم آیا اور میں نے چھوڑ دیا صبحکو آنحضرت صلعم نے فرمایا۔ کہ رات تیرے قیدی نے کیا کام کیا میں نے عرض کی کہ یا رسول اللہ صلعم اوس عیالداری اور محتاجی بیان کی تو میں نے اوس کو چھوڑ دیا۔ آپنے فرمایا۔ کہ وہ جھوٹا ہے۔ مگر عنقریب وہ پھر آئیگا۔ تب میں نگران رہا وہ تیسری دفعہ پھر آیا اور اوسیطرح گندم اوٹھائی تو میں نے اوسکو پکڑا اور کہا۔ کہ میں تجھکو رسولخدا صلعم کی خدمت میں لیجاؤنگا یہ تیسری دفعہ ہے تو جھوٹ کہتا ہے۔ کہ اب نہ آؤنگا اور پھر آجاتا ہے۔ اوس نے کہا تو مجھے چھوڑدے میں تجھے چند کلمات سکھاتا ہوں اوس سے حق تعالی تجھکو بہت سا نفع دیگا۔ میں نے کہا۔ کہ وہ کونسے کلمات ہیں اوس نے کہا کہ جب تو اپنے بستر خواب پر جاوے تو آیۃ الکرسی تلاوت کرے وہ یہ ہیں اللہ لا الہ الا ہو الحی القیوم الخ تو ہر طرح اللہ تعالی کی طرف سے تجھ پر حافظ اور نگہبان مقرر رہیگا اور شیطان تیرے پاس صبح تک نہ آئیگا۔ چنانچہ میں نے اوس کو چھوڑ دیا جب صبح ہوئی تو رسولخدا صلعم نے فرمایا کہ تیرے قیدی نے رات کو کیا کام کیا۔ میں نے عرض کیا۔ کہ یا رسول اللہ صلعم اوس نے کہا۔ کہ میں تجھکو چند کلمات سکھاتا ہوں جس سے اللہ تعالی کی طرف سے تجھکو منفعت ہوگی میں نے کہا وہ کونسے کلمات ہیں اوسنے کہا کہ جب تو بستر خواب پر جاوے تو آیۃ الکرسی پڑھ تو صبح تک تیرے نزدیک شیطان نہ آئیگا یہ سنکر رسولخدا صلعم نے فرمایا کہ خبردار ہو تحقیق اوس نے سچ کہا۔ حالانکہ وہ کذاب ہے۔ اے ابوہریرہ رض تو جانتا ہے کہ تین روز سے تیرا کون مخاطب ہا میں نے عرض کیا۔ کہ میں نہیں جانتا فرمایا یہ شیطان تھا اسکو یعنی اس حدیث کو ترمذی نے ابوایوب سے اپنی کتاب جامع میں اور امام غزالی ابن قتیبہ سے اس روایت کو نقل کیا اوس نے کہا۔ کہ مجھ سے ایک شخص نے اپنی کتب سے حدیث بیان کی اوس نے کہا۔ کہ میں بصرے میں کھجور کی تجارت کو گیا تھا۔ تو

وہاں سے کوئی مکان اپنے ٹھہرنے کو نہ پایا ایک مکان ویسا پایا کہ جس میں کمڑی نے جالا بنا ہوا تھا میں لوگوں سے دریافت کیا۔ کہ اس مکان کا کیا حال ہے یہ کیوں ویران پڑا لوگوں نے کہا کہ یہ مکان خالی و بیکار پڑا ہے تب میں نے اوس کے مالک سے کہا کہ یہ مکان مجھے کرایہ پر دے اوس نے۔ کہا کہ تو اپنی جان بچا۔ کیونکہ اوسکے اندر ایک دیو رہتا ہے اوسنے اوس کو اپنا مسکن بنا لیا ہے۔ جو کوئی اس میں آنکر رہتا ہے وہ اس کو ہلاک کر دیتا ہے میں نے کہا۔ کہ تو مجھے کرایہ پر دیدے پرواہ نہ رکھ میرا محافظ خدا ہے وہی میری مدد کرے گا۔ اوس نے کہا تجھے اختیار ہے آخر میں اوس مکان میں سکونت پذیر ہوا۔ جب اندہیری رات ہوئی تو اچانک ایک شخص سیاہ فام و خادم میرے نزدیک آیا جسکی آنکھیں آگ کی طرح شعلہ زن تھیں وہ سر تا پا سیاہ دکھائی دیتا تھا وہ میرے نزدیک آیا تو اوس وقت میں نے آیۃ الکرسی کا پڑہنا شروع کیا حتیٰ کہ جو میں پڑہتا وہ بھی پڑہتا جاتا تھا جب میں لا یؤدہ حفظہما وہو العلی العظیم تک پہنچا۔ تو اوسنے کچھ نہ پڑھا میں نے اس کلمہ کو چند بار پڑھا۔ یہاں تک کہ وہ تاریکی میرے سامنے سے جاتی رہی پھر میں اوسکے ایک گوشہ میں جاکر سو رہا۔ صبح میں نے دیکھا جہاں میں نے پڑھا تھا وہ ایک خاک کا ڈھیر پایا اور کسی نے کہا میں نے اس دیو کو جلا دیا ہے۔ میں نے کہا کہ وہ کس چیز سے جل گیا اوس غیبی شخص نے کہا۔ کہ ولا یؤدہ حفظہما وھو العلی العظیم کے حکم سے جل گیا۔ واضح ہو کہ آیۃ الکرسی کی ۱۷۰ حروف ہیں اور پچاس کلمے ہیں اور سات فصل ہیں اور بعضوں نے سترہ بیان کئے ہیں جو اس کو صبح کیوقت پڑھے گا وہ شر شیطان و جور سلطان سے محفوظ رہے گا۔ اسیطرح جو شخص اول شب میں پڑہے وہ بھی امان میں رہے اور جو آدھی رات کو قبلہ رو اور ہر دم کی آواز سے دور ہوکر یعنی تنہائی میں ۷۰ بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ ضرور بر آویگی اور جو شخص رسولوں کی تعداد کے موافق تلاوت کرے اور وہ ۳۱۳ ہیں اور یہی عدد اہل بدر و اصحاب طالوت کے ہیں اور اس کا حساب محمدؐ سے ہے اور اس اسم کے ساتھ توسل کیا جائے

اور اللہ تعالیٰ سے دین و دنیا و آخرت کی حاجت طلب کی جائے گی۔ تو وہ ضرور بر آویگی
اسیطرح بلغم کے واسطے ہے۔ اگر کوئی شخص نمک سفید کی سات کنکریاں پر
آیتہ الکرسی سات سات بار پڑھے اور نہار اسکو کھاوے تو جو اسکو بلغم کا
عارضہ ہوگا دور ہوگا۔

دیگر۔ ایک شخص نے رات کو پریشان خواب اور ڈراؤنی چیزیں خواب میں دیکھیں تو
اسنے کسی بزرگ سے آنکر بیان کیا۔ تو اوس بزرگ نے کہا کہ جب تو سوتا ہے تو پہلے
تین بار تعوذ یعنی اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھکر تین بار آیتہ الکرسی پڑھ
اور جب لایؤدہ حفظہما وھو العلی العظیم پر پہونچے تو اوسکو بھی تین بار
کہے اور سو رہے تو بیشک پریشانی سے محفوظ رہے گا۔ چنانچہ اس نے ایسا ہی
کیا تو اوسکو نجات ہو گئی۔

دیگر۔ اگر کسے مرگی والے پر ۱۱ بار پڑھکر دم کرے تو اوس کو آرام ہو جاوے
گا۔

دیگر۔ اگر نمازی بعد نماز آیتہ الکرسی پڑھے تو اوسکے گناہ معاف ہو جاتے
ہیں۔

دیگر۔ اگر کوئی جن کو دفع کرنا یا جلانا چاہئے۔ تو اوس شخص کے داہنے کان میں ۷ مرتبہ
اذان کہے پھر اوسے کان میں الحمد شریف و معوذتین و آیتہ الکرسی اور سورہ
صافات اور آخر سورہ حشر اور طارق پڑھے تو بیشک جن جل جاویگا۔ گویا آگ
میں جلایا گیا یہ صحیح و آزمودہ ہے۔ اور اگر درد جگر و کبد ہو اور خفقان اور دل کی دھڑکن
ہو تو چاہیئے۔ کہ ایک برتن پاک میں آیتہ الکرسی لکھے اور دھوکر مریض کو پلایا جاوے
اور پینے کے وقت یہ کلمے کہے ذہبت الشفاء من العلتہ الفلانیتہ یعنے مریض کا
نام لیوے تو اللہ تعالیٰ اس آیتہ الکرسی کی برکت سے مریض کو شفا دیگا۔

دیگر۔ اگر کسی جابر حاکم کے پاس جاتا ہو تو اوسکے روبرو جاتے ہوئے آیتہ الکرسی
پڑھے اور یہ کلمات پڑھے یا حی یا قیوم یا بدیع السموات والارض یا ذوالجلال

والاکرام اسئلک بحق ہٰذہ الآیۃ الکریمۃ وما فیہا من الاسماء العظیمۃ ان تجعلہم فداء
عنی و تخرس لسانہ حتی لا ینطق الا بخیر او لیصمت خیرک یا ہٰذا ہیں ید بک ئے شرک
تحت قدمیک پھر اسکے پاس جاوے تو اللہ تعالیٰ تیری طرف سے اس کے منہ میں
لگام دیگا اور اس کو کچھ ضرر نہ پہونچیگا۔

دیگر۔ اگر کسی سے تو خائف ہے تو چاہیئے۔ کہ نماز مغرب کے بعد دو رکعت نماز گذارے
اور دونوں رکعتوں میں بعد الحمد کے آیۃ الکرسی پڑھے اور جب آخری سجدہ ہو تو سجدہ میں
تین بار آیۃ الکرسی پڑھے اور جب وَلَا یَؤُدُہٗ حفظہما وھو العلی العظیم
پر آوے تو تین بار تکرار کرے اور یہ بھی کہے۔ کہ اللھم حل بینی و بین فلاں بن فلاں
کما حلت بین السماء والارض و الجسم فادعنی کما الجمت السباع عن دانیال علیہ
السلام بحق ہٰذہ الآیۃ الشریفہ۔ چنانچہ اس عمل کی برکت سے اوسکی ضرر سے محفوظ رہیگا
اور حق تعالیٰ تیری طرف سے اسکے منہ میں لگام دیدیگا۔ یہانتک کہ وہ تجھ سے سوائے
نیکی کے اور کچھ نہ کہیگا۔

سورہ یٰسین شریف کے خواص

ہر ایک کا دل ہوتا ہے جان لے۔ کہ قرآن شریف کا دل سورہ یٰسین شریف ہے سنوسی نے اپنی
مجربات میں لکھا ہے۔ کہ جناب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ آپنے حضرت
علی کرم اللہ وجہہ سے فرمایا کہ سورہ یٰسین کو اپنے اوپر لازم کر اس میں بیس برکتیں
ہیں۔ اگر بھوکا ہے تو اسکو پڑھے تو وہ سیر ہوگا۔ اگر پیاسا ہے تو پانی سے سیراب
ہوگا۔ اگر لباس میسر نہ ہوتا ہو تو اوسکو کپڑا مل جاویگا۔ اور جو بے زن ہوگا۔ یا زن
بے مرد ہوگی۔ تو وہ اس کا استعمال کرے تو ازدواج حاصل ہوگا اور جو شخص خوفناک
رہیگا۔ تو وہ بے امین ہوگا۔ اگر مریض پڑھے گا تو شفا پائے گا۔ اور قیدی رہائی
پاویگا۔ اگر کسی کی چیز گم ہوگئی ہو۔ تو وہ پڑھے تو اوسکی چیز گم شدہ مل جاوے گی
ایسی ایسی بہت سی برکتیں ہیں جو احاطہ تحریر سے باہر ہیں۔

دیگر۔ اگر کوئی کسی امیر وغیرہ سے حاجت رکھتا ہو۔ تو اسکو ۲۵ بار پڑھکر اوس امیر کے پاس جاوے تو وہ اوسکی توقیر و عزت کریگا اور حاجت برلاویگا۔

دیگر۔ اور یہ بھی ہے جس کو ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے اگر کوئی شخص خوف زدہ کسی ظالم یا جبار سے تو اس سورہ کو تلاوت کرے اور بعد پڑھنے کے یہ کہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بسم اللہ الذی لا الٰہ الا ہو الحی القیوم بسم اللہ الذی لا الٰہ الا ہو ذوالجلال والاکرام۔ بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شیء فی الارض ولا فی السماء وہو السمیع العلیم۔ اللّٰہم انی اعوذ بک من شر فلان بن فلان۔ اور بعد اسکے اوس جبار کے پاس جاوے تو اوسکے شر سے امن میں رہے گا۔

دیگر۔ اور جمیع مہمات کیواسطے۔ چاہیئے کہ بعد نماز عشاء باوضو ہوکر دو رکعت نماز پڑھکر الم بار اس سورہ کو پڑھے اور ہر مرتبہ کے بعد یہ کلمات کہے۔ یا من یقول للشیء کن فیکون افعل بی کذا و کذا۔ چنانچہ اوس کا مقصد ضرور حاصل ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ۔

بعض نے لکھا ہے۔ کہ جو شخص اس سورہ کو شروع رات پڑھے گا۔ وہ تمام رات مسرور رہے گا اور جو شخص شروع دن کو پڑھے گا وہ تمام دن مسرور رہیگا۔

اور تپ کے دفعیہ کے لئے۔ اول سے آخر تک ایک ڈورے پر پڑھے۔ اور لفظ پر ڈورے میں گرہ دے سات مہینوں پر سات گرہ دیوے۔ اور تپ والے کے داہنے بازو پر بطور تعویذ وہ ڈورا باندھا جاوے۔ تو بیمار تپ سے نجات حاصل کرے۔

اگر کوئی شخص کسی کے ظلم و جور سے تنگ آگیا ہو اور اوسکی ہلاکی چاہتا ہو تو ایک اینٹ لاوے اور برلب نہر یا حوض کے کنارے قبلہ رو ہوکر اوس اینٹ کو اپنے روبرو رکھے اور اس سورہ کو الم بار پڑھے اور ہر مرتبہ جبکہ سورہ ختم ہو ایک اوس خشت پر کھینچ دیوے اور جب پڑھ چکے تو اس خشت پر نماز جنازہ پڑھے اور اینٹ کو اپنا دشمن تصور کرے بعد ازاں اوس خشت کو اوسی نہر یا حوض میں پھینک دیوے تو بہت جلد اوس کا دشمن

ہلاک ہوگا یہ یاد رہے۔ کہ اس عمل کو حتی الوسع نہ کرے اگر بہت ہی تنگ آگیا ہو تو
کرے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے فمن عفی واصلح فاجرہ علی اللہ۔

شیخ ابو الفضل بن یعقوب نے لکھا ہے کہ مجھ کو ایک مرد صالح سے یہ عمل پہونچا
ہے کہ جو شخص اُٹھ کنکریاں لیوے اور ایک گڑھا کھود کر ہر ایک کنکر پر ایک ایک سورہ
یٰسین پڑھکر اوس گڑھے میں ڈالے یہانتک کہ وہ تمام کنکریاں ختم ہوجاویں۔ اور
پھر ان کنکریوں پر نماز جنازہ پڑھے اور دشمن کی نیت دل میں ہو پھر ان پر مردے
کی طرح مٹی ڈالے تو البتہ وہ شخص یعنی دشمن بہت جلد ہلاک ہوگا جس نے اس
عمل کو لکھا ہے۔ اس کے نزدیک صحیح اور درست ہے اور وہ بڑا ثقہ مرد ہے
اور بعض نے لکھا ہے۔ کہ اس کو مشک و زعفران سے لکھکر سات روز متواتر
پی لیا کرے تو جو کچھ وہ سنے گا یاد رہیگا اوسکو۔

اور سلام قولا من رب الرحیم کا خواص یہ ہے کہ قضاء حاجات و کفایت
مہمات کے لئے چاہیئے۔ کہ اس کو ایک ہزار چار سو اکہتر بار پڑھے تو اوس کا
مطلب حاصل ہو یہ مجربات میں سے عمل ہے۔

اور شدید حادثہ کے واسطے۔ اگر اسکو پانچ بار لکھکر اپنے پاس رکھے تو
وہ شخص حادثہ سے محفوظ رہے گا۔

اور جو شخص وبا کے دنوں میں ہر روز ۱۸ مرتبہ اس آیت کو پڑھے تو وبا و
طاعون وغیرہ سے صحیح و سالم رہیگا۔

و قولہ تعالیٰ و نفخ فی الصور فاذا ہم من الاجداث تا محضرون یہ آیتیں حصار
ملوک جنوں کے اور انکے زجر کرنے کے واسطے نو بار پڑھے اور ساتھ یہ آیات پڑھے
ولقد علمت الجنۃ انہم لمحضرون ہذہ جہنم التی کنتم توعدون اصلوہا الیوم بما کنتم
تکفرون یہ وہ آیتیں ہیں کہ اگر صاحب فراش پر پڑھی جاویں تو وہ اٹھکر کھڑا
ہوجاویگا۔ اگر شخص مصروع پر پڑھی جاویں۔ تو آسیب وغیرہ اسکی
زبان سے گویا ہوگا۔

قولہ تعالیٰ الیوم نختم علیٰ افواہہم آخر لایرجعون اور لظلمات ہو یحی تا آخر من لوذیہ آئیتیں تب کر یختہ کے واسطے عمل میں لاویں اور تلاوت کرکے یہ آئیتیں بھی پڑھیں او کظلمات فی بحر لجی تا آخر آیت بعد اوسکے یہ آئیتیں تین بار پڑھیں اذا علے القادر الآیہ اس عمل سے بہا گا ہوا حیران ہوکر واپس آویگا۔

سُورۂ مُلک

امام ترمذی نے روایت کی ہے۔ جناب رسولخدا صلعم سے کہ آپنے فرمایا کہ ایک سورہ قرآن میں ہے جسکی تیس آئیتیں ہیں وہ قیامت کے دن اپنے تلاوت کرنیوالیکی سفارش کرے گی۔ یہانتک کہ وہ بخشا جاوے گا۔ اور وہ سورہ تبارک الذی ہے۔

بعض روایت میں ہے۔ کہ سورہ تبارک الذی عذاب قبر سے باز رکھنے والی ہے۔

اور ترمذی نے جابرؓ سے روایت کی ہے۔ کہ رسولخدا صلعم نہیں سوتے تھے تاوقتیکہ سورہ الم تنزیل السجدہ اور تبارک الذی کی تلاوت فرما لیتے۔

انسؓ سے روایت ہے کہ جو شخص ان دونوں سورتوں یعنی الم تنزیل السجدہ اور تبارک الذی کو رات میں تلاوت کرتا ہے وہ اوسکی مانند ہے۔ کہ جس نے شب قدر کو پایا۔

طاؤس علیہ الرحمت ان دونوں سورتوں کی حضر اور سفر میں تلاوت کیا کرتے تھے۔

اور مروی ہے کہ جو شخص ان دونوں سورتوں کو دو رکعتوں میں پڑھے اور اسکے بعد یہ کلمات لکھے یا دائم یا حی یا فرد یا وتر یا قدیم یا احد یا صمد صل علے محمد و علی آل محمد اور بعد اسکے اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت کا سوال

کرے وہ مستجاب ہوگی۔
امام قرطبیؒ نے اپنی کتاب تذکرہ میں حضرت نبی کریم صلعم سے روایت کی ہے کہ جو شخص سورہ ملک کو ہر رات پڑھا کرے گا تو وہ سورۃ اپنے پڑھنے والے کی قبر میں آکر اوسکی طرف سے جھگڑا کرے گی۔
اور نیز جو شخص اس کو ہر شب پڑھا کریگا۔ تو اوس کے پاس موت کے فتنے نہ آوینگے۔

سُورۂ وَاقعہ

اس سورہ کے فضائل تو بہت ہیں مگر یہاں چند بیان کئے جاتے ہیں وہ یہ ہیں۔ کہ ہمارے سردار حضرت عثمان بن عفان رضؓ سے مروی ہے۔ کہ اونہوں نے عبداللہ بن مسعودؓ کی خدمت میں کچھ مال پیش کیا تو اونہوں نے لینے انکار کیا۔ اور کہا کہ اپنی صاحبزادیوں پر خرچ کر۔ حضرت عثمانؓ نے کہا۔ کہ میں نے اونکو سورۃ واقعہ کی تلاوت کیلئے مامور کیا ہے۔ ہر آئنہ میں نے نبی کریم صلعم سے سنا فرماتے تھے۔ کہ جو شخص ہر روز سورہ واقعہ کو تلاوت کیا کرے۔ تو اسکو فاقہ نہ پہونچے اور یہی امام ابن عبدالبرؒ نے اپنی کتاب تمہید میں ایک حدیث بیان کی ہے۔ کہ حضرت صلعم نے فرمایا۔ کہ جو شخص روزمرہ سورہ واقعہ کو پڑھا کرے وہ بلائے فاقہ سے محفوظ رہے اور بعض علما نے کہا ہے کہ جو شخص سورۂ واقعہ کو اکتالیسؔ بار ایک نشست میں تلاوت کرے تو اوس کی حاجت دور ہوگی۔ رزق عام ملیگا۔ اسیطرح اسکی تلاوت نماز عصر کے بعد ۱۴ مرتبہ مجرب و مشہور ہے اور جو اسکی مداومت کرے وہ مشاہدات مسرت کرے گا۔

بعضوں نے کہاہے۔ کہ جو شخص عشا و صبح کی نماز کے بعد تین تین بار ہر روز پڑھا کرے تو حق تعالیٰ اوسکو تونگر کردے گا۔ ایسی جگہ سے روزی ملے گی جہاں سے اوسکو گمان بھی نہ ہوگا۔

بعض صالحین نے لکھا ہے۔ کہ سورہ والقمر کے ہر روز پڑھنے سے مجھے فائدہ بتایا ہے۔ شیخ احمد رشید جو کہ ولی اور عارف کامل تھے کہتے ہیں کہ ابو العباس الحریشی نے کہا کہ اے احمد اس سورہ کا ایک جماعت نے عمل کیا تو حق تعالیٰ نے انکو تونگر کر دیا اور وہ عمل یہ ہے۔ کہ سات روزے متواتر رکھ اور جمعہ سے شروع کر اور با طہارت و ضو رہے اور اس سورہ کو نماز فریضہ کے بعد پچیس مرتبہ پڑھ اور پھر جمعہ کی رات آوے تو اس سورہ کو بعد نماز مغرب پچیس مرتبہ پڑھ اور نماز مغرب و عشا کے درمیان اپنے آپ کو امور خیر میں مشغول رکھ اور جب نماز عشاء پڑھ چکے تو پھر اسی سورہ کو ایکسو پچیس مرتبہ پڑھ اور پھر نبی صلعم پر ہزار بار درود و سلام بھیج چنانچہ یہ عمل مکمل ہوا پھر ہر روز صبح کو ایکبار اور شام کو ایک بار پڑھا کر تاکہ تمام مقصود اللہ کے حکم سے حاصل ہوں۔

سُوْرَۃُ قَدْر

بعض بزرگوں نے امام فقیہ ولی بزرگ احمد بن موسیٰ بن سے اپنے فقر کی شکایت کی تو انہوں نے حکم دیا۔ کہ اس سورہ کو اس دعا کے ساتھ بکثرت رکھو دعا یہ ہے اللھم یا من یکتفی عن جمیع خلقہ ولا یکتفی عنہ احد من خلقہ یا احد من لا احد لہ انقطع الرجاء الا منک وخابت الاٰمال الا فیک سوت الطرا لی الا الیک یا غیاث المستغیثین اغثنی اور اغثنی کو تین بار کہے۔

بعض علماء نے کہا ہے۔ کہ جس کسی کو حق تعالیٰ کوئی حاجت درپیش ہو۔ تو وہ سورہ انا انزلناہ کو اکتالیس بار پڑھے اور پھر دعا مذکورہ بالا کو اکتالیس بار پڑھکر اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرے تو اوس کا مطلب بر آوے گا۔ مجرب ہے۔

بعض بزرگوں نے یہ بھی کہا ہے۔ کہ جو کوئی سورہ قدر کو ہزار بار جمعہ کے روز پڑھے وہ بغیر زیارت رسول مقبول صلعم کے نہ مریگا۔

بعض نے یہ بھی لکھا ہے۔ کہ اگر اس سورہ کو رات سوتے وقت اس سورہ کو معہ اسکے نام کے اور اوسکی ماں کا نام کاغذ پر لکھکر زعفران سے لکھے اور لپیٹ کر سوئے ہوئے کے سینہ کے نیچے یا اوپر رکھدے تو جو کچھ اوسنے اپنی عمر میں کیا ہوگا بیان کریگا یہ حرفہ اس وقت رکھا جائے جب وہ سویا ہوا ہو۔ مرد ہو یا عورت۔

بعض نے یہ بھی لکھا ہے۔ کہ انسان جس وقت نیا کپڑا پہنے تو اس سورہ کو ۱۰م بار پڑھکر پانی پر دم کرکے اوس کپڑا پر چھڑکدے تو وہ کپڑا جبتک اوسکے بدن پر رہیگا اللہ تعالی اوس کے رزق میں فراخی دیگا۔

بعض نے یہ بھی لکھا ہے۔ کہ اگر سورۂ قدر اور سورۂ اخلاص کو دس دس بار پڑھکر پارچہ نو پر چھڑکدے تو جبتک اوس کپڑے کا اوسپر تار بھی رہے گا جبتک وہ شخص عیش و عشرت میں رہے گا۔

اور یہ بھی کہ رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے کہ جو شخص سورہ قدر کو ہاتھ میں قبر کے مٹی لیکر پڑھکر دم کرکے مردے کے کفن یا قبر میں وہ مٹی رکھدے تو اوسکی برکت سے مردہ عذاب قبر سے امن میں رہیگا۔

سورہ الم نشرح وفیل کیخواص میں

بعض صالحین نے لکھا ہے۔ کہ جو شخص سورہ الم نشرح کو کسی برتن میں لکھے اور دھوکر پی لیوے تو اوس شخص سے غم و ہم کا خوف دور ہوں گے۔ مگر اسکو گلاب کے عرق سے دھوکر پیے۔

بعض نے یہ بھی لکھا ہے۔ کہ جو شخص سورہ الم نشرح کو بعد از نماز پنجگانہ پڑھے گا۔ تو حق تعالے اسکی مشکل کو آسان کریگا اور اوس کو رزق ایسی جگہ سے دیگا جہاں سے اوس کا گمان بھی نہ ہوگا۔

علما نے لکھا ہے۔ کہ سورۂ الم نشرح کے پڑھنے والے کو فراخ روزی کشائش

سینہ ہو گی اور ہر ایک تنگی اوس سے دور رہے گی اور جس شخص کو عبادت میں سستی رہتی ہو اوسکی سستی اور تنگی رزق دور ہو گی بشرطیکہ ہمیشہ اوس کا ورد رکھے۔

بعض نے یہ بھی لکھا ہے۔ کہ قضائے حاجات کے واسطے چاہیئے۔ کہ باوضو ہو کر دو رکعت نماز ادا کرے اور دونوں رکعتوں میں بعد سورہ فاتحہ کے جو سورہ اچھی یاد ہو وہ پڑھے اور پھر قبلہ رو ہو کر بیٹھے اور خدا کی طرف متوجہ ہو کر اس سورہ کو ایک سو باون مرتبہ اسکے حروف کی تعداد کے مطابق پڑھے اور پھر حق تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرے تو ضرور اوسکی حاجت پوری ہو گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

بعض نے یہ بھی لکھا ہے۔ کہ اگر کسی کے یادداشت درست نہ ہو تو وہ سورہ الم نشرح کو لکھکر اور دھو کر پی لیوے تو اوسکی یادداشت درست ہو جاوے گی۔

اور دفعیہ تپ کیواسطے چاہیئے کہ سورہ الم نشرح کو پڑھے اور ایک ڈورہ سوت کا لیکر جب کاف پر آوے تو اوس ڈورے میں گرہ دیوے۔ اس میں نو کاف ہیں ہر ایک پر گرہ لگاوے گا یا نو گرہ لگا کر بخار والے کے گلے یا بائیں کلائی میں باندھ دیوے تو انشاء اللہ تندرست ہو جاوے مجرب ہے۔

اور سورہ فیل کے خواص میں لکھا ہے۔ کہ اگر کسی کی زمین یا کھیتی برباد ہو گئی ہو۔ تو وہ اس سورہ کو لکھکر باغ یا کھیتی میں دفن کرے تو جبتک اسمیں یہ دفن رہے گی وہ سرسبز و شاداب رہے گا۔ یہ عمل عام مشہور و مجرب ہے۔

جو شخص اپنے دشمن سے تنگ آ گیا ہو اور اوسکو ہلاک کرنا چاہتا ہو۔ تو کسی نہر یا دریا پر جا کر دس روز تک متعلق ہر روز اس سورہ کو ایکہزار بار پڑھا کرے اور دسویں روز وہیں بیٹھ کر یہ دعا بھی پڑھے اللّٰھم انت الحاضر المحیط بکنونات الضمائر اللّٰھم عز انتظام من ظلم الناصر انت المطلع العالم اللّٰھم ان فلاناً ظالمی وازا

ولا یشہد بذالک غیرک اللھم انت المالکہ ہا ہذا ہلکہ اللھم سربلہ بسربال الھوان وقمعہ
بقمیص الردی تین بخر ان اللھم قصمہ دو بار کہے اور اللھم اہلکہ تین بار اللھم اقطع دابرہ چار بار
کہے فقطع دابر القوم الذین ظلموا والحمد للہ رب العلمین پانچ بار کہے فاخذہم اللہ
بذنوبہم وما کان لہم من اللہ من واق چھ مرتبہ اور اس دعا کو اسیطرح دس بار تکرار کرے
تو قدرت خدا سے دشمن ہلاک ہو گا۔

اور سورہ فیل کے خواص میں یہ بھی ہے۔ کہ ظالم کی ہلاکت کیواسطے دوشنبہ کو
روزہ رکھے اور گوشت ہر قسم شیرہ غیرہ سے پرہیز کرے اور نماز عشا کی ادا کرکے کسی
ایسی جگہ داخل ہو کر جہاں کوئی آدمی نہ جاسکے اوسکے درمیان بیٹھے اور پہلے دو رکعت
نماز فریضہ ولی اللہ ادا کرے اور دو سو مرتبہ سورہ قل ہو اللہ احد پڑھے اور سورہ
فیل کو ترمیہم تک تین بار پڑھے یعنی ترمیہم کو تین بار کہے مگر سورہ کو ختم نہ
کرے اور اس حالت میں اس سورہ کو ستر بار پڑھکر پھر ترمیہم بحجارۃ آخر تک
پڑھے اور یہ دعا پڑھے اللھم ادم فلاں بن فلانہ بہلاکک وانکالک تو مارک یا شدید
البطش یا قہار اس کو دو سو مرتبہ پڑھے تو اگر اس عمل کو تین رات متواتر عمل میں لادیگا
تو وہ ظالم ہلاک ہوگا اور خانہ برباد ہو گا۔ مگر تجھے اس بات میں خدا سے ڈرنا
چاہیئے۔ تھوڑے سے بگاڑ میں ایسا کام نہ کیا کرے۔ اگر جلدبازی سے کام لے گا
تو خدا کا دیندار ہو گا۔

بعض نے یہ بھی کہا ہے۔ کہ اگر اس میں اس سورہ فیل کو دشمن کے روبرو
پڑھا جائے تو دشمن مہربان ہو گا۔

اگر جنگ میں اسکو تلاوت کرے تو دشمن پر فتح پاوے۔

امام غزالی رح نے بعض صالحین سے روایت کی ہے۔ کہ اگر ان دونوں سورتوں کو
ہمیشہ ورد رکھے یعنی اسطرح پڑھے یعنی فجر کی نماز میں یوں پڑھے کہ پہلی رکعت
میں الم نشرح اور دوسری میں الم ترکیف پڑھے تو اللہ تعالیٰ اوسکو دشمن سے محفوظ رکھیگا
یہ عمل صحیح اور درست ہے۔

خواص سورہ عصر و ہمزہ و قریش و کوثر میں

اگر سورہ عصر کو چار ٹھیکری آب نہ رسیدہ پر لکھکر اپنے انبار غلہ میں چاروں کونوں میں رکھدے تو وہ ذخیرہ ہر بلا و آفات سے مامون رہے گا۔

اگر اس کو جست کی تختی پر لکھکر دوشنبہ کے روز زحل کے وقت میں لکھکر جہاں رکھدے تو در مکاں یا دوکان میں رکھدیگا وہ موکل اور ویران اور خراب ہوگا مگر یہ یاد رہے کہ اس کو جب مستحق اس کا ہو اوسکے واسطے کیا جاوے ورنہ خدا کا وبال ہوگا۔

اور سورہ قریش کو جس کھانے پر پڑھ کر دم کرے تو اوس میں برکت ہوگی اور کھانے والوں کو کوئی نقصان نہ پہونچیگا۔

اور اگر کسے کو زہر دیا گیا ہو اوسکو سورہ قریش پاک برتن میں لکھکر پانی دہوکر پلا یا جاوے تو زہر اثر نہ کرے گا۔

جس کا دل دھڑکتا ہو یا کم عقل ہو یا بھولنے کی عادت ہو تو اوسکو کسی برتن پاک میں لکھکر دہوکر پلا دیں تو درست ہو جاوے۔

جو شخص سورہ کوثر کو جمعہ کی رات میں ہزار بار پڑھکر سوئے تو اوسکو جناب کریم صلعم کی زیارت نصیب ہوگی۔

اور جو لکھکر اسکو گلے میں باندہے تو وہ دشمن پر فتحمند ہوگا اور جبتک تعویذ اوسکے پاس رہے گا۔ اوسکو کوئی امر مکروہ نہ پہونچیگا۔

اور جو ما جب بخار ہو تو اوسکے واسطے ایک ورق پر بسم اللہ کے حروف الگ الگ لکھے اور پھر انا اعطینا ک الکوثر تک حروف ملے ہوئے لکھے اور پھر دوسرے پرچہ پر بسم اللہ کو اسیطرح لکھے اور پھر فصل لربک وانحر تک لکھے پھر تیسرے پرچہ پر اسیطرح بسم اللہ لکھکر ان شانئک ہو الابتر لکھے جب بخار یعنی تپ شروع ہو تو پہلے پرچہ کا فتیلہ بنا کر دہونی دیوے اگر ایک ہی پرچہ سے تپ

دفع ہو جائے تو بہتر ہے نہ دوسرا پرچہ کی دہونی دیوے اگر اچھا ہو جائے تو بہتر ورنہ تیسرے پرچہ کی دہونی دیوے تو تپ دور ہوگا۔

خواص سورہ کافرون و اخلاص و معوذتین کے بیان میں

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جب رات کو سوئے تو سورہ قل ہو اللہ اور کافرون کو پڑھکر سوئے تو یہ آیت اور دوری کا باعث ہے۔

اور جو شخص سورہ کافرون کو آیتوار کے دن طلوع آفتاب کے دس بار پڑھے۔ اور اللہ تعالیٰ اپنی حاجت طلب کرے تو اوسکی حاجت بر آوے۔

اور بعض نے ہلاکی دشمن کے واسطے لکھا ہے۔ کہ با وضو ہوکر دو رکعت نماز کے بعد اس سورہ کو ہزار بار پڑھے اور ہر صد کے پیچھے یہ کلمات پڑھکر دوسرا سینکڑا شروع کرے اللہم انی سلطت روحانیۃ ہذا بسورۃ حارہا یا بسہا علیٰ روح کذا وکذا الظالم او العدو کو حق بہت جلد دشمن کو ہلاک کرے گا۔

اور سورۂ قل کے فضائل حدیثوں میں آیا ہے۔ چنانچہ شیخ جلال الدین سیوطی اپنی کتاب جامع میں لکھا ہے۔ کہ جو شخص ایکمرتبہ قل شریف پڑھتا ہے تو گویا وہ تیسرا حصہ قرآن شریف کا پڑھتا ہے تو جسنے تین دفعہ پڑھا۔ تو گویا اوسنے تمام قرآن شریف کا ختم کیا۔

جو شخص قل ہو اللہ کو دس مرتبہ پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اوسکے لئے جنت میں ایک مکان بناتا ہے۔ اور یہ بھی ہے کہ جو اسکو بیس مرتبہ پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ ایک باغ جنت میں بنا دے گا۔

جو شخص پچاس مرتبہ پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اوسکے پچاس برس کے گناہ بخش دیگا۔ اور جو شخص اوسکو ایکسو مرتبہ خواہ نماز یا بغیر نماز کے پڑھیگا اللہ تعالیٰ اوسکے لئے آزادی لکھ دیگا جہنم سے۔ اگر کوئی شخص اسکو دو سو مرتبہ

پڑھے گا تو اوسکے سو برس کے گناہ بخش دیئے جاویں گے۔

ایک شخص صحابہؓ میں سے اپنی ہر رکعت نماز میں سورہ اخلاص کا اکثار کیا کرتے تھے۔ یعنی اسکو بہت کثرت سے ہر رکعت میں پڑھا کرتے تھے چنانچہ رسول خدا صلعم نے ان سے دریافت کیا۔ تو انہوں نے عرض کیا۔ کہ میں اس سے بہت محبت رکھتا ہوں آنحضرت صلعم نے فرمایا۔ کہ تیری محبت اس سورہ کی تجھ کو جنت میں داخل کریگی اور قرطبیؒ اپنی کتاب تذکرہ میں لکھا ہے کہ جناب رسول خدا صلعم نے فرمایا کہ جو شخص سورہ قل ہو اللہ احد کو اپنے مرض میں پڑھے گا۔ اور وہ فتنہ قبر سے محفوظ رہے گا اور عذاب سے امن پاوے گا۔ اور ملائکہ قیامت کے روز چاروں طرف سے اوسکو گھیر لیں گے اور اپنے بازوں پر صراط پر سے گذار کر جنت میں پہونچا دیں گے بعض نے کہا ہے۔ جو کوئی اس کا ذکر اختیار کریگا حق تعالیٰ اوسکو اکل و شرب سے بے پرواہ کریگا اور صورت ذکر کی یہ ہے کہ یا صمد یا صمد یا صمد کہا کرے اور اوس سے سستی کرے یعنی جسقدر ہو سکے ایک سانس میں پڑھے اور جدائی نہ کرے بعض علماء نے کہا کہ مجھ سے ایک ایسے شخص نے کہا جسپر کہ میرا بڑا وثوق تھا۔ کہ جو شخص یا صمد کو ایکسو پینتیس مرتبہ پڑھے وہ بھوکا نہ رہیگا یہ عمل مجرب ہے۔

اور بعض علماء کے دستخط سے پایا گیا ہے۔ کہ جسقدر اور جس وقت آدمی خلوت میں ہو وہ اسم یا صمد کی جسقدر ہو سکے ذکر کرے تو وہ شخص گرسنگی اور تشنگی اور ہر صعوبات سے مامون رہیگا۔

اور بونیؒ نے اپنی کتاب شمس المعارف اوسط میں لکھتے ہیں کہ اسم حق تعالیٰ کا الصمد وہ ذکر ہے کہ جو مرتا ہے کے لئے برائے رفع گرسنگی عمل صالح ہے اس اسم شریف کا ذکر اوس کے سوائے کسی دوسرے ذکر میں داخل نہ ہوگا تو اوسکو حق تعالیٰ گرسنگی حس مس نہ کرے۔

بعض خواص سے یہ ہے کہ رسالتمآب صلعم سے مروی ہے کہ جو شخص اس سورہ کو

۱۱ بار قبرستان مردوں پر پڑھے اور اس کا ثواب ان کو بخشے تو اوس کو بعد اموات
اجر ملیگا ۔

بعض خواص میں یہ بھی ہے ۔ کہ جو شخص دفع بلا و حصول مراد کے لئے اس سورۂ
قل ہو اللہ احد کو مغرب اور عشا کے درمیان ایک ہزار ایک بار پڑھکر حق تعالیٰ
سے اپنے مطلب کی دعا کرے تو وہ اسکو انشاء اللہ تعالیٰ حاصل ہوگا ۔

بونی نے لکھا ہے ۔ کہ اگر شب جمعہ میں اس سورۂ کو چھیاسٹھ مرتبہ پڑھے
اور اوس کے بعد یا اللہ ۲۱ ۵۶ بار اور پھر ایک ہزار درود شریف رسول صلعم پر
پڑھے اور پھر ما شاء اللہ ایک ہزار بار کہے اور ہزار بار درود شریف پڑھکر سو رہے
تو تیرے پاس خواب میں ایک فرشتہ آئیگا وہ تمہارے دل کی خبر دیگا ۔

اگر تو ہر رات جمعہ کو اس عمل کی مداومت کرے تو صالحین سے ہو جاوے اور خدا کا
فضل شامل حال رہے

معوذتین

جو شخص ان دونوں سورتوں کو ہر رات پڑھا کرے تو وہ شر جن و انس اور جملہ
وسواس سے محفوظ رہے گا ۔

بعض نے یہ لکھا ہے ۔ کہ کسی ظالم شخص کے پاس جانا ہو تو ان دونوں سورتوں
کو پڑھتا ہوا چلا جاوے تو اللہ تعالیٰ اوسکو اوسکے شر سے محفوظ رکھے گا ۔

اور عقبہ بن عامر صحابی رض سے مروی ہے کہ رسول صلعم نے فرمایا کہ تو نہیں دیکھتا ۔ کہ جو
آج کی شب یہ آئتیں نازل ہوئی ہیں ان کی مانند آگے کبھی نہیں دیکھا گیا ۔ وہ
یہی دونوں معوذتین ہیں اس حدیث کو مسلم نے بھی روایت کیا ہے ۔

اور ابو سعید خدری سے روایت ہے کہ رسول خدا صلعم تعوذ کیا کرتے تھے
شر جن و انسان سے یعنی ان دونوں سے خدا سے پناہ مانگتے تھے ۔ جب یہ نازل
ہوئیں تو آپ نے دیگر تعوذات سے ترک کر دی اور ان دونوں کو اختیار کر لیا ۔ اس حدیث کو

ترمذی نے روایت کیا ہے۔ اور حسن نے بھی کہا ہے۔ ان کے نازل ہونے کا سبب یہ ہے۔ کہ جب دختران بعید یہودی نے رسول صلعم پر جادو کیا۔ اور اللہ تعالیٰ نے آں حضرت صلعم کو حال اور محل سحر سے مطلع کر دیا اور اوس مقام میں ایک رودہ کمان کا پایا۔ اوس میں گیارہ گرہ ہیں لگی ہتیں اور وہ رودہ رسول اکرم صلعم کی خدمت میں پیش کیا گیا۔ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ ان دونوں سورتوں کو پڑھ لو جب ایک آیت پڑھی جاتی تو ایک گرہ کھل جاتی اور رسول خدا صلعم کو سکون ہو جاتی تھی۔ یہانتک کہ وہ گرہیں کھل گئیں اور آنحضرت صلعم اوٹھ کھڑے ہوئے اور خدا وند عالم بڑا علم والا اور جاننے والا ہے۔

بعض نے یہ بھی کہا ہے۔ کہ اگر دونوں سورتوں کو لکھکر چھوٹے بچوں کے گلے ڈالی جاویں۔ تو وہ بچے شر جنات اور بلائے آفات سے محفوظ رہیں گے اور یہ بھی لکھا ہے۔ کہ اگر دونوں سورتوں یعنی سورۃ معوذ ثانیہ یعنی سورۃ الناس کے عمل کا ارادہ کرے تو پہلے روزہ رکھکر اور جلالی و جمالی اشیاء سے پرہیز رکھے اور اس سورہ کو ایکہزار دفعہ پڑھے اور سینکڑہ کے بعد یہ کلمات کہے اجیبوا و توکلوا ایہا الوسواس الخناس واو خلو بقلب کذا و کذا با المحبۃ و المودۃ و عطفو قلبہٗ علی اور یہ کلمات اوس حالت میں کہنا چاہئیے۔ کہ جبکہ محبوب سے محبت کا ارادہ ہو اور اگر تیرا ارسال ہو کلمات کا ارادہ ہے یعنی قضا حاجات کا ارادہ ہو تو یہ کہے اجیبوا و توکلوا ایہا الوسواس الخناس واو خلوا علی کذا فی ہذہ الاٰیۃ اخرہ وہ بار سیبوت الحراب ایقظوہ و سوالہٗ حاجتی و عروۃ باسموا کیفیتی و محلی بحق ہذہ السورۃ الشریفۃ۔

اگر کسی کی خواب بندی کا ارادہ ہو تو یہ کلمات کہنا چاہیئے۔ اجیبوا و توکلوا ایہا الوسواس الخناس بعقہ توم کذا حتیٰ لا یاکل و لا یشرب و لا ینام بحق ہٰذہ السورۃ الشریفۃ بحق و الیٰ قلبہٖ و فوادہ و البسوا او ہا نیتہٗ بحق ہٰذہ السورۃ الشریفۃ۔

بعض آیات کے خواص

اگر شتر کی ہڈی کو پیسکر ظالم کے گھر میں ڈالدیں تو عجیب اثر نظر آوے گا۔

اور سورۂ ہود کو لکھکر اپنے پاس رکھے۔ تو اوس کو کوئی ہتھیار زخمی نہ کرسکے گا اور وہ سب پر غالب آئے گا۔

اگر سورہ یوسف کو لکھکر حاملہ کے گلے میں ڈالدیں تو فرزند نرینہ اور صالح جنے گی۔

اور اگر تعبیری آیت فلما دخلوا علیٰ یوسف آوی الیہ ابویہ تا الحکیم کو لکھکر اپنے داہنے بازو پر باندھے اور اسی آیات کو کثرت کے ساتھ پڑھتا رہے تو وہ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد خلاصی پاویگا۔

۷۸۶

۱	۸	۱۱	۱۴
۱۲	۱۳	۲	۷
۶	۳	۱۹	۹
۱۵	۱۰	۵	۴


ایضاً ۔ جو شخص چاہے۔ کہ راہ چلتے ہوئے ماندہ نہ ہو تو چاہیئے۔ کہ اس خاتم مبارک کو لکھکر اپنے گلے میں ڈالے تو وہ شخص کبھی نہ تھکے گا۔ وہ خاتم یہ ہے۔

ایضاً ۔ بد نظر کے واسطے یہ تعویذ لکھکر اپنے پاس رکھے تو ہر بد نظر سے محفوظ رہے نقش یہ ہے . . . .

۷۸۶

حسبنا	اللہ	نعم	الوکیل
عزیز	سابق	محیط	مغنی
مانع	واحد	مہلک	ظالم
حی	ثبیت	معبود	باقی

ایضاً ۔ بد چشم زخم کے واسطے یہ تعویذ لکھکر اپنے پاس رکھے۔ وہ نقش یہ ہے . . . . .



درد سر کیواسطے

حروف ذیل لکھکر کاغذ کو درد کے مقام پر چسپاں

کردیں۔ درد جاتا رہے گا۔ ود یہ ہیں د۔ م۔ ع۔ م۔ ل۔ ھ۔

برائے تاریکی چشم!

یہ کہ کشنیز خشک باریک کرکے سفوف بنالیویں اور بہا نتک کہ کچھ نہ کھاویں تو انشاء اللہ صبح کو تاریکی نہ دیکھیگا۔

جسکی آنکھ سے پانی بہتا ہو!

وہ سداب بیکر پانی میں جوش دیں اور وہ پانی آنکھ میں لگاوے تو سیلان آنکھ بالکل جاتا رہے۔

پڑبال کیواسطے!

کہ پڑبالوں کو اکھاڑکر قدرے سنبل و زعفران برابر اوسکے پیسکر سرمہ لگاویں تو نہایت نافع ہوگا۔

سرخی چشم

نمک کو خالص پانی میں حل کرکے رات کو سوتے وقت آنکھ میں ڈالے تو سرخی صبح کو جاتی رہے گی۔

بعض نے یہ بھی لکھا ہے۔ کہ زیرہ نر میں قدرے نوشادر پیسکر فوراً اوسکو لگاویں تو پھر عود نہ کرے گا۔

آب پیاز سفید و شہد ملاکر آنکھ میں لگانا مفید ہے۔


اگر زنگار کو زردی بیضہ کے ساتھ حل کرکے آنکھ میں لگاویں تو جالا و پھولا اور خارش خشک و سرخی و پانی کے لئے مفید ہے۔

اگر آب زنجبیل کو آنکھ میں لگایا جاوے تو نظر کو تیز کرتا ہے۔ اور بدگوشت اور نظر دن اور بورہ ارمنی پانی میں حل کرکے آنکھ میں لگاویں تو

آنکھ کے پوست یعنی پردہ جو جھلی سی آجاتی ہے تو کاٹ دیتا ہے اور اسیطرح زعفران اور کرکم بھی دور کرتا ہے اور نظر کو تیز کرتا ہے ۔

اور زعفران و کافور و نبات مساوی لیکر خوب باریک کرکے بطور سرمہ کے آنکھوں میں لگاویں تو یہ بہت نافع اور مجرب ہے ۔

اگر طلوع آفتاب کے وقت سرد پانی میں آنکھوں کو کھولیں تو نظر بہت زیادہ ہوتی ہے ۔



دیگر ۔ اس طلسم کو تپ کے واسطے لکھکر اپنے پاس رکھیں تو بہت مفید ہوگا ۔ ابو حاتم نے کہا ۔ کہ وہ تپ پھر بہت جلد جاتی رہی اور بعد اسکے ابو البال میرے پاس آئے اور پوچھا میں نے کہا ۔ کہ اب اچھا ہے تب انہوں نے کہا کہ اسکو یاد کرے اور لوگوں کو لکھکر دے یہ بہت نافع ہے ۔

دیگر ۔ چیچک کیواسطے اس تعویذ کو لکھکر گلے میں لٹکا دے تو بہت جلد شفا پاوے ۔ یہ تعویذ بہت لوگوں نے آزمایا ہے ۔

١١	١٤	١	٨
٥	٤	١٥	١٠
١٦	٩	٦	٣
٢	٧	١٢	١٣


دیگر ۔ اگر کشنیز پانی کا پانی شہد میں ملاکر آنکھ میں لگاویں تو دانہ چیچک سے محفوظ رہے ۔

دیگر ۔ جب کسی بچہ کو چیچک نکلے تو مہندی لیکر اوسکے پاؤں میں لگاویں ۔ تو اوسکی آنکھ میں دانہ چیچک نہ نکلیں گے ۔


دیگر۔ اگر گل سرخ باریک پیسکر چیچک والے کے بستر پر چھڑک دیں تو بہت نافع ہوگا۔
خواہ وہ جدری ہو یا حصبہ۔

یارقیب	یامقتدر
یاخلاق	یاحلیم

دیگر۔ طاعون کے لئے یہ لکھکر اوس کے گلے میں
باندہیں تو فائدہ ہوگا وہ یہ ہے۔ . . . . . .



دیگر۔ جس عورت کو دردزہ نے بہت ستایا
ہو تو وہ یہ تعویذ لکھکر اوسکے گلے میں باندھ
دیں تو بہت جلد وضع حمل سے فارغ ہوگی
وہ یہ ہے . . . .



دیگر۔ معلوم کرنا ہو کہ اس عورت کو حمل ہے
یا نہیں تو یہ نقش لکھکر اسکے گلے میں باندہیں
اگر اسکو حمل ہوگا تو فوراً اوسکو پیشاب
کی حاجت ہوگی وہ یہ ہے . . . . . .
دیگر۔ اگر کیڑی کو کسی برتن میں ہاتھ پر
رکھکر اوپر عورت کا دودھ ڈالیں اگر وہ کیڑی دودھ سے نکل جاوے تو جان لے کہ حمل
لڑکی کا ہے اگر نہ نکلے تو حمل میں لڑکا ہے۔
دیگر۔ اگر کسی کا پیشاب بند ہوجاوے تو ایک جوں پکڑکر اوسکے ذکر کے سوراخ میں رکھدے
تو فوراً پیشاب آجائے گا۔
دیگر۔ اگر بچہ پیٹ میں مر گیا ہو تو سانپ کی کینچل جلاکر دہونی دیں تو بچہ فوراً
باہر آجاویگا۔
دیگر۔ اگر بیدانجیر کا دانہ سالم کھلایا جاوے تو اسکو ایک سال تک حمل نہ ہوگا
دیگر۔ اگر عورت بانجھ ہو تو اوسکو بان نرکا بخور دیں اور اوسکے بازو پر بھی
باندہیں اور یہ حروف لکھکر اوس کے بازو پر باندھ دیں وہ یہ ہیں۔ تہش
نہش کھل مارشں بارشں سروش ہوش نوش۔ نواش نہراش اخلت

عقدة فلانة بنت فلانة ورغبت فی خطبتها کل من لا سہ بحق ہذا الاسماء
العظمة وبالف الف لا حول ولا قوة الا باللہ العلی العظیم ۔

دیگر ۔ بعضوں نے لکھا ہے کہ اوسکے بالوں میں یہ حروف لکھکر باندھ دیں وہ یہ ہیں احوش مرموش کلموش ۔

دیگر ۔ اگر عورت کو باکرہ بنانا ہو تو استخوان ماکیاں کو جلا کر باریک پیس پیس اور آب حنس اور برگ انگور دونوں کو اوپیں ملا کر صوف تر کرکے حمول کریں تو زن کشادہ از سر نو باکرہ ہو جاوے گی ۔

دیگر ۔ ذکر کو لمبا کرنا ۔ گندھک زرد اور فلفل دونوں برابر کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر ذکر پر مالش کریں اور ایک گھنٹہ ٹھہر کر گرم پانی سے دھو ڈالیں تو ذکر لمبا ہوگا ۔ اس دوا کو بارہا آزمایا ہوا ہے ۔

دیگر ۔ مغز پنبہ دانہ پیس و چھان کر شیر خام تازہ ملا کر جماع سے پہلے مالش کریں تو اور عضو کے لئے بہت مفید ہے ۔ اگر کوئی اس دوا کی مداومت کرے تو اوس کا ذکر دراز و گندہ ہوگا یہ مجربات صحیحہ سے ہے ۔

دیگر ۔ قوت جماع کے لئے ۔ پودینہ سبز تازہ ۔ شکر سفید کے ساتھ پیسکر چند بار پے در پے استعمال کریں تو اس سے قوت بہت حاصل ہوگی ۔ یہ مجربات صحیحہ سے ہے ۔

مباشرت کے وقت

اگر یہ تعویذ ایک پرچہ کاغذ پر لکھ کر اپنی بائیں ہتھیلی میں رکھے اور مباشرت کے وقت اس سے اپنے ذکر کو تھامے تو بہت نفع ہوگا اور مجرب ہے ۔ وہ نقش یہ ہے ......

٣٧	٤٢	٣٥
٣٦	٣٨	٤٠
ول	حل	۴
٤١	٣٤	٣٩

فصل پنجم

فوائد عود صلیب

بعض نے لکھا ہے۔ کہ اگر اس کو پتھر کم کوٹ کر نہار منہ کھاویں تو ریاح غلیظہ اور درد قولنج کو مفید ہے۔

مار گزیدہ اگر اس کو چبائے اور کھاوے اور کچھ زخم پر لگاوے تو فائدہ ہو گا۔

اگر بچہ کو سکتہ ہو گیا ہو تو اوسکو بکری کے دودھ میں گھسکر پلاویں اور عود صلیب بھی اوسکے گلے میں ڈالیں اور اگر اسکو اپنے پاس رکھیں تو جادو کا اثر نہ ہو گا اور احتلام کو بھی باز رکھتا ہے۔

اگر اس کو بکری بھیڑ کے گلے میں باندہیں تو تمام ریوڑ گزند گرگ سے محفوظ رہے گا۔

اگر کوئی خوف زدہ اپنے پاس رکھے تو وہ خوف سے امن میں رہے یہ ایک قوم کا دستور ہے۔ کہ وہ اسکو سونے یا چاندی میں منڈھ کر بچہ کے گلے میں ڈال دیتے ہیں تو ہر طرح وہ بچہ امن میں رہتا ہے۔ اور یہ اوس ملک میں پیدا ہوتا ہے۔

جالینوس نے حکایت کی ہے۔ کہ اوس بچہ صرع کے گلے میں لٹکا دیا تو وہ بچہ دس برس تک صرع سے محفوظ رہا اتفاقاً اوس سے عود گر گیا تو صرع نے بھی پھر عود کیا۔ جب اوسکے گلے میں ڈالا گیا تب اوس کو آرام ہوا۔ اگر صرع مداومت کرے تو صرع کا ضرر جاتا رہے گا۔ اور یہ دو قسم کا ہوتا ہے کہتے ہیں۔ کہ رومی و ہندی ہوتا ہے۔ چنانچہ رومی کی خواص بہت ہیں اور ہندی بھی اپنا فعل ایسا کرتا ہے۔ اور یہ عاقر قرحا کی طرح ہوتا ہے۔

اور سفیدی مائل ہوتا ہے وہ اکیں رگ و ریشہ ہوتے ہیں اور اسکو جب از جہاں سے توڑیں تو اوسکے اندر چار نقطے متقابل اسکی شکل کے پائے جاتے ہیں اکی شکل ہر ایک جانتا ہے۔

خواص حبّۃ الملوک

اس میں بہت منافعہ ہیں۔ ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ اصلاح دماغ کی کرتا ہے اور بعض یہ ہے کہ غشا یعنی شکم کے پردوں کو صاف کرتا ہے سپرز و رودہ و جگر و گردہ وغیرہ کو صاف کرتا ہے اور دونوں کے لئے مفید ہے اور اسکا استعمال چھ مرتبہ ہے جسکی ترتیب یہ ہے کہ ایک روز کھاویں اور دو روز ترک کریں یعنی چھ مرتبہ کا دور سولہ روز میں ختم ہوگا بعض یہ ہے کہ ریاح کے واسطے مفید ہے۔

اور اگر خیرگی وغیرہ کو یعنی آنکھ کی تیرگی یعنی آنکھوں میں اندھیرا آجاتا ہے اور پلکوں کی غلاظت وخشونت اور مژگان کے بال و درد دنداں و نافع ضیق و صدر وانقباض سینہ و نافع جمیع اقسام قویا اور فربہی بطن کے امراض کو مفید ہے اور استفراغ شکم و مزیل طحال وسطبری سپرز و نافع نقرس جمیع حبوب یعنی ہر قسم کے دانوں کو پھوٹنے اور ابر آنے سے باز رکھتا ہے اور ورم و فربہی شکم کو اور دور کرتا ہے ریاح شدید اور زردی رنگ کو مفید ہے اور نزف الدم یعنی جریان خون اور کثرت بلغم اور بواسیر کو اگر ناسور ہے نے والے یعنی وہ نے وسے ابھر والے ہوں اور پرانے ناسور کہنہ وسل و مزمنہ کے فائدہ دیتا ہے اور خواب گراں و تنگی حلق اور نزلات یعنی وہ نزلہ جو آدمی کو گرفت کر بیٹھا ہے یعنی جکڑ دیتا ہے مفید ہے اور مرض ان یعنی دھڑکنے دل کو اور درد شرائین کو اور حرقان یعنی سوزش کو اور سوائے اسکے اور بہت سی امراض کیلئے مفید ہے۔ چنانچہ علماء نے کہا ہے کہ وسوسہ چھپا سمجھ آزار کو فائدہ دیتا ہے۔ اسکو یوں بنایا جاتا ہے کہ اسکو

مقشر کریں یعنی چھلکا اس کا دور کریں پھر اسکو سرکہ انگوری میں دو رات مدبر کریں یعنی
تر رکھیں پھر اس کے بعد دو ٹکڑے کر ڈالیں اور اوسکے اندر سے ایک زبان کی سی چیز نکلیگی
اوسکو دور کریں ۔ کیونکہ وہ زہر قاتل ہے اور پھر اسکو دن رات میٹھے پانی میں تر رکھیں
پھر نکالکر گائے کے تازہ دودھ میں ایک دن رات تر رکھیں اور پھر نکالکر میٹھے پانی
دھو ڈالیں اور روغن کنجد میں مسی برتن میں جوش دیں جب دیکھیں کہ اوس میں سرخی
آ گئی ہو تو فوراً اُتار لیں اور اوس سے نکالکر دو روز سایہ میں خشک کریں پھر اسکو
کھرل میں یا دیگ میں پیس چھانکر اوسکے ہموزن عناب شامی خستہ بر آوردہ اور چوتھائی
حصہ اوس کا شیخ خراسانی جو کہ ایک گھاس ہوتا ہے اور ایک چوتھائی کتیرا سفید اور
ایک چوتھائی نشاستہ یعنی نشاستہ گندم اور ایک ربع آرد جو مقشر ان سب کو
ملاکر گلاب میں گوندھیں اور نخود کے برابر گولیاں بناویں اور سایہ میں خشک کریں پھر
ضعیف الجثہ ہو تو اوسکو ایک گولی بوقت خواب رات اور دو گولیاں صبح کو اگر
شخص حار مزاج اور صاحب عزیمت ہے ۔ تو اوسکو سات گولیاں دی جاتی ہیں
ازاں جملہ تین گولیاں وقت خواب شب اور چار گولیاں صبح کھلائی جاتی ہیں ۔
چنانچہ اسکے فعل و اثر میں اسکی صفت و منفعت میں تجھکو عجیب کیفیت
نظر آئے گی ۔ اگر صاحب استعمال اس کا یہ چاہے ۔ کہ اس کے فعل کو قوی
تیز کرے کہ وہ گولی اسکے ساتھ ایک دو روز میں اپنا عمل بعد تناول کے دونوں اپنے
ہاتھ آب سرد میں رکھے یہاں تک کہ اثر و فعل مثل شمشیر بران کے دیکھیگا اور اگر
ابطال یا ابطال تیزی منظور ہو تو بالائے جوب یعنی گولی کھانے کے بعد ظہر و عصر
گوشت گوسفند لیموں نچوڑکر نوش کریں تو اوسکے اثر و فعل سے امور عجیبہ مشاہدہ
کریں گے اور بعض مشائخ اس سرکہ سے کہ جس سے اسکو خسانیدہ کیا تھا یہ ہے کہ
اگر کسیکی کھوڑی میں داغ وغیرہ ہو تو اس سرکہ سے تر کریں تو وہ دور ہو جاویگا
اور وہ شیرہ یعنی روغن کنجد جس میں حب الملوک کو جوش دیا گیا تھا ۔ کلف یا
داغہائے سیاہ تمام بدن سے دور کرتا ہے اور وہ شیرہ جس میں حب الملوک تر کیا

تما۔ اگر کچھ اسمیں سے نوش کریں تو حرارت سوزش تمام بدن سے اور صبیان سے زائل ہو جاویگی۔

حرمل کے خواص ہیں!

اس کے فوائد بہت سے ہیں۔ ایک گھاس جو عرب و عراق میں پیدا ہوتا ہے اور یہ سداب کوہی ہے فارسی میں اسکو اسپند کہتے ہیں فائدہ اس کا یہ ہے کہ انہکا جوشاندہ تمام بدن کی ریاح کو فائدہ دیتا ہے اور زکام اور اضطراب اطفال کو فائدہ ہوتا ہے۔ جسکو نیند نہ آتی ہو اسکے لئے فائدہ مند ہے اور سرفہ و اسہال و غثیان کو نافع ہے اور جسکو بھوک نہ لگتی ہو اسکے لئے فائدہ مند ہے اور اسکی دھونی چالیس گھر کو فائدہ دیتی ہے کہ شیاطین اوس گھر سے دور رہیں گے جسکو زکام ہو جاوے تو چاہئے کہ اوسکو سلگا دیوے اور اسکے دھواں سے نسوار لے تو اچھا ہو جاویگا۔ اگر اسکو باریک پیسکر بغل میں ملے تو خوشبو آوے گی اگر اسکو سرکہ میں تر کر کے نقوع مکان میں چھڑک دیوے تو مکھیاں گھر سے نکل جاویں گی۔ اگر اسکو پیسکر حنا کے ساتھ بغل میں ملیں تو گندگی دور ہو جاتی رہے گی۔

بعض علماء نے کہا ہے۔ کہ جسکی کوئی چیز گم ہو جاوے تو اوسکو چاہئے کہ ایکسو انیس بار یا حفیظ پڑھے اور پھر ایک سو انیس بار یہ آیت پڑھے انہا ان تک مثقال حبۃ من خردل فتکن فی صخرۃ او فی السموات او فی الارض یات بہا اللہ ان اللہ لطیف خبیر تو حق تعالیٰ اسکی گمشدہ چیز کو اسکی طرف پھیر دیگا۔ اور اوسکی خود حفاظت کرے گا یہ عمل صحیح اور مجرب ہے۔

دیگر۔ اگر کسی کی چیز گم ہو گئی ہو۔ تو اوسکو چاہئے کہ نماز عصر اوسکے دروازہ پر یا اوس گھر کے دروازے پر جہاں سے وہ چلی گئی ہے پڑھے پھر سورۂ والسماء والطارق چالیس مرتبہ پڑھے تو وہ لیجانیوالا مع اس چیز کے اوسے

جگہ جہاں سے لیگیا ہے واپس آویگا۔ یا صاحب مال اوس کو خواب میں دیکھیگا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

دیگر۔ ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ ایک جماعت سلف صالحین سے مروی ہے کہ کسی چیز کے تلف ہونے کے وقت سورہ والضحیٰ پڑہا کرتے تھے تو تلف شدہ چیز مل جاتی تھی۔

دیگر۔ اگر کسی کا غلام یا کنیز بھاگ گئے ہوں تو اوسکو چاہیئے کہ وہ ایک پرچہ کاغذ پہ اینما تکونوا یات بکم اللہ جمیعا ان اللہ علےٰ کل شیٔ قدیر لکھکر جہاں سے وہ بہاگا ہے وہاں لٹکا دیویں تو بھاگا ہوا حیران و سرگردان ہوکر واپس آوے گا۔

دیگر۔ ایک میخ بنواویں جس کا سر چارگوشہ ہو یٰس والقرآن الحکیم دوسرے پر ص والقرآن۔ تیسرے پر ق والقرآن اور چوتھے پر حمعسق ہذا یوم لا ینطقون ولا یؤذن لہم فیعتذرون لکھے اور یہ اوس میخ کو زمین میں ڈپر اور اوس پر سورۂ ملک پڑہیں اور مشتبہ لوگوں کو کھڑے ہونیکا حکم دیں تو بحکم رب العلمین سارق کو کھڑا ہونے کی طاقت نہ ہوگی۔

دیگر۔ جس کی چیز گم ہوگئی ہو اور اوسکو چور کا پتہ نہ لگے تو اوسکو چاہیئے کہ وہ ان حرفوں کو ایک پرچہ کاغذ پر لکھے اور اپنے سر کے نیچے رکھکر سو رہے تو اوس چور کو خواب میں دیکھیگا یہ عمل بارہا تجربہ میں آیا ہے وہ حرف یہ ہیں صحح ہ ط ھ ح عد ح۔

فصل ششم

مچھر وغیرہ

اگر کسی مکان کے اندر گلگنڈ اور کلونجی کا دہواں کریں تو اوس گھر میں مچھر نہ آئیں گے۔

اگر بھینس کی کھال دھو کھاویں تو بھی مچھر نہ آویں گے ۔
اگر برادہ درخت سرو کا یا تخم محلب کا بھی دافعہ پشہ ہے اور حرمل کا
دھواں بھی اور حرمل کو ایک رات سرکہ میں تر رکھکر وہ سرکہ مکان یا راخوں
میں چھڑک دیں تو مچھر ہرگز نہ آویں گے اور جو وہاں ہوں گے وہ بھی مر
جاویں گے

بعض نے یہ بھی لکھا ہے ۔ کہ اگر زیرہ کے دھونی کی جاوے تو پشہ
باقی نہ رہیں گے ۔
اور جسجگہ پھٹکڑی و گندھک کی دھونی کریں تو اوسجگہ کے قریب مکھیاں
نہ آئینگی اور چوہے بھی مرجاویں گے ۔
اگر جونک کو خشک کر کے دھوکھاویں تو مچھر وغیرہ مرجاویں گے
اگر بافلا مکھی کو قلعی میں ملاکر مکان کو قلعی کیا جاوے تو جتنک قلعی لگی
کوئی مچھر وغیرہ نزدیک نہ آویں گے ۔
اگر کچھوتر کی بیٹھ کا دھواں کریں تو چوہے بھاگ جاویں گے ۔
اگر کبوتر کی بیٹھ آٹے میں ملاکر جانور کو کھلاویں تو وہ مرجائیگا ۔
اگر گوگل سبز کا دھواں کریں تو بھی مرجاویں گے ۔
اگر برگ و چوب سداب پانی میں ترکرکے اوس کا پانی چھڑک دیں تو کیک
وغیرہ مرجاویں گے ۔
اگر کیک وغیرہ کان میں گھس جاوے تو بائیں ہاتھ سے اپنا داہنا خصیہ پکڑے
تو کان سے بامر اللہ تعالیٰ نکل جاویگا ۔
کتاب حیواۃ الحیوان میں لکھا ہے کہ اگر چوہے کی دم کاٹ کر اوسکو گھر میں دفن
کرے تو جب تک وہ دفن رہے گا اوس گھر میں چوہے نہ آئیں گے
اگر روغن چیڑ کیڑوں کی سوراخ میں ڈالدیں توسب کیڑے بھاگ جائینگے
اگر اسے روغن کو ایک برتن میں ڈالکر گھر کے کسی کونہ میں رکھدیں توسب کیڑے

وغیرہ وہاں سے جمع ہو جاویں گے۔
اگر زر نیخ کو کیڑوں کی سوراخ میں لگا دیں تو وہاں کیڑے نہ جائیں گے۔
اگر مچھلی کا چارہ پیکر پیکر گیہوں کے آٹا میں ملاکر نخود کے برابر گولیاں بناکر جھیل یا کنواں میں ڈالیں تو مچھلیاں تر ہو جائنگی۔ جسقدر چاہیں پکڑ لیں یہ صحیح اور آزمودہ ہے۔
اگر باقلا یا نخود کو ہڑتال کے ساتھ پکاکر گولیاں بنا دیں اور جانوروں کو یا کبوتروں کو کھلا دیں جو جانور ان کو کھا دیگا وہ زمین پر گر پڑے گا بے شک ہاتھ سے پکڑ لیویں۔ اگر اوسکو ہوش میں لانا ہو تو زیب خوشبو اوسکے منہ میں ٹپکا دیں تو وہ ہوش میں آ جائے گا۔

یرقان

اگر سورہ لم یکن کو لکھکر پانی میں گھول کر پلا دیں اور اسی سورۃ کو لکھکر گلے میں باندھیں تو یرقان جاتا رہے۔
حرف تہجی یا ابجد یہ ہے۔

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰

ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

حروف آتشی

ا ب خاکی ج بادی د آبی ہ آتشی و خاکی ز بادی ح آبی ط آتشی ی خاکی ک بادی ل آبی م آتشی ن خاکی س بادی ع آبی ف آتشی ص خاکی ق بادی ر آبی ش آتشی ت خاکی ث بادی

خ آبی ذ آتشی ض خاکی ظ بادی غ آبی ۔

حروف معہ موکل کے یہ ہے

ا ۔ ب ۔ ت ۔ ث ۔ ج ۔ ح ۔ خ ۔

اسرافیل ۔ جبرائیل ۔ عزرائیل ۔ میکائیل ۔ کلکائیل ۔ نکائیل ۔ ہکائیل ۔

د ۔ ذ ۔ ر ۔ ز ۔ س ۔ ش ۔ ص ۔

اردائیل ۔ اہرائیل ۔ اموریکیل ۔ سرنائیل ۔ ہموائیل ۔ ہمزائیل ۔ اہجمائیل

ض ۔ ط ۔ ظ ۔ ع ۔ غ ۔ ف ۔

عطکائیل ۔ اسمائیل ۔ یوزرائیل ۔ لویائیل ۔ لوخائیل ۔ سرحمائیل ۔

ق ۔ ک ۔ ل ۔ م ۔ ن ۔ و ۔

عطرائیل ۔ حرازائیل ۔ طاطائیل ۔ روحائیل ۔ حولائیل ۔ فیمائیل ۔

ہ ۔ ی

دردیائیل ۔ سرکتائیل ۔

حروف آتشی ۔ حروف خاکی

ا ہ ط م ف ش ۔ ب و ی ن ص ت ض

حروف بادی ۔ حروف آبی

ج ز ک س ق ث ظ ۔ د ح ل ع ر خ غ ۔

اللہ تعالیٰ کے ۹۹ نام قرآن مجید میں درج ہیں انکو اسماء الحسنےٰ کہتے ہیں ۔ انکی تشریح میں تشریح فرشتے بھی نہیں کر سکتے ۔ خیر انکے عمل کرنے سے انسان کسی کا محتاج نہیں ہوتا ۔ اگر ایک نام کا بھی عمل کرے تو سمجھو کہ دین و دنیا کے سب چیز حاصل ہوگئی ایسا ہی اوستاد لی سے لذات حاصل ہوتی ہیں ۔ اگر ان سے فائدہ اوٹھا دیں تو اس احقر کو بھی دعاء خیر سے یاد فرما دیں ۔ اور وہ اسماء الحسنےٰ الٰہی یہ ہیں ۔

اسماء الحسنیٰ	معنے	اعداد	جلالی یا جمالی یا مشترک	موکل	عناصر
الملک	بادشاہ مطلق	۹۰	مشترک	یا فروزائیل سوہائیل	خاکی
القدوس	پاک بادشاہ	۱۷۰	جمالی	یا حمزائیل عطرائیل	آبی
السلام	ہمیشہ قائم	۱۳۱	"	یا رنسائیل ہمرائیل	بادی
المؤمن	بیخوف کرنے والا	۱۳۶	"	یا روبائیل ہموائیل	آتشی
المہیمن	گواہ سچا	۱۴۵	"	یا کلکائیل سرکتائیل	"
العزیز	عزت دینے والا	۹۴	"	یا لوہائیل عرزائیل	"
الجبار	زور کرنے والا	۲۰۶	جلالی	یا کلکائیل عطرائیل	"
المتکبر	غرور کا مالک	۶۶۲	"	یا روہائیل ابرائیل	خاکی
الخالق	پیدا کرنے والا	۷۳۱	"	یا ہیطائیل خوزائیل	"
الباری	زمانہ کا پیدا کرنیوالا	۲۱۳	مشترک	یا جبرائیل اسرائیل	آتشی
المصور	صورتوں کے نقش کھینچنے والا	۳۳۶	جمالی	یا احمائیل سرحمائیل	"
الغفار	بخشنے والا	۱۲۸۱	"	یا لوخائیل رحمائیل	"
القہار	غصہ کرنے والا	۳۰۶	جلالی	یا روائیل عطرائیل	خاکی
الوہاب	بخشوانے والا	۱۴	جمالی	یا رفتائیل جبرائیل	"
الرزاق	روزی دینے والا	۳۰۸	"	یا اسرائیل حرتائیل	آتشی
الفتاح	کھولنے والا	۴۸۹	"	یا سرخائیل تنکفیل	"
العلیم	جاننے والا	۱۵۰	"	یا لوہائیل روہائیل	خاکی
القابض	روزی کا تنگ کرنیوالا	۹۰۳	جلالی	یا عطرائیل عطکائیل	بادی
الباسط	روزی فراخ کرنیوالا	۷۲	جمالی	یا جبرائیل اسمائیل	"
الرافع	بلند کرنے والا	۳۵	"	یا سرحائیل لوہائیل	"
الخافض	نیچے بیجا نیوالا	۱۴۸۱	جلالی	یا جکائیل عطکائیل	آتشی
المعز	عزیز کرنے والا	۱۱۷	جمالی	یا روہائیل لوہائیل	خاکی

السمیع	سننے والا	۱۸۰	جمالی	یا ہمرائیل سراکیطائیل	آتشی
البصیر	دیکھنے والا	۳۰۲	"	یا جبرائیل سرحائیل	خاکی
الحکیم	مالک حکمت	۷۸	جلالی	یا تنکفیل یاروبائیل	آتشی
العدل	انصاف کرنے والا	۱۰۴	مشترک	یا خاطائیل لوبائیل	"
اللطیف	مہربان	۱۲۹	جمالی	یا مہکائیل دیاردائیل	"
الخبیر	خبر رکھنے والا	۸۱۲	مشترک	یا اسمائیل روبائیل	"
الرقیب	پورا نگہبان	۳۱۲	"	یا عطرائیل سرکیرطائیل	"
المجیب	دعاء قبول کرنیوالا	۵۵	"	یا کلکائیل جبرائیل	بادی
الواسع	بہت دینے والا	۱۳۷	"	یا رفتائیل لوائیل	آتشی
الحکم	کام کا بنانے والا	۶۸	"	یا تنکفیل خوردائیل	خاکی
الودود	نیکوں کا دوست	۲۰	"	یا رفتائیل دردائیل	آتشی
المعظم	بڑا بزرگ	۱۰۱	"	یا لومائیل اسمائیل	"
الغفور	بخشش کرنیوالا	۱۲۸۶	"	یا لوائیل رحمائیل	خاکی
الشکور	شکر کرنیوالا	۵۲۶	"	یا لومائیل سرکیطائیل	"
العلی	سب سے بڑا	۱۱۰	"	یا لومائیل سرکیبائیل	"
الکبیر	نظر رکھنے والا	۹۹۸	"	یا ہزروبائیل جبرئیل	آتشی
الحفیظ	نگاہ رکھنے والا	۹۹۸	جمالی	یا سرحائیل اذرائیل	خاکی
المقیط	زبردست	۵۵۰	"	یا روبائیل عطرائیل	آتشی
الحسیب	حساب کرنے والا	۸۰	مشترک	یا حمائیل سرکیطائیل	"
الجلیل	بزرگوں کا بزرگ	۷۳	جلالی	یا کلکائیل یا جبرئیل	"
والکریم	مہربانی کرنے والا	۲۷۰	جمالی	یا نورائیل اہراطیل	خاکی
المجید	سب سے بزرگ	۵۷	"	یا روائیل کلکائیل	آتشی
الباعث	رسولوں کا بھیجنے والا	۵۷۳	مشترک	یا جبرئیل میکائیل	"

الشہید	مردوں کا زندہ کرنیوالا	٣١٩	مشترک	یا عطرائیل تنکفیل	بادی
الحق	سچا گواہ	١٠٨	"	یا عطرائیل تنکفیل	"
القوی	سب سے توانا	١١٦	جلالی	یا عطرائیل تنکفیل	"
الوکیل	کام کرنے والا نگہبان	٦٦	جمالی	یا عزرمائیل طاطائیل	خاکی
المتین	زبردست توانا	٥٠٠	جلالی	یا عزرائیل جولائیل	آتشی
الولی	نیکوں کا مددگار	٤٦	جمالی	یا رفتائیل سرکیطائیل	خاکی
الحمید	تعریف کیا گیا	٦٢	"	یا احمائیل سرکیطائیل	"
المحصی	شمار کرنیوالا	١٤٨	"	یا تنکفیل میکائیل	آتشی
المبدی	دوبارہ پیدا کرنیوالا	٥٦	جلالی	یا جبرائیل دردائیل	"
المعید	وعدہ کرنے والا	١٢٤	"	" "	"
المحیی	زندہ کرنیوالا	٦٨	جمالی	یا حمرائیل تنکفیل	"
الممیت	مردہ کرنے والا	٤٩٠	جلالی	یا رومائیل عزرائیل	"
الحی	ہمیشہ زندہ	١٨	"	یا عطرائیل رفتمائیل	"
القیوم	ہمیشہ قائم	١٥٦	"	یا کلکائیل دردائیل	خاکی
الواجد	اکیلا کام کرنیوالا	١٤	جمالی	یا کفتائیل دردائیل	"
الماجد	بزرگ کرنیوالا	٤٨	"	یا رومائیل دردائیل	"
الواحد	اکیلا	١٩	مشترک	یا رفتائیل دردائیل	بادی
الاحد	خدائی میں اکیلا	١٣	جمالی	یا تنکفیل دردائیل	آتشی
الصمد	پاک بے نیاز	١٣٤	"	یا جمائیل یا رومائیل	خاکی
القادر	قدرت والا	٣٠٥	جلالی	یا عطرائیل اسرائیل	آتشی
المقتدر	تقدیر کرنے والا	٧٤٤	"	یا رومائیل عطرائیل	"
المقدم	ہمیشہ سے ہے	١٨٤	مشترک	یا عزرائیل دردائیل	"
المؤخر	ہمیشہ رہے گا	٨٤٦	"	یا رفتائیل میکائیل	خاکی

الاول	جو کہ ہمیشہ تھا			یا طاطائیل رفتائیل	
الآخر	جو کہ ہمیشہ رہے گا			یا میکائیل اہراطیل	
الباطن	پوشیدہ			یا وردائیل اورائیل	
الظاہر	ظاہر ہے			یا جبرائیل اسمائیل	
الوالی	وارث			یا رفتائیل سرکیطائیل	
المتعالی	بزرگ و برتر			یا طاطائیل عزرائیل	
البر	نیک کام کرنے والا			یا جبرائیل یاہرائیل	
التواب	توبہ قبول کرنے والا			یا عزرائیل جبرائیل	
الغنی	بے پرواہ			یا رہحائیل حولائیل	
المنعم	نعمت دینے والا			یا اسائیل یاروائیل	
النعیم	نعمت عطا کرنیوالا			یا حولائیل ارمائیل	
العفو	معاف کرنیوالا			یا لومائیل سرحمائیل	
الرؤف	درگذر کرنیوالا			یا اہرائیل سرکتائیل	
مالک الملک	سب جہان کا مالک			یا روائیل طروبائیل	
ذوالجلال	صاحب عظمت			یا طاطائیل ضرورائیل	
والاکرام	″	۲۹۹	″	″	″
الرب	پالنے والا	۲۰۲	جمالی	یا اہرائیل جبرائیل	خاکی
المقسط	انصاف کرنیوالا	۲۰۹	جلالی	یا عطرائیل اسمائیل	آتشی
الجامع	جمع کرنیوالا	۱۱۴	مشترک	یا کلکائیل روحائیل	خاکی
المغنی	بے پرواہ	۱۱۰۰	جمالی	یا وردائیل لومائیل	آتشی
المعطی	عطا کرنیوالا	۱۲۹	″	یا ورنائیل سمائیل	آبی
المانع	باز رکھنے والا	۱۶۱	جلالی	یا رہائیل لومائیل	″
الضار	نقصان کرنیوالا	۱۰۰۱	جمالی	یا رحمائیل اہراطیل	″

النافع	نفع کرنے والا	۲۰۱	جمالی	یا حولائیل سرمائیل	آبی
النور	روشن کرنے والا	۲۵۶	مشترک	یا رفتائیل اہراطیل	"
الہادی	راہ دکھانے والا	۲۰	جمالی	یا دردائیل سرکیطائیل	"
البدیع	عجیب پیدا کرنے والا	۸۶	مشترک	یا جبرائیل لومائیل	خاکی
الباقی	ہمیشہ باقی رہنے والا	۱۱۳	جمالی	یا عطرائیل لومائیل	آبی
الوارث	میراث لینے والا	۷۰۷	جلالی	یا رفتائیل میکائیل	"
الرشید	سچی تقلید پر کرنیوالا	۵۱۴	مشترک	یا ہمرائیل دردائیل	خاکی
الصبور	صبر کرنیوالا عذاب پر	۲۹۸	جمالی	یا ہجمائیل اہراطیل	بادی

شرح اسماء الحسنیٰ کی ختم ہوئی۔ اگرچہ یاد رہے کہ اگر عددوں میں یعنے تعداد میں ممکن ہے کہ غلطی ہو طالب کو چاہیئے کہ ابجد کے حساب سے خود عدد نکالکر تاکہ شک نہ رہے اب باقی رہا کہ جلالی و جمالی و مشترک کونسے ہیں اسلئے اسمائے مذکورہ کو ایکجگہ بمعہ اعداد کام کے لکھا جاتا ہے تاکہ ہر ایک کو آسان ہو جیساکہ پہلے اسماء جمالی جنکو اسماء رحمت بھی کہتے ہیں یہ واسطے علو درجات اور فتوح رزق و فتح الرائی اور سرخروئی بادشاہ ہے۔ امید ہے کہ طالب ان ناموں کو بڑی دلچسپی کے ساتھ عمل میں لائیں گے اور اپنے مطلب کو پائیں گے اسمائے جمالی ۵۴ اسم ہیں انکو بمعہ عددوں کے لکھا جاتا ہے ملاحظہ کریں۔

نقشہ اسماء جمالی

یا رحمٰن - یا رحیم - یا سلام - یا مؤمن - یا مہیمن - یا وہاب - یا رزاق - یا فتاح
۲۹۹ ۲۵۸ ۱۳۱ ۱۳۶ ۱۴۵ ۱۴ ۳۰۸ ۴۸۹

یا باری - یا غفار - یا باسط - یا لطیف - یا معز - یا غفور - یا شکور - یا حفیظ
۲۱۳ ۸۱ ۱۳ ۷۲ ۱۱۷ ۱۴۹ ۸۱ ۱۲ ۵۲۶ ۹۹۸

یا کریم - یا واسع - یا حکیم - یا حلیم - یا ودود - یا کفیل - یا ولی - یا مغنی - یا معطی - یا نافع
۷۷۰ ۱۴۷ ۷۸ ۸۸ ۴۰ ۱۴۰ ۴۶ ۱۱۰۰ ۱۲۹ ۲۰۱

یا رشید - یا محی - یا حی - یا قیوم - یا ماجد - یا صمد - یا بر - یا تواب - یا عفو - یا رؤف
۵۱۴ ۵۸ ۱۸ ۱۵۶ ۴۸ ۱۳۴ ۲۰۲ ۴۰۹ ۱۵۶ ۲۸۶

یا نور - یا ہادی - یا باقی - یا صبور - یا واجد - یا وکیل - یا احد - یا نعم - یا حنان
۱۰۰۱ ۱۲۰ ۱۲ ۶۶ ۱۴ ۱۹۸ ۱۱۳ ۲۵۶

نقرہ - برائے تقویت اعضا اور گرسنگی و باہ مفید ہے ۔ پان کے ساتھ ایک رتی کھانا چاہیئے ۔ وہ یہ ہے ۔ کہ عشق پیچہ نیم پاؤ برگ کو پخنہ نیم پاؤ دونوں کو باریک کرکے اوس میں ایک روپیہ رکھکر دو پاچک میں آگ دیویں تو سفید کشتہ برآمد ہوگا محفوظ رکھیں ۔

دیگر - قوت باہ و امساک کو بھی مفید ہے ۔ قمر ایکتولہ - شنگرف ایکتولہ کو لیکر گیدڑ تمباکو میں حل کرکے قمر کی زیر و زبر دیکر غلولہ بناکر بیس سیر اوپلہ کی آگ دیں بعد دھرسر شیرہ ایکتولہ لیکر اوسمیں قمر کو رکھکر گرم خاکستر میں رکھیں تاکہ حل جاوے اسیطرح پانچ بار آگ دیویں اور باریک کرکے محفوظ رکھیں اور بلغم مزاج کو ایک چاول پتاشہ میں دیویں اور صفرادی مزاج والے کو کھون میں ۔

دیگر - عاقرقرحا ایک چھٹانک پونہ چینی ایک چھٹانک کا پھل ایک چھٹانک تینوں کو کوٹ کر چاندی ایک تولہ اوسمیں رکھکر دو سیر اوپلہ کی آگ دیویں سفید ہوگی ۔

دیگر - چاندی کا پترہ اور اسکو جو کے برابر کاٹ کر اور الاچی سفید تولہ کشمش سبز رنگ تولہ کوٹ کر ٹکیہ بناکر اوسپر تمام چاندی چھپاکر گل حکمت کرکے پانچ سیر اوپلہ کی آگ دیں سفید ہوگی ۔

دیگر - بہاتل سفید ۲۰ تولہ میں نقرہ ایکتولہ رکھکر ۲۵ سیر کی آگ دیویں سفید ہوگی ۔

دیگر - سبز ہریڑ پاؤ بھر میں نگدہ کرکے ایکتولہ چاندی کا پترہ بناکر

رکھیں اور پانچسیر کی آگ دیویں سفید ہو گی۔

زرنیخ

گئوڑا دو تولہ کو دو کوار گندل نصف پاؤ پختہ میں رکھکر گھڑ ہا کی آگ دیویں سفید با وزن کشتہ ہو گا۔

دیگر۔ پیاز ایک عدد میں ایکتولہ زرنیخ رکھکر کپڑو ٹی کر کے ریگ میں رکھکر چولہے پر رکھیں اور نیچے آگ جلاویں جب دو آدہ جل جاوے تو اتار کر رکھیں سرد ہونے پر نکال لیں۔ تو سفید با وزن کشتہ ہو گا۔

دیگر۔ بھوبھل میں رکھکر آگ دیویں سفید ہو گی۔

دیگر۔ ترس بیروں کے پتوں میں رکھکر آگ دینے سے سفید ہوتی ہے۔

دیگر۔ موٹا لسوڑہ کے نگدہ میں رکھکر پانچ سیر اوپلہ کی آگ دیویں سفید ہو گی۔ مگر گل حکمت کر لیں۔

دیگر۔ اجوائن دیسی ۲ ماسہ کو دودھ ایک سیر میں ڈال دیں اور اس میں زرنیخ لٹکا کر پکاویں جب دودھ جل جاوے تو اتار کر ہڑتال کو کوٹ کر رکھ لیں اور مرض پارہ کو بقدر دو چاول پتاشہ میں رکھکر دیویں۔

دیگر۔ مولی کلاں میں رکھکر گل حکمت کر کے گرم خاکستر میں آگ دیویں سفید ہو گی۔

دیگر۔ زرنیخ ایکتولہ کو کھمبکوار کے ایک پٹھہ کے رس میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر لیویں دو دوسرا ایک پتا لیکر زیر و زبر دیکر گل حکمت کر کے ۱۰ سیر اوپلہ کی آگ دیویں سفید ہو گی۔

دیگر۔ آب ترا دہارا دو بھلاوہ میں کھرل کر کے ارنا گوہا کی آگ دیویں تو سفید ہو گی۔

مس یعنے تانبہ

ایک پاؤ تانبا کو تلخ و بھنگ خشک ایک ایک سیر پختہ آب بھنگرہ

میں تر کرکے تین بار خشک کرکے آگ دیں اور پھر بھنگرہ میں آگ دیویں سفید ہوگا۔

دیگر۔ بوٹی گلو ہی یا پہل پتا کا میں سفید ہوتا ہے۔

دیگر۔ تانبہ کی پتری بنا کر جو ترا طں کرکے ہالیون پاؤ پختہ میں رکھکر گلحکمت کرکے ۹ سیر کی آگ دیں سفید بے زنگار ہوگا۔

دیگر۔ تانبہ کو گرم یعنی سرخ کرکے زہوک کے پانی میں ایک سو بار بجھا دیں پھر اوسکے پھول ایک پاؤ ۲ پیکر اوس میں پیکر رکھیں اور اوسپر نصف پارچہ لپیٹیں اور ایک من کی آگ دیں سفید بے زنگار ہوگا۔

دیگر۔ ادھ کٹارہ خاردار کے نگدہ میں کہکرہ اسیر اوپلہ کی آگ دینے سے سفید ہوگا۔

دیگر۔ پہلے تانبہ کو ایک سو ایک بار ہرل کے پانی میں بجھاؤ دیکر اوسکے نگدہ میں ایک من کی آگ دیں سفید ہوگا۔

دیگر۔ کرہر سفید پھول والی کے ڈیلہ تین سیر میں چھ ستا پیسہ رکھکر تین من کی آگ دیں سفید ہوگا۔

دیگر۔ ایک بوٹی شاہ دیولی جماہ کہ دریا کے کنارے یا پہاڑ میں ہوتی ہے اور اس کا پتا میتھی کا سا ہوتا ہے۔ اور اوس کا پانی سرخ ہوتا ہے اور بمقدار دو تولہ لیکر نگدہ بنا کر اوس میں پیسہ رکھکر دو اوپلہ کی آگ دیویں سفید ہوگا۔

دیگر۔ اکہ کی جڑ کو کھوکھلا کرکے سیاہ کبوتر جنگلی کی بیٹ بقدر ایک چھٹانک پلیسہ کے زیر و زبر دیکر ایک من کی آگ دینے سے سفید ہوگا۔

دیگر۔ برگ ہرل ایک چھٹانک پوست بیخ آک ایک ایک چھٹانک کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر ٹکیہ بنا کر پندرہ سیر اوپلہ کی آگ دیں تو سفید خاکستر ہوگا

ہوگا۔ یہ سرمہ کے بھی کام آتا ہے۔
دیگر۔ ہندی یعنی ہنکل جو کہ سیاہ رنگ اور پتے پھٹے ہوئے اور کنارے اتری کے سے ہوتے ہیں وہ ایک پاؤ کا نگدہ بنا کر لے تار دسعا سیرا کپڑا دیسی سفید لپیٹ کر اوپر ایک کوئلہ رکھ دیں سفید ہوگا۔
دیگر۔ ترپھلہ نصف نصف حصہ کر لیں اور اوپر کا نگدہ بنا کر پیسہ رکھ کر پہلے حصہ کو سات سیر کی آگ دیں اور دوسرے حصہ کو پانچ سیر کی آگ دیں۔ تو سفید ہوگا۔
دیگر۔ بسنی بوٹی جو کہ غلہ موٹھ میں ہوتی ہے۔ ایک تولہ لیکر نگدہ بنا کر دو سیر کی آگ دیویں۔ سفید ہوگا۔ ایک حبہ خوراک ہے مگر تیز ہے ذرا سمجھا کر کھلاویں۔ خوراک کم کریں۔

شنگرف

تربوز میں رکھ کر گل حکمت کر کے آگ دیں سفید ہوگا۔
دیگر۔ آب بھنگ ایک سیر دودھ آک ایک پاؤ میں رکھ کر آگ دیں پھر دوبارہ دیویں خود رنگ رہے گا۔ خوراک ایک رتی حلوا یا مکھن میں دیں قوت جسمانی کو مفید ہے۔
دیگر۔ برگ ۵ جونی کے نگدہ میں رکھیگا۔ اسپر تیل کڑوا اسقدر ڈالیں کہ وہ ڈوب جاوے اور نیچے آگ جلاویں۔ اگر اس میں آگ لگ جاوے تو فکر نہ کریں جب راکھ ہو جاوے تو اتار کر سرد کر کے ایک چاول خوراک دیویں تو سفید ہوگا۔ قوت باہ کو بہت مفید ہے۔
دیگر۔ شنگرف تولہ۔ شیر آک ایک پاؤ۔ آب بھنگ ایک سیر اس میں پکاویں اور تین دفعہ اسیطرح کریں یہ خود رنگ رہیگا۔ ایک رتی حلوا یا مکھن میں کھاویں قوت باہ کو از حد مفید ہے۔

دیگر۔ کنوار گندل کے پانی یعنی شیرہ میں تین روز کر کے تین سیر کی آگ دیں۔ مگر پہلے ٹکیہ بنا کر خشک کر دیں سفید ہو گا۔

دیگر۔ شنگرف ایکتولہ پیاز سفید تین ۵ تولہ میں رکھکر گلحکمت کر کے ۴ سیر کی آگ دیں سفید ہو گا۔

دیگر۔ شنگرف ایکتولہ کو دودھ آک ۲ تولیں کھرل کر کے کمر سبزہ ۵ تولہ کے نگدہ میں رکھکر گل حکمت کر کے ۵ سیر اوپلہ کی آگ دیں سفید ہو گا۔ اور درد اندرونی کو مفید ہے اور قوت مردمی بھی دیگا۔

دیگر۔ شنگرف ایک تولہ بکن بوٹی ۲۰ تولہ میں رکھکر ۲۱ سیر اوپلہ کی آگ دیدیں سفید ہو گا۔

دال چکنا و رسکپور

رسکپور ایک تولہ کو خربوزہ میں رکھکر گل حکمت کر کے آگ دیویں تو کشتہ ہو جاوے گا۔

قلعی

یہ ایک ایسی دہات ہے۔ جو ہر ایک طرح سفید ہو سکتی ہے اور گرمی کو فائدہ دیتی ہے۔ امساک و قوت باہ کو مفید ہے۔ مثلاً سنہ بوٹی کا ایک پاؤ نگدہ بنا کر اوسمیں رکھکر آگ دیں سفید ہو گی۔ آگ اوپلہ کی پانچ سیر ہو۔

دیگر۔ مغیل یعنی کیکر کے پتے لیکر نگدہ بنا کر اوس میں رکھکر آگ دیویں سفید ہو گی۔ اگر اسکو اسی کی چھال میں رکھ دیں تو بھی سفید ہو جاتی ہے۔

دیگر۔ اجوائن و کلونجی میں یعنی دونوں چیزیں آدھ پاؤ لیکر اوپلہ پر بچھا دیں اور ماؤ سیر قلعی کو جو تراش کر کے بچھا دیں اور پانچ سیر کی آگ دیں تو سفید ہو گی۔ اگر کچھ رہجاوے تو دوبارہ آگ دیدیں سفید ہو گی

اور امساک و قوت باہ کے کام آئے گی ۔
دیگر ۔ جامن کی چھال میں ہڑتال جو ترا مثل کر کے رکھنے سے سفید ہو گی ۔

سم الفار

کیوڑہ کی راکھ ایک پاؤ میں رکھکر نیچے چھ گھنٹہ آگ جلا دیں۔ تو سفید ہو گا ۔
دیگر ۔ کنیر سفید کے پھول ایک پاؤ میں رکھکر آگ دیویں سفید ہو گا قوت باہ کو مفید ہے۔ اسکی خوراک ایک چاول مسکہ میں رکھکر دینا چاہیئے ۔
دیگر ۔ سم الفار ایکتولہ کو کڑھی میں رکھیں اور ایک دھیلہ کا سوڈا سفید ایکرات کو پانی میں بھگو دیں اور صبح اوس کا چورہ دیں تو یہ تیل ہو گا اور نامرد کو ایک لکیر پان کے پتا پر کھینچ کر کھلانا چاہیئے۔ سات روز تک کھلانے سے نامرد مرد بن جائے گا۔ آزمودہ ہے ۔
دیگر ۔ پہٹہ کنڈا کی ابرک ایک سیر اوسمیں سم الفار ایک تولہ رکھکر ۸ گھنٹے کی آگ دیویں سفید ہو گا۔ خوراک ایک چاول مسکہ کا دودھ میں دینا چاہیئے ۔
دیگر ۔ اگر اسکا مقطر بکر جو دیویں تو تیل ہو جائیگا اور یہ تیل ایک قطرہ دیا جاتا ہے ۔
دیگر ۔ سم الفار سیاہ کو انٹے نعوث لمبی سرخ جسکو بھسکھپر بھی کہتے ہیں اوسکی کھار بکرا و سیر ہو ۔ دیکر روغن بنا لیویں اور قوت باہ کے واسطے ایک قطرہ دیویں ۔
دیگر ۔ سم الفار تولہ کو ڈنڈا تھوہر کے دودہ میں کھرل کرکے کوزہ میں بند کریں اور چار سیر اپلہ کی آگ دیں سفید ہو گا قوت باہ کو مفید ہے

دیگر۔ سم الفار ایکتولہ کو چار سیر دودھ میں پکاکر نیم کے پانی میں کھرل کریں اور ایک کھوپری گری میں رکھکر اوپر آرد ماش و تمند سیاہ کو کوٹ کر لیپ کرکے پانچ سیر اوپلہ کی آگ دیویں جب آٹا جل جاوے تو نکالکر گری معہ سم الفار کے کو مثل مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنالیں اور ایک گولی ہر روز صبح کیوقت دودھ سے کھلادیں۔ نامرد کو مفید ہے۔

دیگر۔ سم الفار تولہ۔ سنا دو تولہ کوٹ کر شیرہ کوار میں غلولہ بناکر اوس میں سم الفار رکھکر گل حکمت کرکے ایک سیر اوپلہ کی آگ دیویں تو سفید ہوگا۔

دیگر۔ سم الفار ایکتولہ کو شلغم جو کہ ایک سیر کا ہوا اوسمیں رکھکر گلحکمت کرکے آگ دیویں سفید ہوگا۔

دیگر۔ سم الفار ایکتولہ کو ایک مولی کا مان میں زیر و زبر چھ ماسہ سندھور رکھکر ایک پاؤ کپڑا کی کپرو ٹی کرکے دس سیر اوپلہ کی آگ دیویں۔ تو سفید باوزن ہوگا۔

دیگر۔ سم الفار ایکتولہ پر ایک چھلا سوت کا آکہ کے دودھ میں تر کرکے لپیٹ دیں اور کسی کوزہ میں تین تولہ دودھ آک ڈالکر کوزہ کو گل حکمت کرکے پچیس عدد جنگلی اوپلہ کی آگ دیں سفید ہوگا اور باوزن ہوگا۔ خوراک ایک چاول ہے۔

دیگر۔ ایک تولہ سم الفار دودھ دوانہ ریٹھ بوٹی میں رکھکر گل حکمت کرکے نیچے بیری کی لکڑی دو گھنٹہ جلاویں سفید ہوگا۔

دیگر۔ ابرک پاؤ خام کو چیکار برگ ترب کے پانی میں دو گھنٹہ کھرل کرکے شورہ قلمی چار تولہ زیر و زبر دیکر دو پاچک میں آگ دیں سفید ہوگا۔ اور ہر ایک مرض کو مفید ہوگا سم الفار ایک تولہ میں۔

دیگر۔ تمباکو خشک تلخ مار کو باریک کرکے کسی ہانڈی یا کوزہ میں رکھکر

زیر زبر یکرا ایک سیر کا بڑا لوہے کا اوپر رکھکر اوپر نصف بوتل شراب ڈال کر
اوس کا منہ گل حکمت کرکے اوپر وزن رکھکر نیچے اگ جلاویں جب کچھ جل
جاوے تو اوتار لیں تو سم الفار سفید ہوگا اور قوت باہ کو مفید ہے ۔

پارہ

پتھ کنڈا میں کھرل کرکے گولی بنا کر ہر چہار چینی میں رکھکر گل حکمت کرکے
پندرہ سیر اوپلہ کی آگ دیں سفید ہوگا ۔

دیگر ۔ شیشے آتشی کو سات لیپ کریں اور سیماب چار تولہ اور گوگرد آملہ سار
آٹھ تولہ اور سولہ بیضہ مرغ ہیں ہر سہ چیز کو کھرل کریں تاکہ چار پہر گذر جاویں
پھر شیشے میں ڈالیں اور شیشے کا منہ جلدی سے مٹی سے بند کریں اور مٹی کی دیگ
میں رکھیں اور دیگ کو ریگ سے پر کریں اور چولہے پر رکھیں اور اوسکے نیچے تیس
پہر آگ جلاویں تاکہ سیماب ٹھیک ہوجاوے ۔ اور اگر مرد سرد خشک ہو تو وہ اس
سیماب کے کھانے سے مرد بن جاویگا ۔

دیگر ۔ سیماب دو تولہ گوگرد چار تولہ دونوں کو ایک جگہ کھرل کریں اور آٹھ تولہ
روغن بھلاوہ اوس میں ڈالیں اور پھر بیضہ مرغ جو کہ بچہ نکلنے کے بعد
خالی رہجاتا ہے اور بہت دن پڑا رہتا ہے تو اس دوائی کو اوس میں ڈالیں اور
وہ پوست جو کہ بچہ نکلنے کے بعد رہجاتا ہے اوسکو بیضہ پر لگا کر لیپ کریں
اور بیضہ کو مٹی سے آٹھ بار بند کریں تاکہ محکم ہو جاوے اور لیپ کو اچھی طرح
خشک کریں پھر زمین میں چھوٹا نکالیں اور اوس میں اوپلہ بھر کر اور پارہ کو
درمیان رکھکر آگ دیں ایک پہر کی آگ دیں اور سرد ہوجانے بعد نکالیں اور
محفوظ رکھیں اور چار رتی کھلاویں یہ قوت باہ اور گرسنگی کو مفید
ہے ۔

دیگر ۔ ستیاناسی کا پانی لیکر کھرل کریں اور اوسکا ٹکڑہ دیکر ۱۰ سیر
اوپلہ کی آگ دیں تو سفید ہوگا ۔

باب اکسیر جو ہوسیوں کے کام آتا ہے

رسکپور تولہ کتھہ ۳ ما گودہ بہیڑہ ۵ تولہ ہر سہ کو خوب کھرل کرکے اور بیضہ
مرغ لیکر نیم برشت کرکے اوسکی زردی لیکر اوس میں شنگرف رکھکر گودہ تیار
کرکے اوس میں رکھکر کو اُپلوں کی آگ میں رکھیں جب گودہ جل جاوے شنگرف
کو نکالکر اور باریک کرکے محفوظ رکھیں اور ایکتولہ قمر گلاکر اوسپر چار رتی
ڈالیں سرخ ہوگی ۔

دیگر ۔ قمر تولہ ۔ بورہ مس چھ ماسہ ۔ بورہ پیتل چھ ماسہ سنداوس ۳ تولہ لیکر
سنداوس کو نیچے اوپر دیکر کٹھالی میں چرخ دیں ۔ تو چاندی بن جاویگی
فروخت کریں ۔

ترکیب یہ ہے کہ پہلے سنداوس آدھی نیچے رکھیں اوپر اوس کے ہر دو
بورہ آدھا ڈالیں پھر قمر کو رکھکر اوپر آدھا بورہ ڈالدیں اور اوپر سنداوس کو
ڈالیں اور اوسپر سوہاگہ رکھکر کٹھالی کو کوئلوں میں رکھکر چرخ دیویں یہ سب
کچھ چاندی بن جائیگی فروخت کریں ۔

دیگر ۔ سیماب سم الفار دال چکنا ۔ رسکپور ہموزن روغن نوشادر میں
کھرل کرکے تلبوتی شیشے میں سات دفعہ جوہر لیویں ۔ پھر ایک تولہ چاندی ملاکر
سات دفعہ جوہر لیکر محفوظ رکھیں پھر ایکتولہ تانبہ کو چرخ دیں اور تین ماشہ
اوپر ڈالیں وہ خالص چاندی بن جائیگی فروخت کریں ۔

دیگر ۔ سیماب کو ایک ایک رتی مرچ سرخ تر میں بھرکر ریگ میں بارہ ۱۲ گھنٹہ کی
آگ دیں بعدازاں نکالکر قلعی ایک تولہ پر ایک دو رتی ڈالیں تو خالص سیم
ہوجاوے گی ۔

دیگر ۔ چاندی کی دو ٹکیاں بنا الچکنا رسکپور سم الفار پارہ کھرل کرکے ڈالکر
تھوڑی سی آگ دیکر نکالکر اوپر پیسکر ایکتولہ تانبہ و ایکتولہ چاندی پر ایک ایک

ماشہ کر کے تین بار ڈالیں تو خالص چاندی بن جائیگی۔

دیگر۔ جونہ پوست بیخ جامن کا پانی ایک بوتل میں جست کو خاک کریں اور پارہ کو کسی طرح گرہ کر کے اوس میں رکھکر ۵ سیر کی آگ دیویں سرخ ہوگا اوس کے ہموزن طلا ملا لیویں۔

دیگر۔ شنگرف تولہ کو آردھ ہریتھہ قولہ میں جو کہ آکھ کے دودھ میں حل کیا ہوا ہیں رکھکر گل حکمت کر کے ایک اوپلہ کی آگ دیویں اسی طرح اکیس بار کریں اور سرخ کے کام میں لاویں۔

دیگر۔ سیماب۔ ڈال چکنا۔ رسکپور۔ شنگرف۔ سم الفار۔ ہڑتال ہر ایک کر کے مٹی کی کڑاہی میں رکھیں اور اوپر ایک جست کی پیالی رکھکر نیچے آگ جلاویں اور اوپر سے لیموں ۱۰ سیر کی رس نکالکر ڈالتے جاویں جب رس ختم ہو جائے تو اوتار لیویں اور پیس لیویں اور ایک رتی تولہ تانبہ پر ڈالیں سرخ ہوگا۔

دیگر۔ سم الفار۔ ہڑتال زرد آملہ سار۔ پارہ۔ نوشادر ہموزن لیکر شیر تھوہر و آک دو پہر میں کھرل کریں اور روغن نکال لیویں ایک تانبہ پر کھینچکر آگ میں ڈالیں سرخ ہوگا۔

دیگر۔ جفت سنگ راسخ ۲ تولہ نوشادر تولہ سکہ تو نیم تولہ سنگ راسخ و نوشادر کو مسحوق کر کے سرمہ بنالیں پھر سکہ کو کٹھالی میں ڈالکر چرخ دیکر مسحوق دوائی اوپر ڈالیں تاکہ سکہ برنگ مس ہو جاوے پھر مس و نقرہ ہموزن لیکر چرخ دیں اور آب لیموں میں آٹھ پہر تر رکھیں پھر دو چند طلا شامل کریں۔

دیگر۔ شنگرف۔ پارہ۔ آملہ سار۔ ہڑتال سرخ۔ سنکل سونا مکھی ہر ایک ۳ ماشہ ایک عدد لیموں کی رس میں کھرل کر کے پیسہ کے نیچے اوپر دیکر ایک سیر اوپلہ کی آگ دیویں پھر نکالکر پیس لیویں پھر تیسری بار کریں تو وہ سرخ ہو گی۔ فروخت کریں۔

تانبہ تو تیا۔ توتیا ایک پاؤ لیکر کپڑے پر بچھاوے اور کڑاہی میں گھولکر

توتیا کو باریک کر لینا چاہیے۔ پھر اوسکے اوپر تہ پہلے ایک پاؤ باریک کرکے
ڈالیں۔ اور پانی اتنا ڈالو۔ کہ وہ تر رہیں اور تین روز کے بعد پھر اسی طرح پہلے
کے اوٹھالو اور اوسکو پھینک دو اور کڑاہی کو پانی سے صاف کر لو اور تانبہ
کو کڑاہی سے پکڑ کر جمع کر لو یہ توتیا کا تانبہ ہے۔

دیگر۔ گائے کا دل ایک عدد اور ہڑتال زرد کو باریک کرکے اوسمیں مل دیں
اور شیشہ میں رکھدیں تو اوس میں کیڑے پیدا ہونگے۔ اونکو آتشی شیشی
میں ڈالکر روغن بنالیں۔ یا مٹی کی چیز میں روغن بنالیں اور محفوظ رکھیں
جب ضرورت ہو تو تانبہ پر لکیر کھینچکر آگ میں رکھیں تو سونا تیار ہوگا۔

یہ سب نسخے اپنے ہاتھ سے کئے ہوئے ہیں جب بناویں تو احقر کو فاتحہ
خیر سے یاد فرماویں۔ اگر ایک بار نہ بنے تو دوبارہ سہ بارہ بناویں
ضرور بن جاوےگا۔ والسلام

شکار جانوراں

اگر خاکستر شاخ انجیر کو باغات یا زراعت میں پارہ پارہ کرکے رکھا جاوے
تو کیڑے نقصان دہ تمام مرجاوینگے۔

دیگر۔ گبر وندوں کے سر کو جس جگہ میں رکھا جاوے۔ تو تمام کنکھجورے وہیں
جمع ہو جاوینگے۔

دیگر۔ مچھلی کے شکار کے لئے چھوٹی مچھلی لیکر باریک پیس لیں اور تھوڑے
آرد گندم ملاکر خوب گوندھیں اور نخود کے برابر اوسکی گولیاں بناویں اور خشک
کرلیں وقت ضرورت چھوٹے یا بڑے حوض میں پھینک دیں تو تمام مچھلیاں
وہاں جمع ہونگی تو ہاتھ سے پکڑ لیں۔ یہ آزمودہ ہے۔

دیگر۔ کبوتر کے شکار کے لئے زرد بیخ وکیر بہت زرد اور دو نیکر ان سب کو پانی
میں ملاکر پکاکر نخود کے برابر گولیاں بنالیں جو کبوتر ان کو کھائیگا وہ بیہوش
ہو جاویگا پکڑ لیں۔ اگر اس کو ہوش میں لانا ہو تو سرکہ لیکر اوسکی ناک میں

ٹپکاوے۔ بس وہ ہوش میں آجائیگا۔

دیگر۔ باتفا یا نخود کو ہڑتال کیساتھ پکا کر گولیاں بنالیویں تو جو طائر اسمیں سے کھائیگا وہ زمین پر گر پڑیگا۔ اور پھر نہ اڑ سکیگا۔ ہاتھ سے پکڑ لیں۔ اگر اسکو ہوش میں لانا ہو تو زیت کی خوشبو اسکے منہ میں ٹپکاوے۔ بس تو وہ ہوش میں آجائیگا

خواص سورہ یٰسین میں سے یہ بھی ہے۔ کہ اگر کوئی مشکل درپیش ہو اور وہ حل نہ ہوتی ہو۔ تو عشا کیوقت غسل کر کے جا نماز پر کھڑا ہو کر منہ قبلہ کیطرف کرے اور کلام اللہ کو سر پر رکھکر سات مرتبہ سورہ شریف کو پڑھے اور اپنی حاجت کو اللہ تعالیٰ سے طلب کرے اور سورہ شریف کا ثواب روح پر فتوح جناب محمد رسول اللہ صلعم کو بخشے تو انشاءاللہ سات روز میں مراد حاصل ہوگی اس میں شک لاوے اور صحیح عقیدہ سے عمل کرے۔

اور بعض بزرگوں نے لکھا ہے۔ کہ اگر کوئی مشکل درپیش ہو اور آسان نہ ہو سکے تو تین دن تک آدھی رات کو قبرستان میں جاکر اور ایک قبر پر بیٹھکر ۱۴ بار سورہ یٰسین کو بلند آواز سے پڑھے اور اس کا ثواب قبر والوں کو بخشے اور اپنی حاجت خداوند کریم سے مانگے تو انشاءاللہ تین روز میں مراد حاصل ہوگی۔

دیگر۔ حب کے بابت میں پروانہ و پرند مشک زعفران و گلاب سے صبح کی نماز پڑھکر اسکو لکھکر اپنے پاس رکھے اور مطلوب کے سامنے جاوے تو مطلوب بمجرد دیکھنے کی طالب کا عاشق ہوگا اور اسکے دیکھے بغیر چین نہ پاویگا۔ اگر انکے درمیان دہے کی دیوار بھی حائل ہو تو توڑ کر مطلوب اسکے پاس آویگا اور ہمیشہ اس کے دیکھنے کا طالب ہوگا۔ اسماء بزرگ یہ ہیں۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الم اللہ لا الٰہ الا ہو الحی القیوم ان اللہ اللہ یا بارح یا معارج یا حی یا حی یا حی یا قیوم یا قیوم
یا قیوم یا رب یا رب یا رب برحمتک یا ارحم الراحمین وصلی اللہ علیٰ سیدنا محمد وآلہ اجمعین
یا رب حرقت قلب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں یحبونہم کحب اللہ والذین آمنوا
اشد حبا للہ عملاً عم یا عاطمیا سحاً یا سانح یا ہو یا باء الحی یا طمعو یا من و باسعی
یا طلعوا یا دوسم طعم ار باعا کسو بالوکغہ ساجموب بارح یا مطظر وزح یاستایاح

صلوات اللہ وطعہ الا مبعو۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

دیگر۔ اس آیت کو ایکسو ایک بار شب بر سنی پر پڑہکر مطلوب کو کمانے کو وسے آیت یہ ہے: فسبحان الذی بیدہٖ ملکوت کل شیءٍ والیہ ترجعون۔ ولاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

دیگر۔ جو شخص اس تعویذ کو لکھکر اپنے بازو پر باندہے تو اللہ تعالےٰ اوسکو اوسکی قوت بازو سے رزق عنایت کرے گا تعویذ یہ ہے . . . .

۷۸۶

۷۶	۸۰	۸۳	۶۹
۸۲	۷۰	۷۵	۸۱
۷۲	۷۰	۷۸	۷۴
۷۹	۷۲	۷۳	۸۴

دیگر۔ یہ نقش سد رہ دہر کا ہے جو شخص اسکو لکھکر اپنے گلے میں ڈالے تو اوسکو اللہ تعالیٰ غیب سے رزق دیگا یا وہ کسیکا یا وہ کسیکا ملازم ہو جاویگا نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۹۳۹۶	۱۹۴۰۰	۱۹۳۴۲	۱۹۳۸۹
۱۹۳۹۳	۱۹۳۹	۱۹۳۹۰	۱۹۴۰۱
۱۹۳۹۱	۱۹۴۰۵	۱۹۳۹۸	۱۹۳۹۴
۱۹۳۹۹	۱۹۳۹۲	۱۹۳۹۱	۱۹۴۰۴

دیگر۔ اگر شوہر رغبت نہ کرتا ہو۔ تو۔ وہ عورت اس نقش کو لکھکر اپنے بائیں بازو پر باندہے تو شوہر مطیع اور فرمانبردار رہیگا۔ فلاں بن فلاں در محبت فلاں بنت فلاں گرفتار گردد ۱۱ ۸ ۱۱۱ ۵۶۶ ۱۱ ۹۹ ۱۱ ۱۹

۷۸۶

ح	ی	ط	م
ط	م	ح	ی
م	ط	ی	ح
ی	ح	م	ط

دیگر۔ اگر کسی کو صرع کا عارضہ ہو۔ تو یا محیط کا نقش لکھکر گلے میں ڈالے تو جلدی شفا پاوے نقش یہ ہے . . . .

فالنامہ حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ کا یہ ہے

حضرت ابراہیم علیہ السلام	حضرت یعقوب علیہ السلام	حضرت ادریس علیہ السلام	حضرت شیث علیہ السلام	حضرت آدم علیہ السلام
حضرت ایوب علیہ السلام	حضرت شعیب علیہ السلام	حضرت یوسف علیہ السلام	حضرت صالح علیہ السلام	حضرت اسماعیل علیہ السلام
حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم	حضرت عیسیٰ علیہ السلام	حضرت سلیمان علیہ السلام	حضرت داؤد علیہ السلام	حضرت خضر علیہ السلام

اگر حضرت آدم علیہ السلام کے نام پر انگلی آوے تو جو نیت ہے اچھی بات ہے اس میں خوشی
ہوگی۔ مراد دلی بر آوے گی الزام سے بری ہو۔ محبوس رہائی پاوے۔ سلاطین سے رتبہ پاوے۔

اگر حضرت شیث ؑ کے نام پر انگلی رکھے تو بخل اور خصومت پیدا ہو اگر نیت سفر کی
ہو تو چند روز تامل کرے اور جو مقصد ہو وہ صبر کرنے سے حاصل ہوگا۔

اگر حضرت ادریس ؑ کے نام پر انگلی آوے تو جس نیت سے انگلی رکھی ہے حاصل ہوگی
خوشی کامل ہو جو مدعا ہو وہ بر آوے سفر اور تجارت میں فائدہ ہوگا۔

اگر حضرت صالح ؑ کے نام پر انگلی آوے تو جس مراد کیلئے انگلی رکھی ہو وہ تھوڑے دنوں
میں بر آوے گی اور صبر کرنے سے مشکل حل ہو جائیگی جلدی کرنے سے نقصان ہوگا
جمعہ کی شب کو فقیر کو پاؤ سیر آٹا دیوے۔

حضرت ابراہیم ؑ کے نام پر انگلی آوے تو جس غرض سے فال دیکھا ہے حاصل
ہوگی چند روز صبر کرے تاکہ مدعا بر آوے۔ سفر اور تجارت میں فائدہ ہوگا
تمہاری فال بہت نیک ہے۔

اگر حضرت اسماعیل ؑ کے نام پر انگلی آوے تو جس بات کی خواہش ہے وہ دیر سے
حاصل ہوگی چند روز صبر کرے تاکہ مدعا بر آوے۔ ایک جانور دوشنبہ کے
روز اپنے اوپر سے صدقہ کرے تاکہ مشکل حل ہو جاوے۔

اگر حضرت یعقوب ؑ کے نام پر انگلی رکھے تو جس نیت سے انگلی رکھی ہے وہ کچھ
عرصے میں پوری ہوگی اور دلی مراد پوری ہو۔ ہجر کے صدمے سہے تو معشوق
سے مدعا ملے۔ چاہیے کہ غلہ ماش فقیر کو دے۔

اگر حضرت یوسف ؑ کا نام نکلے تو جو مراد ہو بر آوے اور دوست شاد اور
دشمن مقہور رہوں۔

اگر حضرت ایوب ؑ کا نام نکلے تو مراد دلی بر آوے۔ انجام نیک ہو اور
مطلب بر آوے۔

اگر حضرت سلیمان ؑ کا نام نکلے تو جو مطلب ہو بر آوے بہت جلد فائدہ ہو

چاہیئے۔ کہ ہفتہ کے روز بہ کچھ شیرینی اور ایک انگوٹھی اور سبز کپڑے کا ٹکڑا ایک تھال میں رکھکر دریا میں بہادے اور علی الصباح جو فقیر آوے اوسے اچھی طرح کھانا کھلاوے۔

اگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نام نکلے تو چند روز تامل کرنے سے مطلب حاصل ہوگا۔

اگر حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر انگلی پڑے تو جان لے کہ وہ نہایت تعجب والا ہے تو خوشحال اور خرم ہو اور ہر رنج و الم و غم اس کا دور ہوگا۔ خدا کے فضل سے تو اپنی مراد پاویگا اور مقصد دلی کو پہونچیگا۔

شناخت چور میں

پہلے ایک دفعہ الحمد اور تین دفعہ سورہ اخلاص پڑھکر صدق دل سے شہادت کی انگلی اس پر رکھے اور ملاحظہ کرے۔

وس	ب ک	ط ن	ح ل	ی ع	م ح	ھ ز	ح م	ا و

او۔ اگر اس پر انگلی آوے تو گم شدہ چیز مل جائیگی اور جس شخص نے چوری کی ہے اس کا رنگ پیلا ہے اور بدن فربہ ہے اور قد ٹھگنا ہے اور پاؤں پر نشان ہے اگر تلاش کیا جائے۔ تو ضرور انشاء اللہ ملیگا۔

ب ک۔ اگر اس پر انگلی آوے تو ضرور چوری گیا ہوا مال ملیگا اور بھاگا ہوا جلد واپس آجائیگا۔ اور جو کوئی تیرے مقربوں میں ہے یا گھر میں نوکر ہے وہ عورت ہے جس کا قد بلند اور منہ چوڑا ہے۔ پیلے رنگ کی ہے اوسکے داہنے ہاتھ پر داغ یا زخم ہے اگر تلاش کریگا تو چور مل جائے گا۔ اور انشاء اللہ مال بھی مل جائے۔

م ح۔ اگر یہ فال نکلے۔ کہ جو شخص مال چوراکر لیگیا ہے۔ اس کا رنگ گندمی ہے اور اوسکے داہنے پاؤں پر نشان ہے۔ اگر ڈھونڈھ کریگا۔ تو چور ملجائیگا

دس - اگر اس پر انگلی پڑے تو کہو کہ تیرا چوری گیا ہوا مال اوربھاگا ہوا چور پھر آویگا اگر چور کی نشانی پوچھتا ہے - تو کہو کہ چور تیرے دشمن کی طرف کا ہے اور چور مرد ہے اور سفید و کالے رنگ کا ہے اوس کا گھر مشرق کی طرف ہے - کوتاہ قد اور لب باریک ہے شاید ہے کہ تلاش کرنے سے مل جائے۔

ھ ز - اگر اس پر انگلی آوے تو کہدے کہ مال تیرے دشمن نے لیا ہے اور اون کے پاس جاتا ہے اسکی شناخت یہ ہے - کہ اس کا رنگ سرخ اور رخسار پر داغ ہے -

ح ل - اگر اسپر انگلی آوے تو تیرا چور مال لیکر بھاگا ہے وہ جنوب کی طرف ہے اوس کا گھر اور پر کوہی ہے اور اوس کا رنگ کالا ہے اوسکی پیشانی پر کوئی نشان ہے تلاش کرنے سے مل جائے گا۔

ط ن - اگر اسپر انگلی آوے تو چور تیرا لڑکا یا اہل خانہ میں سے چوری کرکے بھاگا ہے اور تیرے عزیزوں میں ہے - جنوب کی طرف گیا ہے - گندمی رنگ ہے اوس کے داہنے پاؤں میں کوئی نشان ہے - لیکن اوس کا ملنا دشوار ہے - صبر کرنا بہتر ہے - کیونکہ چور نہیں ملیگا پھل وغیرہ صدقہ کرنا چاہیئے -

ح م - اگر اسپر انگلی پڑے تو چور تیرے دشمن کی طرف ہے اور تجھ سے دلی دشمنی رکھتا ہے اور چور مرد ہے اور اوس کا رنگ سفید ہے یا کالا ہے - اگر جلدی اوسکی تلاش کریگا اور محلہ والوں سے دریافت کرے گا پائیگا - کوشش کرنا چاہیئے -

ی ع - اگر اسپر انگلی پڑے تو تیرے فرزند یا تیرے کسی دوست نے چرایا ہے - وہ پیلے رنگ کا ہے - جب خوب دریافت کرے تب اوس کا نام لیا جائے - بغیر کسی دریافت کے اوس کا نام نہ لیں کسی پر تہمت لگانا بہتر نہیں ہے -

سوال کے باب میں

اگر کوئی سوال کرے کہ میں آج سفر میں جاؤں تو فائدہ ہوگا یا نہیں تو چاہیے کہ نام سائل اور نام دن کے عدد نکال کر دو سے طرح دے اگر ایک باقی بچے تو فائدہ ہوگا اگر کچھ نہ رہے تو چوروں سے اذیت پہونچیگی۔ چاہیے۔ کہ صدقہ روٹی اور گوشت کلاں دے۔

اگر پوچھے۔ کہ میاں بیوی میں محبت رہے گی یا نہیں تو مرد عورت کے نام کے عدد۔ جمع کرکے پانچ پر تقسیم کرے اگر ایک اور تین اور یا پانچ بچیں تو چند روز نہایت درجہ کی محبت اور کبھی ایک دوسرے کے بغیر چین نہ لیں گے اگر دو اور چار بچیں تو چند روز تک الفت قطع ہو جائے گی۔ آپس میں ناچاقی ہو جائے گی۔ مناسب ہے۔ کہ صدقہ دے۔ تاکہ آفت دور ہو اور نوچندی جمعرات کے رات کو آٹھ بجے کے بعد جو فقیر پہلے بولے اسکو دو گز ململ کی دیوے۔ یوں تو کبھی جدائی نہ ہو۔

اگر دریافت کرنے والا پوچھے۔ کہ عورت لڑکا جنے گی یا لڑکی تو چاہیے کہ نام سائل اور نام روز کو جمع کرکے تین پر تقسیم کرے۔ اگر کچھ نہ بچے۔ تو درد زیادہ ہو چاہیے۔ کہ بکری کا گوشت پاؤ بھر چڑیوں کو پیر کے روز بانٹ دیوے۔

اگر سائل دریافت کرے کہ فلاں شخص محبت دلی رکھتا ہے یا دشمنی تو چاہیے۔ کہ نام سائل اور دوست اور دن کے عدد جمع کرکے چار پر تقسیم کرے۔ اگر ایک رہے تو دشمن ہے اگر دو رہیں تو دوست کامل ہے اگر تین رہیں تو زبانی دوست ہے۔ اگر چار بچیں تو ظاہر میں دشمن اور باطن میں دوست ہے۔

اگر کوئی دریافت کرے۔ کہ فلاں مجھ سے دشمنی رکھتا ہے۔ فتح پائیگا

یا نہیں تو چاہئے۔ کہ نام سائل اور اس روز کے عدد جمع کرکے دو پر تقسیم کرے۔ اگر ایک رہے تو فتح پاوے اگر دو رہیں تو دشمن فتح پاویگا چاہیئے۔ کہ منگل کے روز ایک مینا کو چھوڑ دے۔ تاکہ دشمن کے شر سے بچا رہے۔

اگر کوئی سوال کرے۔ کہ چور مرد ہے یا عورت اور گھر کا ہے یا گلی کا یا غیر آدمی ہے تو نام سائل اور اس روز کے نام جس روز چوری ہوئی ہے جمع کرکے پانچ پر تقسیم کرے۔ اگر ایک بچے تو عورت ہے اگر دو بچیں تو مرد ہے اگر تین بچیں تو کوئی ہمسایہ ہے۔ اگر چار بچیں تو چور گھر کا ہے اگر کچھ نہ بچے تو چور غیر ہے۔

اگر سائل سائل یہ پوچھے۔ کہ فلاں بیمار کب اچھا ہوگا۔ تو نام بیمار اور اوس روز جبکہ بیمار ہوا ہے۔ جمع کرکے دو پر طرح دے اگر کچھ نہ بچے تو بیمار چند روز میں اچھا ہوگا۔ لیکن تکلیف سے۔ اگر ایک بچے تو بیماری سخت ہے خوف جان کا خطرہ ہے صدقہ دینے سے گزر نہ کرے صدقہ علی الصباح جو کوئی دانے اور سکو دو پیسے اور تیل و ماش مریض کے سے تصدق کرکے دیوے تو انشاء اللہ تعالے بہت جلد شفا پاوے۔

اگر یہ پوچھے۔ کہ بیمار کو کیا بیماری ہے۔ تو چاہیئے۔ کہ نام بیمار اور نام مادر اور اوس روز کے عدد جمع کرکے چار پر تقسیم کرے اگر ایک بچے تو بیماری سخت ہے جان کا بچنا محال ہے اگر دو بچیں تو بلغم اور خون کی شدت ہے۔ اگر تین بچیں تو بیماری سودا ہے۔ اگر چار بچیں۔ تو کسی نے جادو کیا ہے۔

فالنامہ حمل زناں میں } کہ فلاں عورت لڑکا جنے گی یا لڑکی تو اسپر انگلی رکھے تو جسپر انگلی

آوے اوس کا مطلب نقشہ ذیل سے دریافت کرے وہ یہ ہے ۔

شمس: اگر شمس پر انگشت آوے ۔ تو فرزند نرینہ پیدا ہوگا ۔

مشتری! تجھ کو اللہ تعالیٰ فرزند نرینہ عطا کریگا ۔ چاہیئے کہ شکر حق بجالاویں اور دوشنبہ کو دو بھوکوں کو کھانا کھلادیں ۔

مریخ ۔ تم کو لڑکا عنایت ہوگا ۔

قمر ۔ تم کو دختر نیک اختر عنایت ہوگی ۔

زہرہ ۔ تم کو لڑکی سعیدہ عنایت ہوگی ۔

عطارد ۔ تیری فال نیک ہے ۔ مگر لڑکی عنایت ہوگی ۔

زحل: تیری فال نحس ہے ۔ چاہئے ۔ کہ منگل کے روز آٹھ بجے رات کے جو فقیر تیرے دروازے پر آوے اوسکو کھانا کھلاوے ۔ اور جو مانگے دے اور بدھ کو سنجہ چوراہے پر چھوڑائے تاکہ بلا ہا سے نجات پاوے ۔

اگر سائل پوچھے ۔ کہ مرد ۔ عورت سے کے مرنے کا حال بتاؤ تو چاہیئے ۔ کہ اس نظم کے مطابق عمل کرے ۔

مرد و عورت کے نام کے اعداد ۔ کر جمع جو ہے تجھکو ابجد یاد
کر تو حاصل کو تین پر تقسیم ۔ جو رہے باقی یاد رکھ اے حکیم
اگر بچے ایک تو مرے شوہر ۔ اپنی زوجہ سے پہلے ہے یہ خبر
اگر بچیں دو تو زوجہ مرجاوے ۔ اسی تقدیر کا لکھیا پاوے
اور اگر کچھ بچے نہ باقی تو
جان لے دونوں کا فنا ہو

معجون لنا

جوکہ فالج ۔ لقوہ ۔ رعشہ ۔ مرگی ۔ اختلاج معدہ ۔ وجع المفاصل و دیگر امراض باردہ بلغمیہ کو مفید ہے ۔ کچلہ مدبر تولہ ۔ مرچ سفید مرچ سیاہ ۔ دارچینی فلفل دراز جائفل ۔ جاوتری مصطگی ناگر موتھ ۔ سونٹھ موتگ ۔ آملہ ۔ بالچھڑ الائچی خورد ۔ اجوائن ۔ سونٹھ ۔ زعفران صندل سفید عود بلسان اگر ہر ایک ۶ ماشہ شہد سہ چند یکجا کر بدستور معروف معجون بنا دیں اور ۱ تا ۳ ماشہ عرق بادیان سے کھا دیں ۔ اگر آتشک ہو ۔ تو عرق عشبہ سے کھا دیں ۔

حب تنکار

جوکہ معدہ کے گرانی و کمزوری کو دور کرتا ہے ۔ بھوک خوب لگاتی ہے ۔ قبض دور کرتی ہے ۔ ریاح کو خارج کرتی ہے بڑے پیٹ کو چھوٹا کرتی ہے ۔

سوہاگہ ۲ تولہ اجوائن حزاسانی ۲ ½ تولہ فلفل سیاہ ۲ تولہ صبر سقوطری ۱۸ تولہ مغز کھیکوار حسب ضرورت کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود بنا دیں اور رات کو ۱ تا ۲ گولی سوتے وقت یا کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت پانی سے کھا دیں ۔

ممسک

خستہ خجور ۹ ماشہ خستہ جامن ۹ ماشہ مغز خستہ املی تولہ ۔ مغز فندق تولہ سبز پھول کیکر ۹ ماشہ چھلکا بوہڑ تولہ سپاری تولہ سفوف بنا کر کوزہ مصری سے شیریں کر لیں اور چھ ماشہ ہر روز دودھ سے کھا دیں ۔

درد کمر

میتھرے ۵ تولہ۔ کمرکس تولہ۔ سونف تولہ چار مغز تولہ بادام تولہ مغز حلغوزہ تولہ پستہ تولہ سونچی ۵ تولہ۔ پہلی تین چیزوں کو گھی میں بریاں کرکے پھر سب کو ملاکر پھر گھی میں بریاں کرکے ایک تولہ ہر روز کھاویں مگر پہلے شکر سفید برابر یا زیادہ ملا لیویں۔

اشخاص روحانی کیمخاطب ہونے کیلئے

جو کوئی سورۂ نامخہ کو مشک و زعفران سے پیالہ آبگینہ میں لکھے اور اسکو آب باراں سے دہووے۔ کہ کا نون دوم مطابق ماہ انگریزی جنوری ہندی کا پہاگن مالکی بھین میں برسا ہو اور تانون ثانی ماہ رومی ہے جو کہ تقویم سے معلوم ہو سکتا ہے کہ کون ماہ عربی میں ہوگا۔ اوس پانی سے پیسے اور سرمہ صفہانی اور سرمہ سفید ملاوے اور اسکے ساتھ تلخہ خروس سفید کہ جسکے سر پر دو تاج ہوں ملاوے اور تلخہ کالیا سیاہ کا اور یہ سرمہ آنکھوں میں لگاوے تو اشخاص روحانی کو مجسم دیکھے۔ اور اوسکے ساتھ گفتگو کرے اور جو چاہے بعون اللہ تعالیٰ۔ اوسپر کامیاب ہووے۔

دیگر۔ واذقال ربک للملٰئکۃ انی جاعل فی الارض خلیفہ تا علیم حکیم۔ ان آیات کی خاصیت یہ ہے کہ جو کوئی چاہے۔ کہ آدمی و دیو و پریاں فرمانبردار ہوں۔ اور دیکھنا چاہئے۔ اسرار عجیب کو تو پس غسل کرے اور روزہ رکھے روز پنجشنبہ کو کہ اوّل ماہ کا غرہ ہو شب جمعہ کو افطار کرے۔ بسبزی و شکر و نان جو سے اور بعد نماز عشاء کے سو رہے اور جب آدھی رات کا وقت ہووے تو اوٹھکر غسل کرے اور قبلہ رو ہو کر آیات مذکورہ بالا کو تیس بار پڑھکر بعد ازاں یہ کہے کہ ایتھا الارواح الطائفۃ الواصل التقدیر

الموکلون بہذہ الآیات المطیعون بسرہ المودع فیہا فتنّا
وامیلوا الی وجوہ بنی آدم ونبات فیہا اجیبوا الدعوۃ
وافیضوا برکت روحانیکم عنی فیہا حتے انطق بہا ما
خفی واخبر لکائن بنات حواء واحلوا الی قلوبہم
رعبا ورھبا ۔

بعدازاں آیات مذکورہ پیالہ آبگینہ میں مشک و زعفران
سے لکھے اور اوسکو گلاب سے دہوکر اور پیوے اور سووے اسی طرح
پانچ روز یا سات روز اور شب پنجشنبہ کہ ساتویں شب ہے ستر مرتبہ
یہ آیات پڑہے اور چالیس مرتبہ کلمات مذکورہ کی سات آیات
لکھے اور یہ عمل خالی گھر میں کرے اور عود جلاوے جو اس عمل سے
فارغ ہووے تو جامہ پہنے اور سو جاوے تو خواب میں کسی کو دیکھیگا
اور وہ اوسکو بشارت دیگا۔ کہ تیری امید پوری ہوگی اور کام انجام
کو پہونچیگا یعنی آدمی اور پری اوسکے فرمانبردار ہووینگے بحکم
اور مدد اللہ تعالیٰ کی کے۔

دیگر۔ قل اللہم مالک الملک تا بغیر حساب اگران آیات مذکورہ
کو چاندی کے برتن میں مشک و زعفران سے لکھکر آب میوہ
سبز و آب شبینہ و آب بادیوں سے دہووے اور تلخہ ماکیان
سیاہ اور تلخہ گربہ سیاہ لیوے اور پانچ مثقال سرمہ اصفہانی ڈالکر باریک
پیسے اور وہی پانی ڈالے۔ مگر رات کیوقت پیسے۔ آفتاب بالکل
نہ دکھلاوے اور سرمہ پانی میں ڈالے اور آبنوس کی سلائی بناوے
بعدہ پنجشنبہ کو روزہ رکھے اور آدھی رات کے وقت ستر بار درود
شریف حضرت پیغمبر خدا صلعم پر پہنچاوے اور استغفار
ستر مرتبہ کہکر ستر مرتبہ پھر درود شریف پڑھے اور بسم

آنکھوں میں لگاوے۔ اول سلائی چشم راست میں لگاوے بعد ازاں ستر
مرتبہ یہ عمل پڑھے جیسا کہ پہلے کیا ہے یعنی روزہ و درود و استغفار
اور سرمہ سے وقت شب روحانی پیدا ہوگا۔ اوس سے بات چیت کرے
اور جو حاجت ہو پوچھے۔ پس اپنی حاجت اور خواہش کے واسطے
اوسکو آگاہ کرے۔

احوال غائب

جو شخص احوال غائب یا جگہ یا دفینہ یا شکم حاملہ یا بیماری
موت کو دریافت کرنا چاہئے۔ تو اوس کو لازم ہے کہ بروز دوشنبہ
غسل کرکے روزہ رکھے اور شب سہ شنبہ کو بھی غسل کرے اور بروز سہ شنبہ
بوقت صبح آفتاب کے طلوع ہونے سے پہلے ان آیات کو جامہ
سبز پر گلاب و زعفران کے ساتھ لکھے اور عود و عنبر کا دھواں دے کر معطر
کرے اور کسی چیز میں اوسکو پیچیدہ کرے تاکہ نظر آفتاب اور آدمی کی اوس پر
نہ پڑے شب چہار شنبہ کو بعد نماز عشاء کے سووے اور پڑھے۔ یَا
عَالِمَ خَفِیَّاتِ الْاُمُوْرِ یَا مَنْ هُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ
اِلْاَحْسِنِیْ عَلٰی مَا اُرِیْدُ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۰
بعدہٗ خداوند کریم کا ذکر کرے اور جامہ پیچیدہ زیر بالین
رکھے اور سو جاوے تو خواب میں کسیکو دیکھیگا جو کہ اوسکی حاجت
پر اوسکو آگاہ کریگا۔ اور اگر حاجت بر نہ آوے تو بروز پنجشنبہ
پھر روزہ رکھے اور شب جمعہ کو بعد غسل کرنے کے یہ دعا پڑھے۔ اور
سو رہے۔ تو خواب میں اوسکی حاجت پر اوسکو خبردار کریگا
سبز جامہ پر لکھے۔ آیت یہ ہے۔ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ شَیْءٍ
وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَكُلُّ شَیْءٍ

عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ۔

دیگر۔ کیمیا کی حقیقت اور نسخہ اسکے دریافت کرنے کے لئے ہیں۔

سورۂ رعد رکوع دوم میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ تیرہویں سپارہ میں ہے

اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً تا وَ بِئْسَ الْمِهَادُ

ان آیات کی خاصیت یہ ہے۔ کہ جو کوئی علم صنعت یعنی کیمیا کو سیکھنا چاہے تو آیات مذکورہ کو چالیس روز تک صبح و شام اسی مرتبہ پڑھکر سویا کرے اور یہ دعا بعد میں پڑھے۔ یعنی یَا مُظْهِرَ الْعَجَائِبِ وَمُعَلِّمَ الْاِنْسَانِ مَا لَمْ يَعْلَمْ وَمُعِيْنَ الْبَائِسِ الْفَقِيْرِ وَدَلِيْلَ الْحَائِرِيْنَ بِمَشِيَّتِهٖ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا اَسْئَلُكَ عَلٰى مَا عِنْدَكَ وَمَا عَقَدْتُ عَلَيْهِ الضَّمِيْرَ۔ تو خواب یا بیداری میں اوسکو آگاہ کیا جاویگا۔ اور اگر اوسکے نصیب میں نہ ہو۔ تو منع کیا جاوے گا۔

علم کیمیا کے ظاہر ہونے کے واسطے

قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تا بِغَيْرِ حِسَابٍ۔ اگر کوئی شخص ان آیات مذکورہ بعد ادائے ہر نماز فریضہ کے اور نفل کے اور سونے کے بعد پڑھے تو فراخی رزق اور کشادگی ہوگی اور جو کوئی علم کیمیا کو پہنچنا چاہے۔ یا اس علم سے جو کہ مردماں کی نظر سے پوشیدہ ہو۔ پس غسل کرے اور چالیس روز سوائے روزہ نہ رکھنے

کے اور لقمہ حلال پر افطار کرنے کے اور ہر رات کو سونے کے وقت سورہ والشمس اور والضحیٰ سات سات مرتبہ پڑھکر بعد اُسکے یہ پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ وَاَسْتَخْبِرُكَ بِكُلِّ شَیْءٍ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا وِتْرُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اسئلك علٰی ان تصلی علٰی محمد وعلٰی اٰل محمد و صاحبه و ان تیسر لی العلم الذی سترته عن كثیر من خلقك وافتنی من من سواك فانك مالك الملك وبیدك مقالید السمٰوٰت والارض وانت علٰی كل شیءٍ قدیرٌ۔

پس یہ عمل مراد کا ہے خواب یا بیداری میں اوسکو جو کچھ اوسکی طلب ہوگی حاصل ہوگا۔ کیمیا کے واسطے بھی یہ عمل ہے۔ اگر اوسکی صحت میں نہ ہوگا۔ تو منع کیا جاوے گا۔

پوشیدہ کے دریافت کرنے کیواسطے

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔

وعندہ مفاتح الغیب تا مبین

وھو الذی یتوفٰكم باللیل ویعلم ما جرحتم بالنهار ثم یبعثكم فیه لیقضٰی اجلٌ مسمّٰی ثم الیه مرجعكم ثم ینبئكم بما كنتم تعملون و ھو القاھر فوق عبادہ و یرسل علیكم حفظةً حتّٰی اذا جاء احدكم الموت توفته رسلنا و ھم لا یفرطون ثم ردوا الی اللّٰه مولٰهم

الحق الا الہ الحکم و ھو اسرع الحاسبین
ان آیات کی خاصیتیں تو بہت ہیں۔ مگر جو کوئی ان آیات مذکورہ کو کتان کے کپڑے پر یا سبز کپڑے پر لکھکر اپنے پاس رکھے اور خدا تعالیٰ سے التجا کرے تاکہ امر پوشیدہ اوسپر ظاہر ہو اور آیات معظم سے فیضیاب ہو۔ اور جو شخص آیات مذکورہ کو لکھکر اپنے بازو راست پر باندھے اور سورہے۔ تو اسرار عجیبہ۔ اور حکایات غریبہ اوسپر ظاہر ہوں گے۔

سانپ کے کاٹے کا نسخہ

اگر کسی کو سانپنے کاٹا ہو۔ تو یہ نسخہ بناکر دیویں۔
سم الفار سفید ۱ ماشہ نوشادر ۱ ماشہ حقہ کی میل ۱ ماشہ۔ فیبر آک ۱ ماشہ چاروں کو بیکر باریک پیسیں اور ایک دو قطرے دودھ آک ڈالکر ملا لیویں تاکہ موم کی طرح ہو جاوے۔ پھر زخم کو تھوڑا چھید کر یعنے کرید کر دوائی محلول کو لگا دیویں اور کچھ اوپر رکھکر باندھ دیویں زہر اثر نہ کریگا اور حب الملوک بیکر اوس کا پتہ نکالکر گھی میں بھونکر کھلا دیویں۔
دیگر۔ پوست ہریڑھ چھ ماشہ کو باریک کرکے چھ ماشہ کھانڈ اوس میں ملا دیں اور نیمگرم پانی سے پلادیں۔

سانپ کا منتر

یہ منتر ہر قسم کی سانپ کا ہے۔ پڑھکر دم کریں تو زہر کا اثر جاتا رہتا ہے ان کا نام بتدا ہے۔ وہ یہ ہے۔
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اول نام اللہ دا دوجا نام رسول تیجا نام

اک لکھ چوی ہزار پیغمبر دا چوتھا نام چوہ یاراں دا پڑھا وناں وہ پام فقیر حمد پیر دستگیر دا کرڈا کرڈا سید احمد کبیر دا جھڑ جھڑ اس پنڈ مول نہ چڑھ برکت پیر او ستاد دی نال ارجبا ہند کی ہلتی کف -

ترکیب برائے ہوسباں

ایک بھوکا نہ گوسفند کا ایکر خالی کرکے اوسمیں ایک تولہ سم الفار سفید رکھکر دھاگہ سے منہ بند کرکے مشکہ مٹی میں رکھیں اور اسکو پانی سے بھر دیں - اور اوس میں وہ بھوکا نہ لٹکا دیویں اور ۱۲ گھنٹہ اوسکے نیچے آگ جلاویں سرد ہونے کے بعد دیکھیں تو سم الفار موم شدہ ہوگا اوسکو لیکر مس پر طرح کریں تو مس چاندی ہو جائیگا -

تنگی رزق کیلئے

اگر کسی کو رزق کی تنگی ہو تو لاحول ولا قوۃ الا باللہ کو پانچ سو بار ہر روز پڑھا کرے - چاہیئے - کہ اس کو صبح کے نماز کے بعد یا اول پڑھے - تو چند روز میں دولت مند ہو جاوے

اگر کسی کو ستاتا ہو تو - اوسکے لئے باوضو یا بے وضو اس عمل کو ہر وقت پڑھتا رہے اور رات کو نماز عشا کے بعد باوضو ہوکر ایک وقت مقرر کرکے ہر روز بلا ناغہ بسم اللہ شریف پڑھکر پانچسو بار پڑھا کرے تو دشمن کو سخت ایذا پہونچیگی - بلکہ مرنے کے قریب ہو جائے گا - علاوہ یہ بیمار ایسا ہوگا - کہ وہ جب تک آن کر معافی نہ مانگے تندرست نہ ہوگا - عمل یہ ہے - اَللّٰھُمَّ انا جعلک فی نحورھم ونعوذبک من شرورھم -

اگر قرضدار صبح کی نماز کے بعد سورج نکلنے سے پہلے درود شریف گیارہ دفعہ پڑھکر اسم یَا مُغْنِی کو گیارہ تسبیح پڑھکر پھر درود شریف گیارہ دفعہ پڑھے تو چالیس یوم کے بعد وہ دولت مند ہو جائے گا۔

چیچک کا عمل

جس کو ماتا نکلی ہو تو ۰۰ دہ مجیٹھ ایک تولہ لیکر اور سپر الحمد شریف اکتالیس بار اول و آخر درود شریف گیارہ بار پڑھکر دم کرے اور جتنے برس کا مریض ہو تو اتنی ہی رتی گائے کا مکھن شامل کرکے مریض کو کھلائے تو انشاء اللہ تعالے شفاء پائے گا۔

جن و پری کا سایہ

دور کرتا ہے۔ اگر سورۂ فلق والناس معہ بسم اللہ شریف کے گیارہ مرتبہ پڑھکر دم کریں ایک دن میں تین بار کریں تو چند روز میں انشاء اللہ تعالے شفاء ہو گی۔

بخار

اگر نہ اترتا ہو تو صبح نماز کے بعد آیت قُلْنَا یَا نَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلَامًا کو لکھکر مریض کے گلے میں باندھیں۔ اور دوسرے روز اس آیت کو اُتار کر کنوئیں میں ڈالدیں اور نئی آیت لکھکر اس کے گلے میں باندھیں۔ اسیطرح تین روز عمل کریں تو بخار دور ہو جائیگا۔

حُب

اگر کوئی شخص کسی کے عشق میں مبتلا ہو تو چاہیئے۔ کہ چلتے ہوئے پانی یا حوض کے کنارے بیٹھ کر پہلے گیارہ دفعہ قل شریف پڑھکر پانچ سو دفعہ وظیفہ۔ دل کبوتر ہو رہا گھبرا پڑا یٰسین کا میرا سجن میلے صدقہ قادر محی الدین کا یا کریما کرم کر یا رحیما رحم کر سخت دلنوں نرم کر یا غوث اعظم دستگیر اس کے بعد پچاس بار درود شریف پڑھے۔ اسیطرح چالیس یوم تک پڑھے چاند کی پہلی جمعرات کو شروع کرے اور پیاز۔ لہسن اور گوشت سے پرہیز کرے۔

فراخی رزق

کے واسطے اسم یا ودود کو عشاء کے بعد یا صبح کی نماز کے بعد پانچ سو بار اول و آخر درود شریف گیارہ بار ہر روز پڑھا کرے۔

ایضاً۔ عشا کی نماز کے بعد یا عزیز کو گیارہ تسبیح اول و آخر درود شریف گیارہ دفعہ ہر روز پڑھا کرے تو چند روز میں فراخی رزق ہو گی۔

غرض یا مطلب!

اگر کسی سے کوئی غرض ہو تو اسم یا مُقیتُ کو صبح کی نماز کے بعد ہر روز ایک سو ایک دفعہ اول و آخر درود شریف

گیارہ مرتبہ پڑھا کریں تو انشاء اللہ تعالےٰ غرض پوری ہو گی ۔

لوط پھرالی چندری وپستان کھل جانیکا عمل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سونے کی سوئی سونے کا سوت لوط پھرالی چندری ٹھس ٹھلنا بھبوت برکت کلمے پاک کی چار تھوک بھبوت لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ۔ اسکی ترکیب یہ ہے کہ جس جگہ تکلیف ہو اسکے مخالف جگہ دم کیا جائے مثلاً دائیں طرف ہو تو بائیں طرف دم کیا جاوے ۔ اگر مریض دور ہو تو اپنے اوپر دم کریں صرف تین یوم تک دم کریں تو انشاء اللہ تعالےٰ مریض کو شفاء ہو گی ۔

احتلام کے لیٔے!

رات کو سوتے وقت اپنے سینے پر شہادت کی انگلی سے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ لکھکر سو رہے ۔ تو انشاء اللہ تعالےٰ احتلام نہ ہوگا

مقدمہ کی ہار جیت

اگر مقدمہ کی بابت معلوم کرنا ہو کہ کون جیتے یا ہاریگا ۔ تو دونوں کے نام کے تعدد بحساب ابجد الگ الگ جمع کر کے معلوم کریں کہ کسکے عدد زیادہ ہیں ۔ جس کے عدد زیادہ ہوں گے وہ جیتے گا ۔ اگر برابر ہیں تو نوجوان جیتے گا ۔

احوال غائب

جس کسی کا آدمی یا مال مویشی گم ہو جائے ۔ تو وہ دریافت کر سکتا ہے ۔ کہ کس طرف کو گیا ہے ۔ مثلاً ۔ اگر ہفتہ کو غائب ہوا ہو ۔ تو جنوب کی

طرف سے جلد نکل ملیگا ۔

اتوار کو اگر گم ہوا ہے تو مشتری کی طرف سے ملیگا ۔ جس کی میعاد آٹھ روز تک ہے ۔

اگر سوموار یعنی پیر کے روز گیا ہے تو وہ شمال کی طرف تلاش کرے ۔

اگر منگل کے روز گیا ہے ۔ تو وہ مغرب کی طرف تلاش کرے ۔

بدھ کو اگر جاوے تو وہ بھی طرف دیکھنے سے ملیگا ۔

جمعرات اگر گم ہوا ہے تو وہ بھی مغرب کو دیکھنے سے دس روز تک ملے گا ۔

جمعہ کو غائب ہوا ہے ۔ تو وہ جنوب کی طرف دیکھے جلدی ملجاوے

اگر مرد عورت کی موت کا دیکھنا ہو تو یوں ہو

یوں اس شعر سے شمار کر کے دیکھے اور بحساب ابجد کے دونوں کے نام کے عدد جمع کر کے تین پر تقسیم کرے ۔ شعر یہ ہے ۔

اک رہے تا مرد مر جاوے دو تو رہن نے نا ر منہ ایہ فتویٰ زد حساب کا کیتا میں اظہار

فصل ہشتم

قرآن شریف سے فال دیکھنا

جو کہ بزرگان دین سے چلا آیا ہے وہ یوں ہے ۔ کہ اول وضو کر کے ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور تین دفعہ درود شریف پڑھکر وافوض امری الی اللہ ان اللہ بصیر بالعباد کو پڑھکر کہے اللھم انی توکلت الیک وتکفایت بہ کتابک فانی ما ھوالمکتوم فی سر کل

مسنون لی فی غیبلہ الاصرانت الحق یحق محبد ن الحق بر
قرآن مجید کو کھو لکر سات ورق پلیٹے اور پہلے صفوں کی ساتویں آیت کا
پہلا حرف یکر یا دوسرا پورا کرکے دیکھے۔ کہ کیا لکھاہے اوسپر عمل کرے
پہلا حرف اگر الف ہے تو الا الا ولیا اللہ تا آیت پڑھکر معلوم کرے۔ کہ
صاحب فال کو رنج و غم سے نجات ہوگی ہر کام میں برکت ہوگی۔

اگر (ب) ہے تو بشیرو نذیرا الی اللہ باذن سراجا منیرا معلوم کرے۔ کہ
اللہ تعالی سے بڑی نعمت حاصل ہوگی۔ مقصد پورا ہوگا خوشی نصیب ہوگی
مگر چاہئے۔ کہ کچھ خیرات کرے تاکہ جلدی کام ہو۔

اگر (ت) آوے تو تا اللہ فقد ارسلنا الیٰ امم من قبلک
صاحب فال کو مناسب یہ ہے۔ کہ صبر سے کام کرے تو اللہ تعالے
کی بارگاہ میں توبہ کرے اور بُرے کاموں سے بچے اور خیرات کرے
تاکہ بلا ٹل جاوے۔

اگر (ث) ہو تو سندس احضر واستبرق۔ صاحب فال کو ظلم
وغیرہ سے نجات اور دشمن پر فتح نصیب ہوگی۔

اگر (ج) ہے۔ جیسے۔ کہ جھنم و بئس المصیر۔
صاحب فال کو چاہئے۔ کہ جس کام کے لئے نیت رکھتا ہے
اوسکے نزدیک تک نہ جائے۔ اور صبر کرے۔ تاکہ سلامت
رہے۔

اگر (ح) آوے۔ جیسے۔ کہ حمیمٌ یُبصرُون
تو اس سے خوشخبری ہے۔ مگر کام آہستہ سے ہوگا۔
جلدی نہ کرے۔

اگر (خ) آوے تو خالدین فیہا
ابدا۔ اس سے معلوم کرنا چاہئے۔ کہ اوسکو

نعمت عظمیٰ حاصل ہونیوالی ہے اوسکو اللہ کی طرف سے نیک اولاد ملیگی اگر بیمار ہے تو شفاء پاوے گا۔

اگر (د) آوے تو دعواھم فیھا سبحنک اللھم تحیتھم فیھا سلام واخر دعونا ان الحمد للہ رب العلمین۔ تو صاحب فال کو چاہئے کہ خداوند کریم کا شکر بجالاوے اور خوشی دیکھے اور نعمت حاصل ہوگی دشمن برنقص ہوگی۔

اگر (ذ) ہے تو ذالک بان اللہ مولےٰ۔ اگاہ ہو کہ اسکو غم وہم پہونچنے والا ہے کچھ خیرات کرے تاکہ بلا ٹل جائے۔

اگر (ر) ہے۔ تو ربنا انزل علینا مائدۃ من السماء ای صاحب فال تجھکو کوئی بلا یا آفت ہوگا تو راحت حاصل ہوگی۔

اگر (ز) زعم الذین کفروا ان لا یبعثوا۔ اے صاحب فال تجھکو عالی مرتبہ حاصل ہو اور دولت ملے۔

اگر (س) سلام علیکم طبتم فادخلوھا خلدین۔ تجھکو سعادت حاصل ہوگی اگر آگ میں پڑ جائے تو سلامت رہے گا۔ کوئی دشمن نزدیک نہ آسکیگا۔

اگر (ش) شھر رمضان الذی انزل فیہ القران۔ صاحب فال کو جنت میں جگہ ملیگی شراباً طہورا پینے کو ملیگی اور دنیا میں بھی خوش رہے گا۔ اسلئے مناسب کہ خداوند کریم کی بندگی کرتا رہے۔

(ص) ص والقران ذی الذکر۔ ای صاحب فال جو خدا سے طلب کریگا پائے گا صحت اور تندرسی اور دولت تیرے ساتھ رہے گی۔

(ض) ضرب اللہ مثلاً الذین امنو مسرات تجھپر غم وہم طاری ہوگا دشمن کے آنیکا خطرہ ہے۔ مگر آخر فتح اور کامیابی ہوگی۔

(ط) طہٰ ما انزلنا علیک القران لتشقیٰ۔ ہر قسم کے رنج وغم اور مصیبت سے

پاک رہیگا۔ لازم ہے۔ کہ خدا کا شکر کرے اپنی مصیبت دوسرے کے آگے ظاہر نہ کرے کیونکہ خدا تیرے لئے کافی ہے۔

(ظ) ظللا الها دخل لت الظرفیهاتدن لیلاً۔ تجھ کو راحت حاصل ہو گی کیونکہ فال تیری نیک ہے، مراد حاصل ہوگی۔

(ع) عمّ یتسا ئلون الخ آیت تک۔ اے صاحب فال خوشخبری ہو تجھکو اللہ تعالٰی بہت نعمت عطا کریگا۔

(غ) غلبت الروم۔ تجھکو چاہیے کہ سفر کا ارادہ نہ کرے اس روز توقف کر اگر کوئی مصیبت در پیش ہے تو گھبرانے کی ضرورت نہیں چندروز صبر کر اور صدقہ دے تاکہ مصیبت دور ہو جاویں۔

(ف) فقد فاز فوزاً عظیما۔ غم رنج سے تم کو نجات ہوگی اور سب کام درست ہونگے۔ خلقت میں بابرکت رہے گا۔

(ق) قال هذا رحمت من ربی۔ تجھ کو نعمت حاصل ہو گی عزت ملیگی اپنے اہل و عیال سے آرام پائے گا۔

(ک) کراماً کاتبین یعلمون ما تفعلون۔ تجھ کو چاہیئے چندروز اس کام سے صبر کر تاکہ تیری بہتری ہو۔ اگر سفر کا خیال ہے۔ تو کچھ ٹھہر جا اور صدقہ دے۔ تاکہ دشمن در پے نہ ہوں اور خداوند تعالٰی تجھکو سلامت رکھے۔

(ل) لمن الملك الیوم لله الواحد القهار۔ تیرا مطلب پورا ہوگا غم وغیرہ جاتا رہے گا اور تیرے سب کام پورے ہونگے۔

(م) مالك الملك تؤتی الملك من تشاء۔ اے شخص تجھکو عزت اقبال حاصل ہوگا۔ تکلیف راحت کے ساتھ بدل جائے گی اور دشمنوں پر فتح پائیگا۔

(ن) ن والقلم وما یسطرون۔ اے شخص تیری مراد حاصل ہوگی اور تو ہمیشہ خوش رہے گا۔

(و) وهو الرحمٰن الراحمین۔ جو کچھ تیرے دل میں ہے اسمیں برکت ہو گی اور خلقت سے بے نیاز ہو گا۔

(ہ) هو الذی ارسل رسوله بالهدیٰ۔ اے شخص تیری سب مرادیں پوری ہونگی اور کام پورے ہونگے۔ دشمنوں پر غلبہ رہے گا۔

(لا) لاریب فیه ذو قیت کل نفس۔ اے صاحب فال تجھکو غم سے نجات ہو گی۔ اور سب کام درست ہونگے۔ اور دشمنوں سے ڈرنا چاہیئے۔

(ی) یوم تبیض وجوه وتسود وجوه۔ تیری سب سب حاجتیں پوری ہونگی اور سب وقت خوشی و راحت سے گذرے گا۔

شیراز نوری بک ڈپوئی دہلی

ہماری شائع کردہ سورتیں اور مجموعہ جات جلی قلم، معیاری
چھپائی اور خوبصورت و مضبوط جلد بندی میں اپنی مثال آپ ہیں!

- مجموعہ وظائف دلائل الخیرات مترجم ○ یازدہ سورہ مترجم
- مجموعہ وظائف کامل مترجم ○ پنجسورہ مترجم

اپنے والدین اور عزیز واقارب کے ایصال ثواب کے لئے
سورتیں یادعائیں چھپوانے کے لئے ہم سے رجوع کریں

شیراز نوری بک ڈپو نئی دہلی